فرہنگ سیاحت نامہ

حصّہ دوم

از حضرت شاداںؔ

فرہنگ سیاحت نامۂ ابراہیم بیگ جلد دوم

جسکو

پنجاب یونیورسٹی لاہور نے نصاب ایم۔ اے و منشی فاضل ۱۹۳۵ء میں

اور آئندہ کے لئے داخل کیا ہے

مصنّفہ

استاذالاساتذہ علامۃ العصر مولانا سید اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی
نقوی بخاری۔ پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور۔ لیکچرار ایم۔ اے کلاسز۔
اینڈ ممبر و ممتحن پنجاب یونیورسٹی و دیگر یونیورسٹیز

حسب فرمائش

شیخ مبارک علی بک سیلر اندرون لوہاری دروازہ لاہور

۱۹۳۵ء

عالمگیر الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام حافظ محمد عالم پرنٹر چھپوا کر شائع کیا

قیمت فی جلد ۸ر

مقدمہ وغیرہ بر سیاحت نامہ

مولّف سیاحت نامۂ ابراہیم بیگ

حاجی زین العابدین آقا تاجر مراغہ مصنّف سیاحت نامہ اصلاً ساؤجبلاق کے خوانین اکراد میں سے تھے۔ اور اباً عن جدٍّ ایک مدّت سے مراغہ میں تجارت کیا کرتے تھے۔ اہلِ مراغہ میں اُن کا خاندان متموّل شمار کیا جاتا تھا۔ آٹھ ۸ برس کی عمر میں ایک مدرسہ میں داخل کئے گئے۔ اور سولہ ۱۶ برس کی عمر میں اپنے باپ کے کاروبارِ تجارت میں ہاتھ بٹانے لگے۔ ظاہر ہے، کہ اِس آٹھ سال کی مدّت میں کتنی تعلیم ہوئی ہوگی۔ بیس ۲۰ برس کی عمر میں تجارت کیلئے اردبیل بھیج دیئے گئے۔ وہاں امیرانہ ٹھاٹ کے ساتھ زندگی بسر کرنا شروع کی۔ رفتہ رفتہ تجارت ماند پڑتی گئی۔ اور تنگیٔ معاش لاحق حال ہوئی۔ باپ کے مرنے اور تجارت کے بگڑنے پر مجبوراً اپنے بھائی کے ساتھ قفقاز پہنچے۔ اور شہر کتابس میں قیام کیا۔ اور یہاں پھر تجارت شروع کی۔ بدقسمتی سے دوبارہ تجارت میں گھاٹا ہُوا۔ لہٰذا وہاں سے کریمیا پہنچے۔ کبھی کبھی اسلامبول (قسطنطنیہ) سے مال لاکر پھیری میں بیچا کرتے تھے۔ جب اِس طرح کچھ رقم ہاتھ لگی تو یالٹا میں جاکر ایک دوکان کھولی۔ اور سچائی میں آپکا نام مشہور ہُوا۔ یہاں تک ترقی کی، کہ شاہی خاندان کے لوگ اور اراکینِ سلطنت اُن کی طرف بہت توجہ کرتے تھے۔

یالٹا میں رُوس کی رعیّت بنے۔ اور عزّت وشان کے ساتھ زندگی بسر کرتے تھے۔ چند سال کے بعد قسطنطنیہ آکر شادی کی، اور بیوی کو ساتھ لیکر یالٹا پلٹ آئے۔ پندرہ برس تک یہیں تجارت کرتے رہے۔ پھر یالٹا کو

خیر باد کہہ کے قسطنطنیہ چلے گئے۔ اور وہاں سے حج بیت اللہ کا قصد کیا۔ حج سے پلٹنے کے بعد ۱۹۰۴ء میں بڑی کوشش سے رُوس کی رعیت ہونے کو ترک کر کے پھر ایرانی رعایا ہونا قبول کیا۔

حاجی زین العابدین نے اگرچہ کوئی اعلیٰ تعلیم نہیں پائی تھی۔ اور فارسی بھی کوئی اعلیٰ مرتبہ کی نہیں رکھتے تھے۔ مگر تحریر سے عدم معلومات کے آدمی نہیں پائے جاتے ہیں۔ خیالات کا بلند ہونا تو اِس کتاب سے خوب واضح ہوتا ہے۔ سیاسی معلومات خوب رکھتے ہیں۔ حبِ وطن کے جذبے کی تو کوئی انتہا ہی نہیں ہے۔ جس نے اِس کتاب کے لکھنے پر آپکو آمادہ کیا۔ اہلِ کمال کی صحبت اور اُن سے خط و کتابت کو بہت عزیز رکھتے تھے۔

۱۸۸۷ء میں ایک فرضی نام سے جلد اوّل سیاحت نامہ ابراہیم بیگ کے مسوّدات مؤیدالاسلام جلال الدین الحسینی مدیر اخبار حبل المتین کلکتہ کی خدمت میں بھیجے۔ تاکہ اصلاح عبارت و معنی کر کے واپس کر دیں۔ ۱۸۸۸ء میں یہ سیاحت نامہ قسطنطنیہ کے مطبع اختر میں چھپا۔ چونکہ یہ سیاحت نامہ بحیثیت شیرینی بیان و راستی گفتار مرغوب طبع اہل ایران واقع ہوا تھا۔ اِس لئے باوجود ممانعت اشاعت سلطنت ایران طبع اوّل کے تمام نسخے تھوڑی سی مدت میں بِک گئے۔

پھر ۱۸۹۰ء میں مطبع حبل المتین کلکتہ میں یہ جلد اوّل چھپی۔ طبع اوّل اور دوم میں سیاسی مصلحت کی بنا پر سنہ اور مقام طبع کا اعلان نہیں کیا گیا ۱۹۰۶ء میں مطبع مظفری بمبئی میں خیالی تصویروں کے ساتھ لیتھو میں چھپا۔ چوتھی مرتبہ پھر ٹائپ میں بورڈ آف اگزامنرس کلکتہ کی طرف سے چھپکر شائع ہوا ہے۔ یہ بھی مطبع حبل المتین میں چھپا ہے۔

جلد دوم سیاحت نامہ ۱۹۰۶ء میں اور جلد سوم ۱۹۰۹ء میں حضرت مویدالاسلام مرحوم کی تصحیح ضروری کے ساتھ مطبع حبل المتین کلکتہ میں چھپکر شائع ہوئیں - اور حال میں جلد سوم قسطنطنیہ میں بھی چھپی ہے - جو خطوط دفتر اخبار حبل المتین میں موصول ہوئے ہیں - اُن سے ایسا معلوم ہوتا ہے - کہ علمائے یورپ جلد اوّل کا ترجمہ انگریزی اور فرانسیسی میں کر رہے ہیں - تاثیرِ مقال و نفاستِ خیال کیوجہ سے یہ کتاب اِس درجہ مرغوب طبائع واقع ہوئی - کہ ایران کی محترم خواتین اِسکو پڑھ پڑھ کے وجد کرتی ہیں -

اِس کتاب کی تالیف سے اصلی غرض مُولف کی یہ ہے - کہ سلطنت اِستبدادیّت اور اس کے عیوب اور طرزِ ناپسندیدہ حکومت اسکو دکھا کر اِصلاح کی تمنّا کی جائے - اور قوم ایرانی میں بیداری پیدا کر کے طلبِ حقوق میں اُسے اُبھارا جائے - اِس کتاب سے نتیجہ مطلوب ایران میں حسبِ لخواہ پیدا ہوا -

یہ کتاب اگرچہ افسانہ ہے - اور ایک فرضی شخص ابراہیم بیگ کو پہلوانِ داستان (ہیرو) قرار دیا گیا ہے - مگر اس کے بیانات صحت و حقیقت پر مبنی ہیں - اور پولٹیکل باتیں جن کا ذکر اس کتاب میں ضمناً آیا ہے - اس زمانے کی سیاسی ضرورتوں کے موافق ہیں - کاش کہ حاجی زین العابدین مؤلف سیاحت نامہ اور فرضی ابراہیم بیگ اس زمانہ میں ہوتے، تو دیکھ دیکھ کے خوش ہوتے، کہ رضا شاہ پہلوی شہنشاہِ ایران نے اُن کے حسب منشار ایران کی کیسی کایا پلٹ کر دی ہے -

اِس کتاب کے مُولف حاجی زین العابدین نے ۱۹۱۰ء میں قسطنطنیہ

میں بہتّر برس کی عمر میں اِنتقال کیا - اِس حساب سے اُن کا سنِ پیدائش ۱۸۳۸ء قرار پاتا ہے - چونکہ وہ علمی آدمی نہ تھے - اِسلیئے صرف یہی کتاب سیاحت نامہ جس کو سیاست نامہ کہنا زیادہ موزوں و مناسب ہوگا اپنی یادگار چھوڑی ہے -

مصنّف کے حالات جِلد سوم میں درج ہیں - یہ جِلد نہ میرے پاس ہے - اور نہ یونیورسٹی لائبریری لاہور میں ہے - اِس لئے آقا محمد کاظم صاحب شیرازی معلم زبان فارسی بورڈ آف اگزامنرس کلکتہ (حال مقیم دہلی) نے ۱۹۱۰ء میں جِلد اوّل کے شروع جتنا لکھا اُسی پر مجھے بھی اِکتفا کرنا پڑا - فقط

شاداں بلگرامی

لاہور
۲۰ فروری ۱۹۳۵ء

نوٹ - ابھی یہ کتاب چھپنے نہ پائی تھی - کہ تیسری جلد بھی دیکھنے میں آئی حالات مرقومہ پر اسمیں بہت کم اضافہ ہے - اور کوئی اہم بات زیادہ نہیں ہے - اِس جلد تک آتے آتے خزانۂ تخیل ختم ہوگیا - اور زورِ قلم جاتا رہا - اِس جلد میں صرف یہ بیان ہے - کہ یوسف - ابراہیم و محبوبہ کو عالمِ خواب میں اعلیٰ مراتب بہشتی پر فائز دیکھتا ہے - اور خواب ہی میں اُن سے ملتا ہے - لطف کتاب میں شعراء ایران کی ناقص لائف اور انتخاب کلام ہے -

(۱۰ جون ۱۹۳۵ء)

رومانٹک پرسنا (اشخاصِ افسانہ)

۱۔ اِبراہیم بیگ .... ہیرو (پہلوان داستان)

۲۔ یوسف عمو .... اُستادِ ابراہیم بیگ

۳۔ مجوبہ خانم .... چرکس۔ اِبراہیم کی منگیتر

۴۔ حاجیہ خانم .... والدۂ اِبراہیم بیگ

۵۔ سکینہ خانم .... ہمشیرو خواہر حقیقی ابراہیم بیگ

۶۔ مسعود .... خدمت گار

۷۔ قنبر .... باورچی

اِبراہیم بیگ

ابراہیم بیگ اگرچہ ایک فرضی نام ہے۔ مگر یورپ کی تقلید میں اُسکو حقیقی اور وقوعی ثابت کرنے کے لئے اُس کی لائف جلد اوّل میں یُوں بیان کی گئی ہے۔

اِبراہیم بیگ آذربائیجان کے ایک بڑے سوداگر کا بیٹا ہے۔ ابراہیم کا باپ اب سے پچاس برس پہلے بارادۂ تجارت مصر میں آیا۔ اور یہیں سکونت اختیار کرلی۔ دیانت اور امانت کی وجہ سے جو اصلی اسباب ترقی تجارت

ہیں۔ تھوڑی سی مدت میں بہت مالدار ہو گیا۔ صاف باطنی اور خیر خواہیٔ قومی کی وجہ سے توجّہ عمومی اُس کی طرف تھی۔ اگرچہ یہ مرد دیندار درست کار مدّتوں سے مصر میں رہتا تھا۔ لیکن اپنے عادات واطوار قومی کو اُس نے ذرا بھی نہ بدلا تھا۔ چال ڈھال۔ رفتار و گفتار۔ پوشاک و خوراک۔ نشست و برخاست میں جیسا اپنے آباواجداد کو دیکھا تھا۔ اُسی ڈھنگ پر چلتا تھا۔ تعصّبِ قومی میں اِتنا سخت تھا، کہ باوجودیکہ مصر میں برسوں سے رہتا تھا۔ مگر ایک لفظ عربی کا کبھی نہ بولتا تھا۔ بلکہ عربی سیکھنا بھی نہیں چاہتا تھا۔ ہر وقت باتیں ایران کی کیا کرتا تھا۔ اور نغمۂ وطن گایا کرتا تھا۔ خود تو مصر میں تھا۔ مگر دھیان ایران میں لگا رہتا تھا۔ مرزا یوسف جو اُس کے بیٹے ابراہیم بیگ کا اُستاد تھا، کتاب ناسخ التواریخ مصنفہ مرزا احمد اللہ مستوفی سے کیخسرو، جمشید، بہمن، شاہپور ذوالکتاف اور نوشیرواں کے حالات اور داستانیں پڑھ پڑھ کے سناتا تھا۔ اور یہ سُن سُن کے پھُولتا اور خوش ہوتا تھا۔

ہر سال ماہ مبارک رمضان میں چار عرب قاری سے قرآن شریف پڑھوا کے اُس کا ثواب رُوحِ پاک حضرت شاہِ عباس صفوی شہنشاہِ ایران ہمعصر اکبر شہنشاہِ ہندوستان کو بخشا کرتا تھا۔ جن کے آثارِ خیر اب تک ایران میں پائے جاتے ہیں اور خود بھی ہر نماز کے بعد فاتحۂ خیر سے اُن کو یاد کیا کرتا تھا۔ تاریخ نادری کے پڑھنے کا ایسا شائق تھا، کہ بار بار اُس کے پڑھنے سے ساری کتاب اُس کو ازبر ہو گئی تھی۔

اُس کے مرنے پر اُس کا ایک خلف الصدق ابراہیم بیگ نام رہا۔ جس سے میں (مؤلّف) مصر میں مِلا ہوں۔ اور وہی اِس کتاب کا ہیرو ہے۔ اُس کے کتاب خانہ میں مَیں نے کئی جلدیں تاریخ نادری کی مختلف مقامات

کی چھپی ہوئی دیکھیں۔ مَیں نے اِبراہیم بیگ سے پُوچھا! کہ یہ متعدد جلدیں ایک ہی کتاب کی کس غرض سے ہیں؟ اُس نے جواب دیا۔ کہ میرے باپ کی یادگار ہیں۔ اُن کو اِس کتاب سے بہت رغبت تھی۔ اور یہ بات لوگوں کو معلوم ہوگئی تھی۔ جس کسی کو اِس کتاب کا قلمی یا مطبوعہ نسخہ کہیں سے ہاتھ لگ جاتا تھا۔ وہ میرے باپ کے ہاتھ اچھی قیمت پر بیچ جاتا تھا۔ اِن کے علاوہ اِس کتاب کے چند نسخے اَور بھی تھے۔ جن کو میرے باپ نے وقف کر دیا تھا۔ اور وہ اب یہاں نہیں ہیں۔

اِبراہیم کے والد کا قومی تعصّب اِس حد کا تھا۔ کہ اگر کوئی عمداً یا سہواً ایران کی مذمت اُس کے سامنے بیان کرتا، تو اُس کو بے دِین۔ بے حمیّت اور بے غیرت سمجھ کر عُمر بھر اُس سے بات نہ کرتا۔ مصر میں اَور بھی مالدار تاجر ایرانی ہیں۔ جنہوں نے کارپردازانِ ایرانی کے حرکات سے تنگ آکر رُوس، انگریز یا فرانس کی رعیّت ہونا قبول کر لیا ہے۔ اس کو بھی لوگ از رُوئے خیر خواہی نصیحت کیا کرتے تھے۔ کہ تم بھی ایران کی رعیت ہونے سے نِکل جاؤ۔ تاکہ تمہارا مال تمہارے شرعی وارثوں کو ملے۔ اور ایران کا سفیر ہضم نہ کر جائے۔ باوجودیکہ چند بار اس پر کیسے سیدھے الزامات لگا کے اسکو قید بھی کر دیا تھا۔ اور جرمانہ بھی کیا تھا۔ پھر بھی تحمل اور بُردباری سے کام لیکر یہ ترک تابعیت ایران پر راضی نہ ہوتا تھا۔

اگرچہ اس نے ایک بڑا مضبوط وصیّت نامہ شرعی لکھدیا تھا۔ پھر بھی ایک ہزار پونڈ لئے بغیر حاجی مرزا نجف علی سفیرِ ایران مقیم مصر نے اس کا ترکہ ابراہیم بیگ کو نہ دیا۔ اگر وصیّت نامہ میں ذرا بھی گنجائش ہوتی۔ تو ابراہیم بیگ کو ایک حبّہ بھی نہ مِلتا۔

المختصر جب ابراہیم بیگ بیس سال کا تھا۔ تو اُس کے باپ نے انتقال کیا۔ دمِ واپسیں ابراہیم بیگ کو بُلا کر یوں وصیت کی۔ اے فرزند! مَیں نے اپنا حقِ پدری ادا کیا۔ علاوہ زبان مادری و قومی دُوسری زبانیں بھی جو آجکل ایک اِنسان کیلئے ضروری ہیں تم کو سکھائیں۔ تمہاری قابلیت، عفت، دیانت اور خوش اخلاقی میں ذرا بھی شک نہیں۔ اب مَیں قریب مرگ ہوں۔ چند وصیتیں تم کو کرتا ہوں۔ اُنکو گوشِ دِل سے سنو۔ اور اُن پر کار بند ہو۔ یہ تمہاری آئندہ زندگی میں کام آئیں گی۔

اوّل۔ بعد خدا تمہاری ماں کو تمہارے سپرد کرتا ہوں۔ میرے بعد تم کو معلوم ہوگا۔ کہ مَیں نے اور اس نے تمہاری تربیت میں کیا کیا زحمتیں اُٹھائی ہیں۔

دوم۔ چچا مرزا یوسف جو تمہارے معلّم اور مربّی ہیں، اُن سے لطف کیساتھ پیش آنا۔ کیونکہ ماں باپ سے زیادہ اُستاد کا احترام لازم ہے۔ (اِسلیئے کہ والدین ترکیبِ جسمانی کی علت ہوتے ہیں۔ اور اُستاد اصلاحِ نفس کا سبب ہوتا ہے۔) خصوصاً یوسف ایسے شخص کا کہ امین، دیانتدار، نیکوکار اور صداقت شعار آدمی ہیں۔ اور ابتدائے عمر سے ہمارے ساتھ رہے ہیں اُن کو گھر والوں کی طرح سمجھنا۔

سوم۔ عادات و اخلاقِ حمیدۂ قومی کو کبھی نہ چھوڑنا۔ بعض حرامزادے بے غیرت ایرانیوں کو بُرا بھلا کہتے ہیں۔ وہ سراسر جھوٹے ہیں۔ بالفرض اگر سچ بھی ہو تب بھی تم اُن کے ہمزبان نہ ہونا۔

چہارم۔ اپنے راز کو سب سے پوشیدہ رکھنا، گر دوست پاک فطرت سے جس کا وجود کمتر پایا جاتا ہے۔

پنجم۔ خوشامدیوں سے بچتے رہنا۔ جو تمہارے سامنے تمہاری تعریف کرتا ہے۔ وہ تمہیں غرور اور خود بینی سکھاتا ہے۔ جو بدترین صفات مذمومہ انسانیہ ہیں۔

ششم۔ تم کہیں نہ جاؤ، لوگ خود ہی تمہارے پاس آئینگے۔

ہفتم۔ نماز اور دیگر فرائض مذہبی کبھی نہ ترک کرنا۔

ہشتم۔ اتنی سخاوت نہ کرنا کہ مشہور ہو جاؤ۔ نہ اتنا بخل کہ لوگ جان جائیں۔ (خیر الامور اوسطہا) کیونکہ سخاوت میں اگر مشہور ہوئے تو سائل بکثرت تمہارے پاس آئینگے۔ سب کی تمنا پورا کرنا محال ہے۔ اور جب تم نہ دوگے تو تمہارے دشمن ہونگے۔ یہ نصیحت فقرأ و مساکین کے بارے میں نہیں ہے۔ بلکہ خوشامدی قرضخواہوں کی نسبت ہے۔

نہم۔ جو کوئی کچھ کہے، اگر تمہیں اُس کا یقین نہ ہو، تو اُس سے معارضہ و معاوضہ نہ کرو۔

دہم۔ میں تم سے نہایت تاکید کیساتھ کہتا ہوں۔ کہ میرے بعد چھ سات سال تک تجارت نہ کرنا، کیونکہ دولت کثیر میں تمہارے لئے چھوڑے جاتا ہوں اس مدت میں جہاں تمہارا دل چاہے سیاحت کیلئے جانا۔ اِس سفر کے لئے ایک ہزار لیرہ مَیں نے علیحدہ رکھ دیا ہے۔ جس کو دوسرے وارثوں سے کوئی تعلق نہیں۔

یازدہم۔ جب سفر میں جانا اور یوسف زندہ ہوں۔ تو اُن کو سفر میں اپنے ساتھ لینا۔ جس ملک میں جانا وہاں کے اخلاق، درآمد و برآمد مال۔ ملک کی سالانہ آمدنی کی تحقیق کرنا۔ اور جس شہر میں پہنچنا وہاں کے روزانہ کے مشاہدات اور تاریخ ورود و صدور نوٹ بک میں لکھ لینا۔

دوازدھم - میرے دوستوں کا مجھ سے زیادہ احترام کرنا - باقی وصایائی شرعیہ میں نے وصیت نامہ میں لکھدیئے ہیں - اب میں تمکو خدا کے سپرد کرتا ہوں -

باپ کی وفات کے بعد ابراہیم بیگ حسن اخلاق، راستگوئی، پاکدامنی میں مشہور دوست و دشمن ہوگیا - تعصب قومی میں جسے اپنے باپ سے وراثۃً پایا تھا، باپ سے بھی دو قدم آگے بڑھ گیا تھا - چنانچہ اُس کے ظریف ہموطن جب اُسکو مشتعل کرنا چاہتے تھے - تو اُس کے سامنے عدم انتظام ایران، فوجی سپاہیوں کا ننگے پاؤں ہونا - رشوت لیکر ٹھیکوں کا دینا - رعایا پر اُلٹے سیدھے الزامات لگا کر اُن کو قید کرنا - اُن پر جرمانہ کرنا - مسجدوں کا گیارہ مہینے تک ویران رہنا - اور ان میں پھلو نکا رکھنا - علماء کا بد معاشوں سے میل جول رکھنا - اِسی طرح کی اور چھوٹی بڑی باتیں اُس کے سامنے بیان کرتے تھے - بیچارہ اِن باتوں کو سُنکر بگڑ جاتا تھا - کسی کو بے دین، کسی کو بے حمیت بتاتا تھا - بعض اوقات گالم گلوچ اور مار پیٹ کی بھی نوبت آجاتی تھی -

اِس کے خلاف جب کبھی اُسکو خوش کرنا چاہتے تھے - تو قہوہ خانہ میں اُسکے منتظر بیٹھتے تھے - جیسے ہی اُسکو دُور سے آتے دیکھتے، ایران کی تعریف کی باتیں شروع کر دیتے - جب ابراہیم اُس صحبت کو حسب دلخواہ پاتا، تو ہمہ تن گوش ہو کر اظہار مسرت خاطر کے لئے ڈبیہ سگرٹ کی جیب سے نکالکر میز پر رکھدیتا - اور حاضرین سے اُسکے پینے کی خواہش کرتا -

موجودین میں سے کوئی کہتا، کہ شاہ ایران نے ہر شہر میں ہائی اسکولوں اور کالجوں کے کھولنے کا حکم دے دیا ہے - اور حکام ولایات کے پاس احکام پہنچے ہیں - کہ رعایا کے ساتھ عدل و داد کیساتھ سلوک کریں - ظل السلطان کے پاس ہر وقت ایک لاکھ فوج سوار اور پیدلوں کی سامان جدیدۂ حرب کے ساتھ

موجود رہتی ہے۔ ایسی باتوں کو سُنکر مارے خوشی کے پھولوں نہ سماتا۔ قہوہ چی کو برابر آواز دیئے جاتا۔ کہ اِن حضرات کیلئے چائے لاؤ، اور حُقّہ لاؤ۔ اور ختم صحبت پر تمام مصارف خود ادا کرتا تھا۔ بلکہ بعض اوقات سب کو کھانا کھلاتا۔ اور بگھی پر بیٹھ کر سیر کراتا۔ اور سب کے دام خود ادا کرتا۔

حاجی کریم اصفہانی مقیم مصر ایک نقل بیان کرتے تھے۔ کہ ایک وقت میں مجھ پر بڑی مصیبت آپڑی۔ ایک دِن کچھ کھانے کو بھی نہ تھا۔ اور تمام دوست آشناؤں سے قرض لیچکا تھا۔ اب کسی سے ایک پیسہ ملنے کی اُمید نہ تھی۔ مزید برآں چھ مہینے سے مکان کا کرایہ بھی ادا نہ کر سکا تھا۔ ایک عرب کا وہ مکان تھا۔ جو نالش کر کے ڈگری بھی حاصل کر چکا تھا۔ کہ مَیں بارہ ۱۲ اشرفیاں کرایہ کی دیکر مکان خالی کر دوں۔ ہزار منت و سماجت سے دس دِن کی مہلت اُس سے لی۔ اور سوچ میں تھا، کہ کیا کروں۔ یکایک میرے خیال میں آیا، کہ اِس کا چارۂ کار ابراہیم بیگ سے ہو سکے گا۔

اِس مشکل کی حل کیلئے مَیں نے ایک خط لکھکر تیار کیا۔ گویا یہ خط میرے ایک عزیز کا طہران سے آیا ہے۔ پھر حاجی مرزا رفیع تاجر اصفہانی کے پاس جاکر ایک پُرانا لفافہ لے آیا۔ جس پر ڈاکخانہ طہران کی مہر تھی۔ خط کو اُس لفافے میں رکھ کے اُس راستے میں جاکر منتظر بیٹھا۔ جدھر سے روزانہ وقت معین پر ابراہیم گذرتا تھا۔ یہانتک کہ ابراہیم دُور سے آتا دکھائی دیا۔ مَیں نے اُسکو دیکھکر خط نکال کے پڑھنا شروع کیا۔ گویا اُس کو نہیں دیکھا ہے۔ جب میرے پاس پہنچا، تو مَیں نے سر اُٹھا کر اُسے سلام کیا۔ جواب سلام دیکر ابراہیم نے مجھ سے دریافت کیا۔ حاجی! کہاں سے آرہے ہو؟ مَیں نے کہا، کہ ڈاک خانہ سے۔ ایک خط طہران سے میرے نام آیا ہے۔ ابراہیم نے کہا، طہران سے؟ مَیں نے کہا،

جی ہاں! پھر اُس نے پوچھا، کوئی نئی بات ہے؟
مَیں نے کہا، گو ابھی پُورا خط مَیں نے نہیں پڑھا ہے۔ لیکن نام بادشاہ وغیرہ دکھائی دیتا ہے۔ نہایت بےچینی سے کہنے لگا۔ چلو، قہوہ خانے میں چل کے ایک پیالی چائے پئیں۔ اِتنے میں تم خط بھی پڑھ لو، تو دیکھیں کیا خبر ہے۔ مَیں نے کہا، اگرچہ مجھے کام بہت سے ہیں۔ مگر تم اخبار طہران کے سُننے کے بہت مشتاق رہتے ہو، لہٰذا کیا مضائقہ۔ ہم قہوہ خانہ میں داخل ہوئے۔ فوراً قہوہ اور حُقہ کا حکم دیا۔ اور مَیں نے اِبتدا سے اس خط کو پڑھنا شروع کیا۔

مضمونِ خط

برادرِ مکرم! آپ کا خط ملا۔ آپ کی سلامتی سے دل خوش ہوا۔ پچیس اشرفی کی ہُنڈی حاجی عبدالرزاق تاجر اسکوبی کے نام آپ نے بھیجی تھی۔ مبلغ مذکور وصول کر کے بموجب حکم محمد رضا مشہدی کے نام اصفہان میں وہ رقم بھیجدی۔ تاکہ وہ دس اشرفیاں تمہارے گھر میں دے دیں۔ اور پندرہ اشرفیاں قرضے میں دے دیں۔ وہ خود بھی تم کو لکھیں گے۔ اور کوئی بات قابلِ تحریر نہیں۔

چند دِن قبل ایک اہم مسئلہ پیش آیا۔ قریب تھا کہ حکومت ایران سلطنت انگریزی سے اعلانِ جنگ کر دے۔ بلکہ اعلان کر بھی دیا تھا حال ہی میں کچھ فیصلہ ہو کر ذرا اطمینان ہوا۔ واقعہ یہ ہے۔ کہ ایک مسئلہ سیاسی کا جواب وزیر مختار انگریز نے صدرِ اعظم کو بے احترامی سے دیا۔ شہنشاہ ایران نے وزیر خارجہ کو تاکیدی حکم دیا۔ کہ فوراً لندن کو تار دیا جائے۔ کہ سفیر کو ایک ہفتہ کے اندر معزول کر کے لندن بلا لیا جائے۔ ورنہ دوسرے ہفتہ میں ہماری فوج

بعزمِ تسخیرِ ہندوستان ہرات کی طرف سے حرکت کرے گی۔ سفیرِ جرمنی درمیان میں پڑا۔ اور یہ قرار پایا۔ کہ سفیرِ انگلش صدرِ اعظم سے بالاعلان معافی مانگے۔

اِس خبر کو سُنکے ابراہیم کی حالت دیکھنے کے قابل تھی۔ مارے خوشی کے مُنہ سے بات نہ نکلتی تھی۔ حاجی کریم خط پڑھنے کے بعد جانا چاہتا ہے۔ ابراہیم کہتا ہے۔ بیٹھو! کہاں جاؤ گے۔ کھانے کا وقت ہے۔ کھانا کھالو تو پھر جانا۔ حاجی جواب دیتا ہے۔ نہیں۔ مجھے بہت سے کام ہیں۔ مَیں رُک نہیں سکتا۔ حاجی چلا جاتا ہے۔

ابراہیم دوسرے دِن عادت کے خلاف گھر سے سویرے نکلتا ہے تاکہ اگر کوئی دوست مِل جائے، تو کل کی خبر اُس سے بیان کرے۔ جب کوئی دوست نہ ملا، تو حاجی کریم کو ڈھونڈھنے لگا۔ حاجی کریم سمجھ چکا تھا۔ کہ میری باتیں ابراہیم پر اثر کر چکی ہیں۔ اور وہ میری تلاش میں ہو گا۔ اُس دِن گھر سے نہ نکلا۔ تاکہ ابراہیم کو اور زیادہ مشتاق بنائے۔ جب ابراہیم کو کوئی نہ ملا، تو مجبوراً مایوسانہ حالت میں واپس گھر واپس آیا۔ اور رات بڑی بے چینی سے کاٹی۔ دوسرے دِن موافق عادت گھر سے نکلا۔ اور ایک بڑے قہوہ خانہ میں جا کر بیٹھا۔ حاجی کریم تو اُسکی تاک ہی میں تھا، دُور سے ابراہیم کو قہوہ خانہ میں بیٹھا دیکھکر چاہتا ہے۔ کہ آگے بڑھ جائے۔ ابراہیم اُسے دیکھکر حاجی حاجی کہکر پکارتا ہے۔ بعد سلام وجواب ابراہیم پوچھتا ہے۔ کہاں جاتے ہو۔ حاجی کہتا ہے۔ کہ مجھے اِدھر کچھ ضروری کام آپڑے ہیں۔ انکے سرانجام کی فکر میں ہوں۔

اِبراہیم کہتا ہے۔ ذرا بیٹھو چائے پیؤ۔ مجھے معلوم ہے۔ کہ تم کوئی دوکاندار نہیں ہو۔ اور نہ کسی کے نوکر ہو۔ پھر اِتنے نخرے کیوں کرتے ہو۔ حاجی نے کہا یہ سچ ہے مگر ایک غریب حرامزادے کا میں قرضدار ہوں۔ اور اُتنا ہی روپیہ مجھے ایک دوسرے

شخص سے لینا ہے۔ شروع ماہ میں دینے کو کہتا ہے۔ مگر مجھے اپنا قرضہ آج ہی شام کو دینا ہے۔ اور روپیہ میرے پاس نہیں۔ مجھے خوف ہے۔ کہ کہیں رستہ میں اُس سے مڈھ بھیڑ نہو جائے۔ اور وہ سختی کرے، تو آپ کو بھی شرمندگی ہوگی۔ اور میری رسوائی ہوگی۔

ابراہیم پوچھتا ہے قرضہ کتنا ہے۔ حاجی کہتا ہے۔ صرف پندرہ اشرفیاں۔ ابراہیم کہتا ہے۔ یہ تو کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ قہوچی سے قلمدان مانگتا ہے۔ اور جیب سے چک بُک نکال کے ایک چک پندرہ اشرفی کی لکھ کر دیدیتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ جب جی چاہے بنک سے اسے بھنا لینا۔ اور جب تمہارا قرضہ ملجائے، تو ادا کر دینا حاجی اظہارِ تشکر کر کے پرونوٹ لکھ دینا چاہتا ہے۔ ابراہیم کہتا ہے۔ اِس کی ضرورت نہیں۔ اور طہران والا خط حاجی سے مانگتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ یہ حرامزادے ایران کے بارے میں کیا کیا جھوٹ بکا کرتے ہیں۔

اِس حکایت سے ابراہیم کا تعصّب قومی اور بھی ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اسکندر نے چونکہ ایران کو تباہ کیا۔ اور استخر میں آگ لگادی۔ اور دارا کو قتل کیا۔ اِس لئے اسکندریہ کا کبھی نام نہ لیتا تھا۔ اگر اس کے نام لینے کی ضرورت آپڑے تو بندر بر مصر کہتا۔ ممکن ہے، کہ بعضے کو تہ نظر اُس کی اِس حالت کو حمیّت جہالت اور تعصب بیجا پر محمول کریں۔ مگر ایسا نہیں۔ یہ ہموطن اگرچہ جوان ہے۔ مگر تجربہ کار صحبت یافتہ کامل خردمند۔ ہوشیار۔ وضع زمانہ سے باخبر۔ تربیت یافتہ اور مہذب ہے۔ صرف اتنی بات ہے۔ کہ نام ایران سُنکر بے اختیار ہو جاتا ہے۔ اور عشق وطن اس پر مستولی ہے۔ اس لئے اپنے معشوق کا نام زشتی کیساتھ نہیں لے سکتا۔ اور یہ خود دلیل اُس کے اخلاقِ حسنہ کی ہے۔ (حُبُّ الوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ)

یوسف عمو

یوسف ابن عبداللہ کا مسقط الراس صوبہ تبریز کا دہ خانقان تھا۔
یوسف کا چچا تبریز میں رہا کرتا تھا۔ اس لئے یوسف کا باپ اُس کی نو برس کی عمر میں تبریز میں لے جاکر اُس کے چچا کے سپرد کر آیا۔ اُس کے چچا نے محلہ کے ایک مکتب میں اُسے بٹھا دیا۔ وہاں آٹھ سال تک علومِ دینیہ پڑھتا رہا۔ اور چار سال تک ایک مدرسہ میں صرف و نحو کی تکمیل کی۔ خطِ نستعلیق میں بھی اچھی مہارت پیدا کرلی۔

جب بیس سال کا ہُوا۔ تو اُس کے باپ میں آگے تعلیم دلانے کی استطاعت نہ تھی۔ تبریز آکر اُسے مدرسہ سے اُٹھا لیا۔ اور اپنے ساتھ تفلیس لے گیا۔ ایک سال تفلیس میں قیام کیا۔ اس کے بعد یوسف نے اپنے پدر مرحوم سے خواہش کی، کہ اس کو اسلامبول جانے کی اجازت دے۔ باپ نے اجازت دے دی، اور وہاں پہنچکر یوسف کی ملاقات ایک ہم شہری سے ہوئی۔
حالات پُرسی کے بعد اُس نے کہا، کہ اسلامبول مفلسوں کے ٹھہرنے کی جگہ نہیں۔ لہذا بہتر ہے۔ کہ ہم تم مصر چلیں۔ اس کی تجویز پر عمل کرکے یوسف مصر آیا۔ اور دو تین ماہ تک حتی الامکان تحصیلِ معاش میں سعی کرتا رہا، یہاں تک کہ یوسف کو معلوم ہُوا۔ کہ ابراہیم بیگ کے باپ کو ایک محرّر کی ضرورت ہے۔ تو وہ اُس کے پاس گیا۔ بعد امتحان اُسے منظور کرلیا۔ وہ اس کی محرّری کیا کرتا تھا۔ اسوقت تک ابراہیم پیدا نہیں ہوا تھا۔ چند ماہ بعد اللہ نے اُسے ابراہیم بیگ عطا فرمایا
حاجی اُس کے ساتھ اِس قدر محبّت کرتا تھا۔ کہ اُس کو بھائی

[یادداشت - بھائی (ترکی)] کہا کرتا تھا۔ یہانتک کہ ابراہیم بیگ آٹھ سال کا ہوا تو اُسے مکتب میں داخل کیا۔ عربی، فرانسیسی اور انگریزی مدرسہ میں پڑھتا تھا، مگر فارسی اور خوشنویسی کی تعلیم یوسف دیتا تھا۔ پھر نوبت یہ آئی۔ کہ ابراہیم کی تعلیم و تربیت کے سوا اس کے ذمہ کوئی اور کام نہ تھا۔ اور حاجی نے ایک نوکر یوسف کے لئے مخصوص کر دیا۔ ہر طرح کی راحت و آرام یوسف کے لئے مہیا تھی بڑی کوشش اور اصرار کیا، کہ یوسف اپنی شادی کر لے۔ لیکن وہ راضی نہ ہوا۔ مگر حاجی کے گھر میں مختار کل تھا۔ کسی کو اس سے کچھ مطلب نہ تھا۔ اس کی محبت تربیت ابراہیم پر منحصر تھی۔ یوسف کہتا ہے، کہ میں یہ دعوی نہیں کرتا ہوں۔ کہ ابراہیم کی تربیت میں نے کی، کیونکہ وہ جوان خود از روئے فطرت قابل و مستعد تھا۔ اُس کو خلاق عالم نے اپنی قدرت کاملہ سے قابل و کامل و با ترتیب پیدا کیا تھا۔ چنانچہ حسن اخلاق و آداب محاورہ و مکالمہ و شرم و حیا و فروتنی و تواضع میں بے نظیر تھا۔ اور حسن و جمال۔ قد و قامت۔ چشم و ابرو۔ خط و خال رفتار و گفتار۔ ملاحت و صباحت میں اپنے زمانہ کا یوسف تھا۔

وہ تھا ماہرو ساتھ ہی سرو قد فراست کی اُسکی نہ تھی کوئی حد
نجابت میں اور اصل میں بینظیر صفات اُسکے تھے سب کے سب دلپذیر

مصر کی ہزاروں عورتیں اور لڑکیاں زلیخا کیطرح اس عزیز مصر کے جمال بیمثال کی مجنون اور مفتون تھیں۔ لمو تاک لگائے رہتی تھیں کہ اگر موقع ہاتھ لگے، تو اُسکے پیراہن عصمت کو چاک کر ڈالیں، مگر یہ جوان پاک دامن اس قسم کی باتوں سے اصلا خبردار نہ تھا۔

محبوبہ

اس کو چھ برس کی عمر میں بنام چرکس خریدا گیا تھا۔ ترکوں اور عرب میں اس قسم

کی کنیز رکھنا بہت عام ہے۔ کہ چھوٹی عمر میں خرید کر اس کی تربیت کرتے ہیں اور جوان ہونے پر مثل اولاد اسکی شادی کر دیتے ہیں۔ بعضے اپنے ساتھ یا اپنی اولاد کے ساتھ اُسکی شادی کر لیتے ہیں۔ اصلی نام تو اس لڑکی کا معلوم نہیں، لیکن والدۂ ابراہیم نے اُس کا نام محبوبہ خانم رکھا تھا۔ یہ محبوبہ بہت سمجھدار، فرلیس اور ہوشیار تھی، تھوڑی سی مدت میں بہت سے کمالات سیکھ لیئے۔ تعلیم حاصل کر لینے کے بعد اسکو اور چیزوں کی تعلیم دی گئی۔ کھانا پکانا۔ اور امورِ خانہ داری میں بھی کمال حاصل کر لیا۔

پھر والدۂ ابراہیم بیگ نے ایک معلمہ گھر پر رکھ کے اُس کو علمِ موسیقی سکھلوایا۔ جیساکہ اِس زمانہ میں دستور ہے۔ کہ تربیت یافتہ خواتین کے لیئے فنِ موسیقی ایک حد تک لازم اور ضروری ہو گیا ہے۔ محبوبہ کو والدۂ ابراہیم بیگ نے چودہ برس کی عمر میں آزاد کر دیا۔ اور خانم کا خطاب دیا۔ اور گھر کے کل لوگوں کو چاہے وہ اولاد ہو یا نوکر چاکر تاکید کر دی، کہ کوئی بغیر لفظ خانم کے اُس کا نام نہ لے۔ یا خانم کو چک کہے۔ اِن امور سے ظاہر ہے۔ کہ اس کا ارادہ ابراہیم کے ساتھ اُسکی شادی کرنے کا تھا۔ کیونکہ مصر میں ایسی حسین باکمال کمتر پائی جاتی تھی۔ بلکہ نادرۃ الامثال تھی۔ اگر محبوبہ کی کسی دوسرے کے ساتھ شادی کی جاتی، تو وہ شاہزادگانِ عظام کی ہمسری کے لائق تھی۔

ظاہر ہے۔ کہ مصر و اسلامبول میں اکثر شاہزادوں کی بیویاں تعلیم و تربیت یافتہ دخترانِ چرکس ہی ہیں۔ محبوبہ علاوہ وجاہت اور معرفت کے عورتوں میں محبت اور تعصب ایرانیان کیوجہ سے خاص ممتاز تھی۔ گویا تعصب ابراہیم اُسکے دِل میں سرایت کر گیا تھا۔ کل اہلِ ایران کے ساتھ بہت مہربانی سے پیش آتی تھی۔ چنانچہ چھٹپنے میں جب کوئی دروازہ کھٹکھٹاتا، تو یہ کواڑوں کے پیچھے جا کر ایک

پٹ کو ذرا سا کھولکر دیکھتی، اگر عجمی ہوتا، تو اُسکے لباس اور بات چیت سے معلوم کر کے کہتی بسم اللہ تشریف رکھئیے۔ اُس کو بُلا کر مردانہ کمرے میں بٹھاتی۔ اور زنانہ میں اطلاع کرتی۔ اگر عرب یا ترکی ہوتا، تو دروازہ بند کر کے پوچھتی، تم کون ہو، اور کیا کام ہے۔ جب غرض معلوم کر لیتی، تو اندر آ کے خبر دیتی، چاہے وہ عرب کا گورنر ہی کیوں نہوتا۔ اسکے ساتھ ایسا ہی سلوک کرتی۔ سب اسکے رنگ ڈھنگ پر ہنستے تھے۔ اور طرفداریٔ ایران میں مشہور ہو گئی تھی۔

المختصر سب میں بات مشہور ہو گئی تھی۔ کہ محبوبہ کبھی ابراہیم بیگ کی محبوبہ ہو گی۔ اِس لئے کسی کو منگنی لانے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ اور محبوبہ بھی اِس بات کو سمجھ چکی تھی۔ لہذا ابراہیم سے عشق کرتی تھی۔ یوسف عمو کہتے ہیں، میں نے کبھی محبوبہ کو نہ دیکھا، کہ وہ ابراہیم بیگ کو دیکھے، اور اس کے رُخسار مثلِ گُل شگفتہ نہ ہو جائیں، لیکن ابراہیم عشق و عاشقی کی باتوں سے بالکل ناآشنا تھا۔ یہ محبوبہ اٹھارہ سال کی تھی، جب ابراہیم بیگ اور یوسف نے ایران کا سفر کیا۔ اور اِس افسانہ کی ہیروائن ہے۔

حاجیہ خانم ابراہیم کی ماں، بہت سلیقہ شعار، مواظب طاعات باشرم و حیا دیندار عصمت مآب اور منتظم عورت ہے۔ خوش خلقی بلند ہمتی اور تہذیب و سخاوت میں بھی اپنی آپ نظیر ہے۔

سکینہ خانم ابراہیم کی بہن، بارہ برس کی لڑکی ہے۔ اپنے بھائی کو بہت چاہتی ہے۔ عشق و عاشقی سے بالکل بے خبر ہے۔

حاجی مسعود حبشی غلام ہے۔ ابراہیم کے باپ نے اسے دس برس کی عمر میں خریدا تھا۔ جب پدر ابراہیم حج کے لئے مکہ معظمہ جا رہا تھا۔ تو اُسے آزاد کر کے اپنے ساتھ لے گیا۔ اِسلئے حاجی مسعود ہو گیا

ایک خدمتگار صادق - کاروان - وفادار - مطیع - بہی خواہ آقا ہے - اس کے علاوہ چند مرد اور عورت خدمتگار تنخواہ دار ہیں - کچھ ان میں سے وقتِ ضرورت بدل بھی جاتے ہیں - اور اُن کو اُن کی پاک فطرتی کے موافق انعام بھی مِلا کرتا ہے اہلِ خانہ میں شمار صرف چھ آدمیوں کا ہے - (۱) حاجیہ خانم - (۲) ابراہیم بیگ (۳) محبوبہ خانم (۴) سکینہ خانم (۵) مرزا یوسف عمو (۶) حاجی مسعود - (قنبر باورچی کا نام ہے)

کتاب سیاحت نامۂ ابراہیم بیگ جلد دوم

اِس سے پہلے اِمتحان ایم اے پنجاب یونیورسٹی میں جلد اوّل اِس سیاحت نامہ کی داخل تھی - ۱۹۳۱ء میں مَیں نے اسکی بھی فرہنگ لکھی تھی - جو چھپ چکی ہے اب پنجاب یونیورسٹی نے اس سیاحت نامہ کی جلد دوم داخلِ نصاب ایم اے - و - منشی فاضل کی ہے - اِس لئے اِس کی بھی فرہنگ مجھ کو لکھنا پڑی - چونکہ اِمتحان میں کریٹیکل کوسچن (سوالاتِ اِنتقادی) بھی ہُوا کرتے ہیں - اِسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اصل کتاب سے بھی کچھ بحث کی جائے -

جناب آقا محمد کاظم صاحب شیرازی ممبر لورڈ آف اگزامنرس کلکتہ - اور حضرت مویدالاسلام جلال الدین الحسینی مرحوم مدیر اخبار فارسی حبل المتین کلکتہ کی تحریرات سے ظاہر ہے - کہ یہ کتاب صرف ایک افسانہ ہے - جس کو حاجی زین العابدین ساؤجبلاغی تاجر مراغہ نے تصنیف کیا ہے - اور مویدالاسلام سے اس کی تصحیح و ترمیم کرائی گئی ہے - کیونکہ مویدالاسلام بڑے سیاست دان آدمی تھے - اُنھوں نے اِس کتاب میں جابجا مناسب محل پر اخبار حبل المتین کا بھی ذکر کیا ہے -

موضوع اِس قصہ کا یہ ہے۔ کہ سلطنت ایران کی بدانتظامی دکھا کر اسکو اصلاح کی طرف متوجہ کیا جائے۔ اور قوم کو خوابِ غفلت سے بیدار کرے۔ تاکہ متنبہ ہو کر قوم حقوق طلبی میں ساعی ہو۔ اگر نتیجہ موافق مقصود برآمد ہو۔ تو بعد اصلاح ایران بھی ایک متمدن ملک ہو کر آزادانہ راحت کی زندگی بسر کرے۔ اور اسباب ترقی ملک و قوم مہیا ہو جائیں۔ اور ایرانیوں کا بھی بیدار قوموں میں شمار ہونے لگے۔ بطور نمونہ زیادہ تر جاپان کو پیش کیا گیا ہے۔

افراد کی طرح اقوام کو بھی عروج و زوال۔ صعود و ہبوط سے چارہ نہیں، ایک زمانہ وہ تھا کہ ایران تمدن و تہذیب کا مرکز تھا۔ یونان، مصر و عرب پر انکی حکومت تھی۔ دوسروں نے ان سے علم مملکت داری اخذ کیا۔ یا اب وہ زمانہ آگیا، کہ اسکے خوابِ غفلت سے دوسری بیدار قومیں اُسکی طرف چشم طمع لگانے لگیں۔ جب کسی قوم کا شعار خود غرضی، نفع شخصی، آرام طلبی ہو جاتا ہے۔ تو پھر وہ قوم پستی میں پڑجاتی ہے۔ اور غیر اقوام کے لوگ اُسکی غفلت سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھا لیتے ہیں۔

آجکل کے جدید تعلیم یافتہ سیاست دان افراد میں سے اکثر ونکا خیال ہے کہ مذہب ترقی دنیوی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ مطلقاً اِس مسئلہ کو صحیح نہیں کہا جاسکتا چنانچہ ابتدائے اِسلام میں باوجود پابند مذہب ہونے کے مسلمانوں نے اور حال میں جاپانیوں نے دنیاوی ترقی کیسے کی۔ جس ملک میں ایک مذہب کے لوگ ہوں، وہاں مذہب ہرگز مانع ترقی نہیں ہو سکتا۔ البتہ جس ملک میں مختلف مذاہب کے لوگ بستے ہوں، تو تصادمِ معتقدات سب کو متحد نہیں ہونے دیتا۔ اور بغیر اتحاد ترقی محال ہے۔ پھر بھی کارکنانِ سلطنت اگر بیدار مغز ہوں۔ اور اصولِ مملکت داری سے واقف تو اپنی قوتِ تدابیر سے وحدتِ فہری کی سلک میں اقوامِ مختلفہ کو منسلک

رکھ سکتے ہیں۔ اِتحادِ قومی۔ وطن پرستی، بہی خواہی ملک بڑے اسبابِ ترقی ملک و ملّت ہیں۔

ہیرو (پہلوانِ داستان) اِس افسانہ کا ابراہیم بیگ کو جو ایک فرضی شخص ہے، قرار دیا گیا ہے۔ جس کو متمدّن، مہذب، تعلیمیافتہ، سیاست دان، ضروریات زمانہ سے واقف اور اعلیٰ درجہ کا وطن پرست جس کا جذبہ وطن پرستی حدِ جنون تک پہنچ گیا ہے۔ بتایا گیا ہے۔ ساتھ ہی۔ متحمل۔ بردبار۔ جفاکش، اور دیندار بھی ہے۔

عبارت و مضمون عبارت سادہ، متین اور سنجیدہ ہے، چونکہ افعال مکروہیدہ کا بیان کرنا مقصود ہے۔ اِسلئے اگر کوئی اِس طرح کے واقعہ کے بیان کرنیکی ضرورت آپڑی ہے۔ تو عبارت آجکل کی تہذیب سے گر گئی ہے۔ مثلاً بیانِ واقعہ ثاپ شوپ و شلف لف جو حبل المتین ایڈیشن میں موجود ہے۔ اور مبارک علی والے ایڈیشن سے حذف کر دیا گیا۔ کیونکہ آجکل کی تہذیب کے خلاف تھا۔ صنائع و بدائع سے کام نہیں لیا گیا۔ تضمین اشعار و اقوال۔ و اقتباس آیات و ترجمہ نہج البلاغہ سے کتاب کو دلچسپ اور بات کو مستدل بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

جلد اوّل میں ابراہیم کے سفرِ ایران و اسلامبول کا ذکر ہے۔ حکّامِ ایران کی رشوت ستانی، قوم فروشی، جبّاری، ظلم، تمرّد، فرعونیت، خود غرضی، عیش پرستی اور قوم کی حرکاتِ ناشائستہ کا بیان ہے۔ اور سلطنت کی بد انتظامی کو خوب دِل کھول کر ظاہر کیا گیا ہے۔

جلد دوم میں حاجیہ خانم کے مادرانہ جذبات اور محبوبہ خانم کے عشقیہ جذبات کو نہایت مؤثر طریقے سے ادا کیا گیا ہے۔ جس کے پہلو میں، درد بھرا دِل ہو

نوان بیانات کو پڑھکے بے اختیار اس کی آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑیں گے۔
اس کے خاتمے اور لاحقہ میں اصلاح ملک کی صورتیں بھی بیان کی ہیں۔زیادہ تر نمونۂ
جاپان ہی کو پیش کیا گیا ہے تیسری جلد ہمنے نہیں دیکھی لہذا اسکی نسبت کیا اظہار خیال کریں
بیانات سے مصنف اچھا خاصا پڑھا لکھا معلوم ہوتا ہے۔گو اسکی لائف میں
اس کی تعلیم معمولی بتائی گئی ہے۔دوسری سلطنتوں کی سیاسی چالوں سے
بھی خوب واقف معلوم ہوتا ہے۔چونکہ سارا بیان سیاسیات پر مبنی
ہے۔لہذا سیاسی لوگ ایران کے ہی خواہ اس سے زیادہ حظ اٹھا سکتے ہیں
عام طبائع کیلئے زیادہ دلچسپ نہیں۔مفرس کئے ہوئے فرانسیسی الفاظ عبارت
میں اکثر صرف کئے گئے ہیں۔یا قدیم فارسی و عربی کے الفاظ ہیں۔زبان حال
فارسی کا سرمایہ اسمیں بہت کم ہے۔تراکیب جمل البتہ جدید ہیں۔ترکی کی کل نظمیں
اس لاہوری ایڈیشن سے نکالدی گئیں۔
اس زمانہ کے سیاسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے روسی اور انگریزی سیاست کو بھی
اچھی طرح بیان کرکے سلطنت اور قوم ایرانی کو آگاہ کیا ہے۔مختصر یہ ہے، کہ اسکو بجائے
سیاحت نامہ سیاست نامہ کہنا زیادہ موزوں ہوگا۔
مصنف نے ایران کی چیزوں میں سے چار چیزیں ابراہیم بیگ کو
پسند کرائی ہیں۔

(۱) روضۂ مطہرہ جناب امام موسےٰ رضا علیہ السلام۔

(۲) کاروان سرا اور بعض سڑکیں شاہ عباس صفوی ہمعصر شہنشاہ اکبر
کی بنوائی ہوئیں۔

(۳) وجود محترم ایک بزرگ ایرانی کا جنکو مقنن اور سیاست دان بتایا گیا ہے
مگر کسی مصلحت سے انکا نام نہیں لیا۔

(۴) دارالفنون ناصری طہران۔

ایم۔اے کے نصاب میں علاوہ سیاحت نامہ زبان حال فارسی کی کتاب حاجی بابا اصفہانی اور نصاب منشی فاضل میں انکے ساتھ وکلائے مرافعہ بھی داخل ہے۔اور امتحان میں موازنہ اور تقابل کے سوالات بھی آجاتے ہیں۔اِس لئے اِن دونوں کتابوں کا ذکر بھی افادۂ طلبہ سے خالی نہ ہوگا۔

سرگذشت حاجی بابا اصفہانی

حاجی بابا بھی ایک افسانہ (رومان) ہے۔لیکن فارسی حاجی بابا کے شروع میں ایک خط لگایا ہے۔جس کو پرسی جیرائن پرسیک سیاح انگلیسی نے ڈاکٹر فندگرومین سفیر سویڈن متعینہ استنبول کے نام لکھا ہے۔اِس میں بیان کیا ہے کہ حاجی بابا استنبول سے پلٹ کے توقات میں پہنچے، تو سخت بیمار ہو گئے۔ ڈاکٹر پرسی جیرائن ایران سے پلٹ کے توقات کے چاپار خانہ میں آکر ٹھہرے۔ حاجی بابا اور ان ڈاکٹر کی ملاقات قسطنطنیہ سے تھی۔مگر حاجی کو اس کا علم نہ تھا۔ کہ وہی ملاقاتی ڈاکٹر ہیں۔بلکہ ایران سے آیا ہوا آدمی سمجھ کر انکو اپنے علاج کے لئے بلایا تھا۔اور ان کے علاج سے صحت ہو جانے پر اپنی لکھی ہوئی سرگذشت ہدیتہً ڈاکٹر کو دے دی۔ڈاکٹر مستشرق تھا۔اور ایشیائی معاشرت کو بطرز یورپ کسی ایشیائی آدمی کی تصنیف کردہ کتاب میں دیکھنے کا بہت دلدادہ تھا۔اِس لئے اِس ہدیہ کو نعمت غیر مترقبہ سمجھا اور اپنے ساتھ ۱۸۲۴ء میں لندن لیگیا۔ اِسی سن میں جیمس جسٹیان موریر نے اس کا ترجمہ انگریزی میں کیا۔ میرے پاس انگریزی کا حاجی بابا بلیکی اینڈ سن لندن ۱۹۰۴ء کا چھپوایا

ہوا ہے۔ اسمیں یہ خط نہیں ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ بعد میں گھڑ کے لگایا گیا ہے۔ علاوہ اسکے اسی کتاب کے شروع میں موریر کی لائف بھی ہے۔ اسمیں حاجی بابا کو مصنّفہ موریر بتایا ہے۔ اور اس کی دوسری تصانیف سے اس کو پسندِ خلائق لکھا ہے۔

جب یہ انگریزی حاجی بابا ایشیا میں پہنچا، اور اس کی شہرت ہوئی تو اس کا ترجمہ شیخ احمد کرمانی بن احمد بن ملا محمد جعفر پیش نماز نے زبان حال فارسی میں کیا۔ جس کو ہندوستان میں پہلے اخبار حبل المتین کلکتہ نے چھاپا۔ یہ نسخہ بالکل معرّیٰ ہے۔ اور بعض الفاظ و شکن کسی فرقہ کے نکال ڈالے۔ اور کچھ الفاظ بدل دیئے ہیں۔ اس کے بعد بورڈ آف اگزامنرس کلکتہ نے فلٹ صاحب کے انگریزی فٹ نوٹس کیساتھ بلاترمیم و تنقیص اس فارسی ترجمہ کو شائع کیا۔

ایک ترجمہ اسد اللہ شیرازی نے بحالت قیام ہندوستان بمبئی میں ۱۳۲۲ھ میں بزبان فارسی جدید کیا۔ اِس ترجمہ کو مرزا محمد ملک الکتاب نے ۱۳۲۹ھ میں بمبئی سے شائع کیا۔ یہ ترجمہ بھی خوب ہے۔ اور پنجاب یونیورسٹی کے امتحان ایم اے اوایل کے نصاب میں داخل ہے۔ مگر شیخ احمد کا ترجمہ جتنا شوخ۔ ظرافت سے مملو اور دلچسپ ہے، اتنا اسد اللہ والا نہیں۔ انگریزی سے ترجمہ اُردو مترجمہ مرزا حیرت دہلوی مطبع نولکشور لکھنو میں چھپا ہے۔ اور عطر چند کپور پبلشر لاہور نے ساحل بلگرامی سے ترجمہ فارسی حاجی بابا کا کرا کے دس چھوٹی چھوٹی جلدوں میں ایک سٹ چھاپا ہے۔ مگر یہ بھی فیکٹ کا ترجمہ ہے۔ فارسی حاجی بابا فلٹ ایڈیشن کی فرہنگ میری مؤلفہ معہ سوانح عمری موریر اصل مصنف حاجی بابا و شیخ احمد کرمانی مترجم فارسی کی لائف کے ساتھ شیخ مبارک علی بک سیلر اندرون لوہاری دروازہ لاہور نے ۱۹۲۴ء میں چھاپی ہے جسکے تین ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔

ترجمہ فارسی شیخ احمد کرمانی بالکل روزمرہ کی زبان میں ہے۔ اور بہت خوب ہے۔ دو جگہ بہاریہ عبارت جہانکشائے نادری سے لی گئی ہے۔ جو دلچسپی اِس فارسی ترجمہ میں ہے۔ وہ انگریزی حاجی بابا میں نہیں۔ حال میں حاجی بابا اِن لندن بھی یورپ سے چھپ کے ہندوستان میں آگیا ہے۔ یہ حاجی بابا کی دوسری جلد ہے۔ جسکا وعدہ جلد اوّل کے آخر میں کیا گیا ہے۔

موضوع اِس کتاب کا بھی یہی ہے۔ کہ سلطنت ایران کی بدانتظامی۔ حکام ایران کا ظلم و جور و رشوت ستانی۔ خود غرضی۔ اپنے ذاتی نفع کے لئے سلطنت کی زیان رسانی، مکاری، بے ایمانی، قوم کی جہالت، علوم و فنون جدیدہ سے ناواقفیت۔ باوجود نادانی تفاخر، بیوفائی، غفلت شعاری، استبداد، عادات و رسومِ مذمومہ کا اظہار کر کے یورپین قوموں کو اُبھارا جائے۔ تاکہ ان کی غفلت سے فائدہ اٹھائیں۔ اور ہو سکے، تو رفتہ رفتہ ایران میں قدم جما کے کُل یا جُز ایران پر قابض ہو جائیں۔ ساتھ ہی تضحیک و تہجین قوم ایران بھی مقصود ہے۔ برخلاف مؤلف سیاحت نامہ کہ وہ ہمدردی اور دِلسوزی سے اظہار عیوب کرتا ہے۔ اور اصلاح کا متمنّی ہے۔

موریر بجز اظہار عیوب ایک خوبی بھی کسی ایک شخص میں بھی نہیں بتاتا جب مریم ارمنی عیسائی عورت کا ذکر آتا ہے۔ تو اس کا کیرکٹر نہایت عفت مآبی و عصمت شعاری کا دکھاتا ہے۔ حتیٰ کہ ہتک ناموس کے موقع پر جان دیدینے پر اُسے آمادہ بلکہ مرتکب دکھاتا ہے۔ برخلاف مصنف سیاحت نامہ اگر اسکو موجودہ طرز حکومت میں کوئی خوبی نہیں دکھائی دیتی ہے۔ تو وہ متقدمین ہی پر فخر کرتا ہے اور ایران کو تمدن و تہذیب کا مرکز قرار دیتا ہے۔ یہ بھی کہتا ہے۔ کہ دوسری قوموں نے ملک داری ایران سے سیکھی۔ قوم میں استعداد و قابلیت موجود ہے۔

صرف ایک مصلح اور رہبر کی ضرورت ہے۔ فریدوں و جمشید و شاہ عباس صفوی کے کارناموں کا ذکر کرتا ہے۔ موریر نے ایران کی اک رُخی تصویر کھینچی ہے۔ ہیرو اس کتاب کا ایک ادنیٰ شخص قوم کا نائی ہے۔ سلطنت کے بیڈ ھنگے پن کو دیکھ کر ابتدا سے منصبِ وزارت کا متمنی ہے۔ اور آخر کار اسکو اپنے خیال میں کامیاب بھی دکھایا ہے۔ باوجودیکہ کسی قسم کی قابلیت نہیں رکھتا ہے۔ اور اعلیٰ درجہ کا دغاباز، مکار، جعلساز اور ابن الوقت بھی ہے۔ ایسے شخص کے ہیرو بنانے سے بھی مصنّف کی غرض تضحیک و تحمیق و توہینِ قومِ ایران ہے۔ سلطنت ایران کی تاریخ میں حاجی بابا نام کا کوئی سفیر یا وزیر نہیں پایا جاتا یہ امر بھی دلیل اس کے افسانہ ہونے کی ہے۔ برخلاف زین العابدین مصنّف سیاحت نامہ کے کہ اس نے اپنی کتاب کا ہیرو جامع صفاتِ حسنہ شخص کو قرار دیا ہے۔

قصہ کا پلاٹ ایسا دلچسپ ہے۔ کہ کتاب کو ہاتھ میں لینے کے بعد بغیر ختم کئے اُسے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ اشخاص متعلقۂ قصہ کا قیافہ و حلیہ قوم کے اخلاق و عادات و رسوم و طرزِ معاشرت علی الخصوص مترجم فارسی ایسے مضحک اور ظریفانہ انداز سے بیان کرتا ہے۔ کہ بے اختیار ہنسی آجاتی ہے۔ رزم و بزم حسن و عشق وغیرہ کی داستانوں میں واقعہ کی ایسی تصویر کھینچتا ہے۔ گویا وہ منظر پیش نظر ہو جاتا ہے۔ کسی واقعہ کی جزئیات کو بھی نظر انداز نہیں کرتا۔ سب جھوٹ ہو یا سب سچ۔ کچھ جھوٹ ہو، اور کچھ سچ بہر طور معاشرت ایران کا نہایت دلچسپ پیرایہ میں نقشہ کھینچا ہے۔ شوخی و ظرافت میں اصل کتاب انگریزی سے یہ ترجمہ فارسی کہیں بڑھا ہوا ہے۔

گو ساری کتاب بامحاورہ اور روزمرہ کی بول چال فارسی جدید کے موافق ہے۔ مگر بعض مقامات پر فاضلانہ اور عبارات رنگین سے بھی کام لیا گیا ہے۔

تضمین اشعار نے خوبی عبارت میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ الفاظ و محاورات جدید فارسی کی یہ اچھی خاصی فرہنگ ہے۔ چونکہ ہر قسم کے مباحث اس کتاب میں آگئے ہیں۔ اگر کوئی اس کے الفاظ و محاورات و محل استعمال کو ذہن میں رکھے، تو جدید فارسی کے لکھنے اور بولنے پر اس کے متتبع کو اچھی قدرت حاصل ہو سکتی ہے طلبہ کو ترجمہ فارسی کے لئے اِس کتاب کو اپنا اُستاد اور سرمشق بنانا چاہیئے۔

مختصر حالاتِ زندگی مترجم فارسی حاجی بابا

حاجی بابا فلٹ ایڈیشن کے مترجم شیخ احمد کرمانی بن احمد بن ملا جعفر پیش نماز ہیں۔ انہیں نے جیمس موریر کے انگریزی حاجی بابا سے فارسی میں ترجمہ کیا ہے۔ ترجمہ میں، مترجم صرف اصل قصہ (فیکٹ) انگریزی سے لیکر اپنی شوخ اور ظریفانہ عبارت میں ترجمہ کرتے ہیں۔ تضمین اشعار و اقوال و رنگینیٔ عبارت و برجستگی محاورات و الفاظ سے بہت کچھ اِس ترجمہ میں اضافہ کر دیا ہے شیخ کا تخلص روحی ہے۔ ۱۸۵۵ء میں غدرِ ہندوستان سے دو سال پیشتر کرمان میں پیدا ہوئے۔

مترجم کے حالاتِ زندگی بہت سادہ اور غم انگیز ہیں۔ عربی پڑھنے کے بعد شیخ احمد کرمان سے اصفہان آئے۔ یہاں مرزا آغا خاں کرمانی سے ملاقات ہوئی۔ شاید انہیں کی صحبت میں بابی مذہب اختیار کیا۔ یہ دونوں مل کے ۱۳۰۵ھ میں قسطنطنیہ میں گئے۔ تاکہ یورپین زبانیں سیکھیں قسطنطنیہ پہنچکر مشرقی زبانوں کی تعلیم دیکر اپنی معاش حاصل کرتے تھے۔ اور خود فرانسیسی و انگریزی و ترکی

عثمانی سیکھتے رہے۔ اس کے بعد بمدد مرزا حبیب شاعر اصفہانی چند تصانیف انگریزی کے تراجم فارسی میں کئے۔ منجملہ ان کے حاجی بابا اور ژیل بلاس مصنفہ لوساج فرانسیسی ہیں۔ جن کو شہرت اور مقبولیت عامہ کا مرتبہ ملا۔ علاوہ ان کے چند کتب حکمیہ کے بھی مصنف ہیں۔ ان کے رفیق آغا خان استنبول میں اخبار اختر کے ایڈیٹر ہوئے۔ یہ اخبار ایران و ہندوستان میں آیا کرتا تھا۔ مگر ناصر الدین شاہ نے اس کی منہ زور تحریروں سے اس کا داخلہ و اشاعت ایران میں بند کر دیا مرزا یحیی شیرازی بابی (جنکا بابی لقب صبح ازل تھا) کی بہن اور بیٹی سے ان دونوں کی شادی ہوئی۔ جب یہ دونوں قسطنطنیہ میں تھے، تو حکومت ایران نے ان دونوں کو بجرم سازش گرفتار کرایا۔ جب سلطان ترکی کے سامنے انکا مقدمہ پیش ہوا۔ تو سلطان نے ان کو بری کر دیا۔ اور برداشت صعوبت کے صلہ میں پانسو تومان انکو انعام دیئے۔

اس کے بعد یہ دونوں سید جمال الدین کے پیرو ہو گئے۔ جو بابی فرقہ کے لیڈر تھے۔ ان دونوں نے بہت سے خطوط مجتہدینِ ایران کو لکھے۔ کہ سنیت اور شیعیت کے تفرقہ کو نظر انداز کر کے ترکی سلطنت سے اتحاد پیدا کیا جائے۔ تاکہ اغیار کے مظالم کو اپنے ملک سے دور کیا جا سکے۔ یہ تحریریں ایرانی عہدہ داروں نے پکڑیں۔ اور بغاوت کا الزام لگا کر سلطان ٹرکی سے ان کو گرفتار کر کے ایران بھیجنے کا مطالبہ کیا۔ جب یہ ایران لیجائے جا رہے تھے، سلطان ٹرکی نے تار دیا، کہ ان کو ترابزند میں روک لیا جائے۔ اسی اثنا میں منیف پاشا سفیر ٹرکی دربار طہران میں ناصر الدین شاہ ایران کی پنجاہ سالہ جوبلی کی مبارکباد سلطنت ٹرکی کی طرف سے لیکر جانیوالے تھے۔ تو ان کو اس کا موقعہ ملا، کہ شاہِ ایران سے ان کی رہائی کی تمنا کریں۔ مگر ان کی یہ عرض

مقبول نہ ہوئی۔ رسم جوبلی ادا ہونے سے کچھ دن پہلے ناصر الدین شاہ کو ایک بابی نے مزار شاہزادہ عبد العظیم میں گولی کے فیر سے شہید کر دیا۔ یہ شہادت انکے حق میں اور بھی مضر ثابت ہوئی۔ طہران سے حکم آیا، کہ ان کو طہران بھیجدیا جائے یہ بیچارے طہران بھی نہیں پہنچنے پائے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ طہران سے تار وصول ہونے پر یہ دونوں خفیہ طور سے تبریز کے گورنر کے سامنے ذبح کر دیئے گئے۔ وقتِ ذبح گورنر کے بھی آنسو نکل پڑے۔ یہ قتل ایک مطبخ میں ۴ ربیع صفر ۱۳۱۴ھ مطابق ۱۵ جولائی ۱۸۹۶ء واقع ہوا۔ اور لاشیں کسی کنوئیں میں ڈالدی گئیں۔ وقتِ قتل شیخ احمد کی عمر صرف اکتالیس سال کی تھی۔

(از دیباچہ فلٹ ایڈیشن مطبوعہ کلکتہ)

جیمس موریر مصنف انگریزی حاجی بابا

قبیلہ موریر ہیوگونیاٹ خاندان سے تھا۔ جو نانٹس قانون کی منسوخی پر فرانس کو ترک کر کے ناٹرلو کے متصل سوئٹزرلینڈ میں جا بسا۔ اِس خاندان کی ایک شاخ لیوانٹ کے وسیلہ سے تجارت کرتی تھی۔ اس کے افراد میں سے ایک اسحاق موریر تھا۔ جو ۱۷۵۰ء میں سمرنا میں پیدا ہوا۔ اور ۱۸۱۷ء میں بمرض طاعون قسطنطنیہ میں مرا۔ اسے برطانوی رعایا ہونے کے حقوق حاصل ہو گئے تھے۔ اسلیئے لیوانٹ کمپنی کا دو سال قونصل جنرل رہنے کے بعد قسطنطنیہ ہی میں برٹش سفیر مقرر ہو گیا۔ ۱۷۷۵ء میں اُس نے ہالینڈ کے قونصل جنرل متعینہ سمرنا کی لڑکی کلیرا وان لینیپ سے شادی کی۔ کونسل مذکور کی تین بیٹیاں تھیں۔ اور تینوں حسین، جنکی تصویریں جارج رمنے کی بنائی ہوئیں ہمارے پاس

موجود ہیں۔ باقی دو بہنوں کی شادی امیرالبحر والڈ گریف (جو بعد ازاں بیرن رڈسٹاک ہو گیا) اور مارکوئس چینیس سے ہوئی۔

اسحاق موریر کا سب سے بڑا بیٹا جان فلپ (۱۷۷۶ء پیدائش اور ۱۸۵۳ء وفات) اور منجھلا بیٹا داؤد رچرڈ (۱۷۸۴ء - ۱۸۷۷ء) دونوں نکلے دونوں نہایت واقفکار سفیر تھے۔ اور داؤد رچرڈ کا اکلوتا بیٹا سر رابرٹ برنٹ داؤد موریر (۱۸۲۶ء - ۱۸۹۳ء) جرمن کے مختلف درباروں اور لسبن اور میڈرڈ اور پیٹرس برگ میں برطانوی سفیر رہا۔ اسحاق کا چوتھا بیٹا ولیم (۱۷۹۰ - ۱۸۶۴) بحری افواج میں داخل ہوا۔ اور ۱۸۶۲ء میں نائٹ امیرالبحر کا عہدہ پایا۔ اسکا دوسرا بیٹا جیمس جسٹنیان موریر بڑا معاملہ فہم سفیر تھا۔ لیکن بحیثیت مصنف سرگذشت حاجی بابا زیادہ مشہور ہے۔

جیمس موریر سمرنا میں ۱۷۸۰ء میں پیدا ہوا۔ خاندانی روایت کے مطابق موریر نے بمقام ہارو تعلیم حاصل کی۔ مگر وہاں کے اسکول کے رجسٹروں میں اُسکے نام کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ جس زمانہ میں وہ اپنے باپ کیساتھ قسطنطنیہ میں مقیم تھا اس کا تعارف سر ہارفورڈ جونس سے ہوا۔ اور ۱۸۰۷ء میں ہارفورڈ کیساتھ پورٹ اسمتھ سے بمبئی روانہ ہوا۔ جہاں سے اسے ایران جانا تھا۔ کیونکہ جونس ایران کا سفیر مقرر ہو کر آیا تھا۔ جونس کو بمبئی میں بہت ٹھہرنا پڑا۔ موریر بمبئی ہی میں جونس کے پرائیویٹ سیکرٹری کے عہدہ سے سیکرٹری سفارت کے منصب پر مامور کیا گیا۔ بالآخر یہ جماعت فصل بہار میں طہران دارالسلطنت ایران پہنچی۔ سفیر کے پہنچتے ہی شاہ ایران سے ایک مفید معاہدہ ہو گیا۔

مئی ۱۸۰۹ء میں مرزا ابوالحسن سفیر ایران کیساتھ موریر لندن چلا گیا۔

وہ تبریز ارضِ روم اور ایشیا ہوتا ہوا سمرنا پہنچا۔ وہاں سے قسطنطنیہ اور اس کے بعد نومبر ۱۸۰۹ء میں ہز میجسٹی جہاز فارڈ ایبل (مہیب) پر سوار ہو کے پورٹس ماؤتھ واقع انگلینڈ کو چلا گیا۔ اس کے سفر کا ابتدائی حصہ ایسے ملک میں واقع ہوا۔ جس کے حالات برائے نام معلوم تھے۔ یہ حالات اُس نے اپنی ایک دلچسپ اور ہر دلعزیز کتاب مطبوعہ ۱۸۱۲ء موسومہ سفرنامہ ایران و آرمینیا و ایشیائے کوچک میں بیان کیے ہیں۔ اِس کتاب کا فوراً ہی فرانسیسی اور جرمنی زبانوں میں ترجمہ ہو گیا۔

جس زمانہ میں وہ انگلینڈ میں تھا۔ وہ دربار طہران کے سفیر خاص سر گور اوسلے کا سیکرٹری مقرر کیا گیا۔ اور انکے ہمراہ اسینٹ ہیلنڈ جہاز میں ۱۸۱۰ء کو روانہ ہوا۔ جب سر گور اوسلے ان معاملات کی نسبت گفت و شنید کر چکے جو روس اور فرانس کے اتحاد کے متعلق تھے۔ اور ۱۸۱۲ء میں شہنشاہِ ایران سے ایک معاہدہ بھی ہو گیا۔ تو وہ ۱۸۱۴ء میں انگلینڈ واپس آ گیا۔ اور موریر کو عارضی طور پر افسر سفارتخانہ طہران بنا کے چھوڑ گیا۔ ۱۸۱۵ء میں موریر انگلینڈ بلا لیا گیا۔ اور اُسنے اسی پہلے راستہ سے یہ سفر کیا۔

اس نے ایک کتاب موسومہ سفرنامہ روم و ایران و آرمینیا و ایشیائے کوچک تا قسطنطنیہ میں اپنے تجارب سفر کو بیان کیا ہے۔ جس کو اس نے ۱۸۱۸ء میں طبع کرایا۔ ۱۸۱۷ء میں اُس کی پنشن ہو گئی۔ لیکن ۱۸۲۴-۲۶ء تک وہ میکسیکو میں اسپیشل کمشنر رہا۔ جہاں اس نے اس عہدنامہ پر دستخط کیے جو ۱۸۲۶ء میں اِس ریاست سے کیا گیا۔

اس کی بقیہ زندگی خصوصیت کیساتھ ادبی خدمت سے متعلق ہے۔ اور اس کی تصانیف میں سے سرگذشت حاجی بابا اصفہانی کو سب سے زیادہ

اہمیت دیجاتی ہے۔ اس کی اس کتاب کو فوری کامیابی حاصل ہوئی۔ اور اس کی کوئی سابقہ تصنیف بلحاظ محاسن و ہردلعزیزی اِس کتاب پر فوقیت نہ لیجاسکی۔

اِس کتاب سے ایرانی معاشرت کے مختلف پہلوؤں پر نہایت خوبی کیساتھ روشنی پڑتی ہے۔ اور یہ اس کے ان طویل اور دانشمندانہ شاہدات کا نتیجہ ہے۔ جو اسے مناسب ترین حالات کے ماتحت میسّر آئے۔ جن لوگوں نے اسکے بعد معاشرت رسوم و عادات ایرانی پر قلم اٹھایا ہے۔ ان سے بھی اس کی تحریر کی خوبی کی تصدیق ہوتی ہے۔

فی زمانہ حاجی بابا ہی موریر کی ایسی تصنیف ہے۔ جس سے لوگ بخوبی واقف ہیں۔ لیکن اس کے بعض دوسری تصانیف کو بھی اچھی خاصی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اور کچھ زمانہ تک وہ بحیثیت ناول نویس کے بھی مشہور رہا ہے۔ دوسرے ناول جنکو قبولیت عامہ حاصل ہوئی حسب ذیل ہیں:۔

زہراب یرغمال مطبوعہ ۱۸۳۲ء عائشہ دوشیزہ فارس مطبوعہ ۱۸۳۴ء سرگذشت تامس اسپائکسر مطبوعہ ۱۸۴۰ء ایک نظم موسومہ مرزا مطبوعہ ۱۸۴۲ء مسلمہ ایک ایرانی افسانہ مطبوعہ ۱۸۴۷ء مارٹین ٹاوٹ زنڈ یا فرانسیسی لندن مطبوعہ ۱۸۴۹ء جسے اس نے فرانسیسی زبان میں لکھا۔ اور خود ہی انگریزی میں ترجمہ کیا۔ اس کا انتقال ۱۹/ مارچ ۱۸۴۹ء میں تقریباً ستر برس کی عمر میں ہوا۔ سر والٹر اسکاٹ نے اپنے ناول طلسمات میں معاشرت مشرقی کی تفسیر اور تصویر کھینچنے میں اپنی کمزوری کا اعتراف کیا ہے۔ اور اس خصوصیت میں حاجی بابا کی بیحد تعریف کی ہے۔ (از مقدمہ انگریزی حاجی بابا)

(نوٹ) اگر شاواں کے حالات زندگی دیکھنا ہوں۔ تو اُن کی شرح مرد خسیس مطبوعہ دلوان پرنٹنگ ورکس لاہور ۱۹۲۰ء دیکھیے۔

وکلائے مرافعہ

حاجی بابا اور سیاحت نامہ تو ناول ہیں، مگر یہ کتاب ڈراما ہے۔ مکالمہ (ڈائیلاگ) مضحکہ بعبارت سہل کے ضمن میں ڈرامے سے تعلیم تہذیب اخلاق و اصلاح رسوم و عادات مقصود ہوتی ہے۔ حکمائے عصر کا خیال ہے۔ کہ عیوب و قبائح کے دُور کرنے میں تمسخر اور تضحیک سے جو کام نکلتا ہے۔ اُتنا کام پند و بند نہیں دیتے۔

اِس کتاب کی عبارت ٹھیٹھ (کلوکیل) فارسی ہے۔ اور وکلاء کی جعلسازیوں کو دکھایا گیا ہے۔ کہ جھوٹ کو سچ بنانے کے لئے کِن کِن چالاکیوں اور مکاریوں سے کام لیتے ہیں۔ تاکہ مقدمہ کو کامیاب بنائیں۔ اِسی وجہ سے اس کا نام وکلائے مرافعہ رکھا ہے۔ ورنہ ہیرو اس ڈرامے کا عزیز بیگ اور ہیروائن سکینہ خانم حاجی غفور کی بہن ہے۔

زبان حال فارسی میں بہت سے مصادر۔ نوایجاد چیزوں کے نام بڑھ گئے ہیں۔ یا انکا نام اپنی زبان میں رکھا ہے۔ یا یورپ کی کسی زبان سے علی الخصوص فرانسیسی سے مفرس کیا ہے۔ اور ان جدید الفاظ کی مقدار دس بارہ ہزار سے کم نہیں۔ جملوں میں نشستِ الفاظ بھی بہت کچھ نئی ہو گئی ہے۔

ایرانی ڈراما

جب مسلمانوں نے ایران کو فتح کیا، تو اسکندریہ کی طرح ایران کا کتبخانہ بھی جلادیا۔ اور یہ کوئی عجیب بات نہیں۔ کیونکہ ابتدائے اسلام میں لوگ پابند مذہب تھے

اور دوسرے ادیان کی کتابوں کو کفر و ضلالت کی کتابیں سمجھتے تھے۔ اسلئے جلا دیا اس واقعہ سے اِنکار کی کوشش کرنا بیسود ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ایرانی قدیم علوم و فنون کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ کچھ زردشتی مذہب کی معدودے چند کتابیں آتش پرستوں کے ہاتھ میں رہ گئی ہیں۔ اسلام سے پہلے کا ایک شعر بھی اصلی فارسی کا نہیں ملتا۔ حتیٰ کہ پہلی صدی ہجری کا بھی کوئی شعر عربی آمیز فارسی کا بھی نہیں ملتا۔ قیاس اسے قبول نہیں کرتا۔ کہ ایک متمدن قوم میں شعراور ڈرامے کا وجود نہو۔ جبکہ ہندوستانیوں اور ایرانیوں کو ایک ہی نسل ایرین سے بتایا جاتا ہے۔ اور ہندوستان میں شعر اور ڈراما مع اصول اور ریفائنڈ پایا جاتا ہے۔ تو پھر کیسے ممکن ہے، کہ ایران میں ان کا وجود نہ ہو۔

یوں تو قصہ کہانی کا ہر ملک میں اور ہر قوم میں مدت دراز سے وجود ہے مگر بحیثیت تمثیل اِس فن کا عرب میں ہونا نہیں پایا جاتا۔ البتہ کچھ عورتیں پیشہ ور ہوتی تھیں۔ جن کو کسی کی موت پر بلایا جاتا تھا۔ اور یہ مجلس ماتم برپا کر کے اشعار حزن انگیز سے سوگواروں میں جذبہ غم والم کی تحریک کرتی تھیں۔ ان عورتوں کو نوائح یا ماتم کہتے تھے۔ اور مراثی بھی عرب میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ حماسہ میں ایک باب ہی مراثی کا ہے۔ اسس کو ناقص نمونہ تمثیل کا کہہ سکتے ہیں۔

اِسلام میں تشبیہ و تمثیل و تقلید وغیرہ کا شمار لہب و لعب میں ہے۔ اور اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا۔ اِسلئے خلفاء بنی عباسیہ کے زمانہ میں جب علوم و فنون یونانی سے عربی میں لائے گئے۔ تب بھی یہ فن لطیف عربی میں ترجمہ نہیں کیا گیا۔ میرے خیال میں ممانعت قانون اسلام اس کی طرف عدم توجہ کی وجہ وجیہہ نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ جب خلفاء عباسیہ ایرانی عظمت و

جلال و تمدن و تعیش سے متاثر ہوئے، تو جن شعراء عرب کے اشعار راگ اور راگنیوں میں گائے گئے۔ ان پر ایک مستقل کتاب اغانی لکھی گئی۔ ابو نصر فارابی فنِ موسیقی کے بڑے ماہر تھے۔ اور اس فن میں انکی تصانیف موجود ہیں صفی الدین عبدالمومن ارموی نے رسالہ شرفی شرف الدین ہارون کے نام پر لکھا۔ اور فنِ موسیقی میں کمال رکھتے تھے۔ باوجودیکہ اسلام میں غنا حرام ہے اسی طرح جب انگریز مصر میں دخیل ہوئے۔ اور یورپین تمدن وہاں پھیلا، تو باوجودیکہ اہلِ مصر بھی عرب اور مسلمان ہیں۔ پھر بھی باوجود ممانعت لہو ولعب بہت سے انگریزی اور فرانسیسی ڈراموں کے تراجم مصریوں نے عربی میں کئے چنانچہ مصر کے مشہور ڈراماٹسٹ شیخ نجیب امداد مصری کا ڈراما الطبیب المغصوب جو مولیر کے ایک مشہور ڈرامے کا ترجمہ ہے بہت مشہور ہے۔ مولیر کے اسی ڈرامے کا ترجمہ طبیب اجباری کے نام سے ایران میں بھی ہوا۔ یہ تماشا ہندوستان کے پارسی ناٹکوں میں بھی کھیلا جاتا تھا۔ عربوں میں تمثیل کا وجود اب بھی نہیں اسلئے کہہ سکتے ہیں۔ کہ عربوں میں فن ڈراما کا نہ ہونا ارتقار تمدن کے کمی کی دلیل ہے قبول اسلام سے پہلے کا علم ادبِ فارسی مفقود ہے۔ مگر قبول اسلام کے بعد چونکہ یہ قوم بہ نسبت عرب کے ہمیشہ سے متمدن تھی اسلئے گو حالت ابتدائی میں سہی۔ مگر پھر بھی اس کا وجود ایران میں پایا جاتا ہے۔ جو دو قسموں پر منقسم ہو سکتا ہے۔ (۱) تمثیل انفرادی (۲) تمثیل مجلسی۔

تمثیل انفرادی میں ایک ہی شخص کسی واقعہ یا قصہ کو نظم یا نثر میں بطور نقل اس طرح بیان کرتا ہے۔ کہ اس کی تصویر سامعین کے سامنے کھینچ دیتا ہے جس کا نقشہ شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد مرحوم نے اپنی کتاب سخندانِ پارس میں اس طرح کھینچا ہے۔

"ایران کے بازاروں میں اور اکثر قہوہ خانوں میں ایک شخص نظر آئیگا۔ جو کھڑا داستان کہہ رہا ہے۔ اور لوگوں کا انبوہ اپنے ذوق و شوق میں مست اسے گھیرے ہوئے ہے۔ ہر مطلب کو نہایت فصاحت کیساتھ نظم و نثر سے مرصع کرتا ہے۔ اور صورتِ ماجرا کو اِس تاثیر سے ادا کرتا ہے۔ کہ سماں باندھ دیتا ہے۔ کبھی ہتھیار بھی لگائے ہوتا ہے۔ جنگ کے معرکہ یا غصہ کے موقع پر شیر کی طرح بھر جاتا ہے۔ خوشی کے محل پر اِس طرح گاتا ہے۔ کہ سامعین وجد کرنے لگتے ہیں الغرض غیظ و غضب، عیش و طرب، غم و الم ہی کی تصویر اپنے بیان سے نہیں کھینچتا ہے۔ بلکہ خود اُس کی تصویر بن جاتا ہے۔ اسے درحقیقت بڑا صاحبِ کمال سمجھنا چاہئے۔ کیونکہ اکیلا ہو کر ان مختلف کاموں کو پُورا پُورا ادا کرتا ہے۔ جسکو کہ تھیٹر میں ایک سنگت کرتی ہے۔ ایسے مثلوں کو قصّہ خوان کہتے ہیں۔"

سرجان مالکم اپنی کتاب تاریخ ایران میں اِن قصہ خوانوں کی نسبت اِس طرح رقمطراز ہیں۔

"اوضاعِ سلطنت کے سامانوں میں سے ایک قِصّہ خوان بھی ہے جسکو نقال شاہ کہتے ہیں۔ اِس منصب والے کو تاریخ سے باخبر۔ اخبار و اشعار و نوادر و نکات سے واقف اور دقیقہ یاب و نکتہ سنج ہونا لازم ہے۔ ایرانیوں کے پاس اسبابِ تماشا بہت ہیں۔ لیکن تقلید کا رواج جس طرح یورپ میں ہے۔ انکے یہاں نہیں۔ مگر ان کے قِصہ خواں تن تنہا وقت تقریر حکایت مجلس (ایکٹ) ایک پوری سنگت ہوتے ہیں۔ حسب اقتضائے حالت اشخاص مختلفہ مثلاً حالت غضب و

حلم و عقل و عشق و سرور و غم و سلطنت و گدائی - امارت و چاکری
فرمانروائی و فرمانبرداری میں تبدیل حرکات و تغیر آواز وغیرہ ایک
شخص واحد میں پائے جاتے ہیں -"

بعض قصہ خوان اِس فن کو خاص طور پر سیکھتے ہیں - اور انکا یہی پیشہ ہوتا ہے جس طرح ہندوستان میں داستان گو تعلیم حاصل کر کے داستان طلسم ہوشربا یا داستان امیر حمزہ کہتے ہیں -

بعضے شاہنامہ کی داستانیں یا کوراوغلی کا قصہ بیان کرتے ہیں - جو ایک ڈاکو تھا - جیسے ہندوستان میں ستھرے شاہی فقیر واقعات غدر یا واقعہ امیر علی کو ہاتھ میں پہنے ہوئے لوہے کے کڑوں کو ڈنڈوں سے بجا بجا کے نظم میں بیان کرتے ہیں - روضہ خوان کو جسے ہندوستان میں حدیث خوان، واقعہ خوان یا نثار کہتے ہیں - اِسی تمثیل انفرادی کا ایک مذہبی مقلد کہا جا سکتا ہے - جو واقعات حضرت امام حسین علیہ السلام کو مؤثر طریقہ سے بیان کر کے سامعین کو مصروفِ نوحہ و بکا رکھتا ہے -

تمثیلِ مجلسی میں پوری سنگت (کمپنی) کام کرتی ہے - اِس تماشے کو فارس (Farce) کہنا مناسب ہوگا - اِن ایکٹروں (ممثل - مقلد - نقال) کو تماشاچی - عاشق اور لوطی کہتے ہیں - اِس جماعت میں نقال بھی ہوتے ہیں - جو گاؤں گاؤں اور شہر بشہر پھرتے رہتے ہیں - اور باجوں کیساتھ گاتے بجاتے ہیں - مداری اور بازیگر بھی جزوِ تماشا ہوتے ہیں - جو اثنائے نقل میں اپنے جانوروں اور کرتب سے لوگوں کو خوش کرتے ہیں -

عشرۂ محرم میں چالیس گز مربع ایک چبوترہ میدان میں بناتے ہیں جسے سکو کہتے ہیں - یہ چبوترہ قدِ آدم بلند ہوتا ہے - اسکے گرد دس فٹ چوڑا راستہ

مشبہین کی آمد و رفت کیلئے چھوڑا جاتا ہے۔ اور اس راستہ کے بعد زائرین کی نشست کا انتظام ہوتا ہے۔ معرکہ کربلا کا سین جب دکھایا جاتا ہے۔ تو پہلے توپ کا فیر ہوتا ہے۔ سب سے پہلے سقاؤں کی ایک جماعت مشکیں لئے "بیا د تشنہ لب کربلا" کے نعرے لگاتے ہوئے داخل ہوتی ہے۔ یہ گویا حضرت عباس علمدار کے پانی لانے کے لئے فرات پر جانے کی شبیہ ہے۔ اسی سے ماتم شروع ہوتا ہے۔ اس کے بعد تعزیہ کے دوسرے ارکان داخل ہوتے ہیں جنمیں جناب رسالتمآب اور دوسرے انبیا، فرشتے، پنجتن پاک، اور دیگر اہلبیت حر، یزید، ابن سعد، شمر وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ جو لوگ ان مقدس ہستیوں اور خاندان عترت و طہارت کی خواتین کی شبیہیں بنتے ہیں۔ انکے چہروں پر نقاب پڑی ہوتی ہے تاکہ ادب ملحوظ رہے۔ اور گستاخی نہ پائی جائے۔ جو لوگ شمر و یزید و عمر و سعد کی شبیہ بنتے ہیں۔ اُن کی صرف زبانی لعنت ہی سے گت نہیں بنائی جاتی، بلکہ بعض اوقات اُن پر پتھر برسانے سے بھی دریغ نہیں کیا جاتا، اس جماعت کو تعزیہ گرداں کہتے ہیں۔ تعزیہ کا وہ مصداق نہ سمجھنا چاہیئے جو ہندوستان میں بانس، ابرک، لکڑی، یا سونے چاندی سے بناتے ہیں۔ اس قسم کا تعزیہ تو ہندوستان کے سوا عرب و عجم میں نہیں پایا جاتا۔ تمثیل انفرادی و مجلسی میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں۔ (۱) تمثیل بہجت (کامیڈی) (۲) تمثیل غم (ٹریجیڈی)

یہی دو ناقص صورتیں ایران میں پائی جاتی ہیں۔ لیکن جب قفقاز (کاکیشیا) اور اسکے ملحقات سلطنت روس میں شامل ہو گئے۔ تو شہر تفلیس میں اسکے حاکم، ایم وارنسوف نے ۱۲۶۶ھ مطابق ۱۸۵۰ء منجملہ دیگر اصلاحات اہل شہر کی تفریح کیلئے ایک تھیئٹر بھی قائم کیا۔ جس میں یورپین زبانوں کے ڈرامے

ایکٹروں کے ذریعہ سے نقل ہونا شروع ہوئے۔ اِس تماشہ خانہ کا ذکر شہنشاہ ناصر الدین قاچار مرحوم اپنے سفر نامے میں اِس طرح فرماتے ہیں۔

"ایک مختصر عمارت چونا کاری کی ہے۔ ایک جھاڑ نکل کا گیس سے روشن کیا جاتا ہے، تھیٹر کا ہال عہدہ دارانِ روس سے بھرا ہوا تھا۔ تقریباً دو سو نشستیں ہیں۔ بینڈ خوب بجاتے تھے۔ پردہ اُٹھا، چند ایکٹر دکھائے زبان رُوسی میں باتیں کرتے اور گاتے تھے۔ گانا اور ناچنا خوب تھا قصہ بہت بامزہ اور مضحک تھا۔ رُوسی مرد اور عورتیں حسین تھے۔ ایک فرانسیسی رقاصہ بھی تھی۔ نہایت حسین، خوب ناچتی تھی، دو سال ہوئے، کہ یہاں آئی ہے۔"

اصلی مصنّف ڈرامہ مرزا فتح علی آخوندزادہ اور اسکی وجہ تصنیف

اِس ناٹک کے کھیلوں کا اثر مرزا فتح علی آخوندزادہ کے دِل پر بہت ہوا۔ یہ شخص تاتاری نسل کا تھا۔ اس کے آباؤاجداد کا وطن قراچہ داغ تھا۔ اس کا باپ دربند میں پیشہ معلّمی کیا کرتا تھا۔ اسی وجہ سے اسے آخوندزادہ کہتے تھے، رُوسی رعایا ہونے کی وجہ سے وہ رُوسی فوج میں داخل ہوا۔ اور ذاتی قابلیت اور حسن کارگذاری کی وجہ سے قاپلودان (کپتان) کے ممتاز عہدہ تک ترقی کی آخر عمر میں وہ تفلیس میں مقیم ہو گیا۔

اس نے علوم متداولہ میں اچھی تعلیم پائی تھی۔ اور یورپین رسوم و تہذیب کا بیحد دلدادہ تھا۔ اپنی قوم کے نقائص سے بھی واقف تھا۔ اس نے تفلیس کے اِس ناٹک کی کامیابی اور اس کے فوائد سے متاثر ہو کر آذری ترکی میں جو فارسی

اور ترکی کا مجموعہ ہے۔ ایک تاریخی حکایت اور چھ تمثیلیں اِس ناٹک میں کھیلے جانے کیلئے تصنیف کیں۔ جنکے نام بقید سنوات حسب ذیل ہیں۔ ان میں سے اکثر کی بنیاد فرانسیسی ڈرامانگار مولیر کی کامڈیوں پر ہے۔

(۱) حکایت ملا ابراہیم خلیل کیمیاگر ۔ ۱۲۶۷ھ مطابق ۱۸۵۰ء
(۲) موسیو ژوردان (حکیم نباتات) ۱۲۶۷ھ 〃 ۱۸۵۰ء
(۳) خرس قولدور باسان یعنی خرس دزد افگن ۱۲۶۸ھ 〃 ۱۸۵۱ء
(۴) سرگذشت وزیر خان لنکران (سراب) ۱۲۶۸ھ 〃 ۱۸۵۱ء
(۵) مردِ خسیس ۱۲۶۹ھ 〃 ۱۸۵۲ء
(۶) وکلاء مرافعہ ۱۲۷۲ھ 〃 ۱۸۵۵ء
(۷) قصۂ یوسف شاہ سراج 〃 〃 〃

پھر ان سب کو ۱۲۷۶ھ مطابق ۱۸۵۹ء میں ایک ساتھ ساتوں کتابیں تفلیس میں بنام تمثیلات قاپودان مرزا فتح علی آخون زادہ چھپواکر شائع کیا اور اپنے افسر جرنیل بریاتنسکی کے نام پر معنون کیا، انکے تراجم فارسی جو مرزا جعفر قراچہ داغی نے کئے ہیں۔ ان میں سے مردِ خسیس اور وکلاء مرافعہ کی شرح مع مقدمہ بسیط بر ڈراما و فرہنگ، اور فرہنگ وزیر خان لنکران و حکیم نباتات میں نے لکھی ہے۔ جن کو شیخ مبارک علی بک سیلر اندرون لوہاری دروازہ لاہور نے چھاپا ہے۔ گو باقی چار تمثیلوں کی بھی میں نے فرہنگ لکھی ہے۔ مگر وہ چھپی نہیں۔

مرزا جعفر قراچہ داغی مترجم تمثیلات مذکورہ از ترکی بہ فارسی

شاہزادہ جلال الدین مرزا جیسے خود صاحبِ علم تھے۔ ویسے ہی قدردان

اہل علم وکمال بھی تھے۔ بہت سے اہلِ قلم ان کے ذاتی ملازم تھے۔ چنانچہ مرزا جعفر قراچہ داغی بھی انکے نوکر تھے۔ مرزا جعفر کا تخلص تحقیق بتایا جاتا ہے۔ جس کے معنی یہ ہوئے، کہ وہ شاعر بھی تھے۔

کوئی تذکرہ یا تاریخ ایسی نہ ملی، جن میں اس باکمال کے حالاتِ زندگی درج ہوں۔ ہاں اس کے خوبیان کردہ واقعات سے جو مسٹر سڈنے چرچل نے جنرل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی مطبوعہ ۱۸۹۶ء میں شائع کئے ہیں، اُن سے معلوم ہوتا ہے، کہ مرزا کی پیدائش ۱۸۳۲ء میں قراچہ داغ میں ہوئی کپتان فتح علی مرزا سے اس کا دور کا رشتہ بھی تھا۔ اس کی زوجہ کا بھی انتقال ہوچکا تھا۔ اور مرحومہ کی یادگار صرف ایک اکلوتی بیٹی تھی، جسے وہ بہت چاہتا تھا۔

وہ ایران کی مروّجہ تعلیم کو ناپسند کرتا تھا۔ اور نصاب تعلیم جو اس ملک میں جاری تھا۔ وہ ایسا نہ تھا۔ کہ طلبہ میں صحیح قابلیت پیدا کرسکے۔ اِس لئے اسکو یہ فکر دامنگیر رہتی تھی۔ کہ کسطرح اِس نصاب کی اصلاح کی جائے۔ اتفاقاً ایک دِن اسی فکر میں اسے اپنے مربی شاہزادہ جلال مرزا کے کتب خانہ میں مرزا فتح علی کی تمثیلات کی وہ جِلد جو اس نے شاہزادہ کو ہدیۃً بھیجی تھی ہاتھ لگی اُسنے اس کتاب کو بڑے شوق سے پڑھا۔ اور اس قدر محظوظ ہُوا، کہ اسی وقت سے ارادہ کر لیا، کہ جس طرح بھی ہو، اسکے ترجمہ فارسی کی تمنا کو پورا کرنا چاہئے چنانچہ سب سے پہلے ملا ابراہیم خلیل کیمیاگر کا ترجمہ ۱۲۸۸ھ مطابق ۱۸۷۱ء میں کرکے شاہزادہ کے سامنے پیش کیا۔ شہزادہ اس کی خوبیاں دیکھ کر بہت خوش ہُوا۔ اور مترجم کی حوصلہ افزائی کرکے باقی حصّوں کے جلد تراجم کرنے کی تاکید کی، چنانچہ ۷، رجمادی الثانی ۱۲۸۹ھ کو موسیٰ ژوردان کا ترجمہ مکمل کیا۔

یہ دونوں ترجمے شائع نہ ہونے پائے تھے۔ کہ شاہزادہ کا انتقال ہوگیا۔ اور مرزا جعفر کی نوکری جاتی رہی۔ بیکاری میں اسے بہت دشواریاں پیش آئیں کبھی کبھی کوئی نوکری ملجاتی تھی۔ مگر مستقل ذریعہ معاش کوئی نہ تھا۔ تاہم اس نے ہمت نہ ہاری۔ اور ترجمہ کا کام برابر جاری رکھا۔ چنانچہ حرس تولدور بسان اور حکایت یوسف شاہ سراج کے تراجم ۱۲۹۰ھ میں ختم ہوئے۔ اور سرگذشت وزیر خان لنکران و مرد خسیس و وکلائے مرافعہ کے تراجم ۱۲۹۱ھ میں شائع ہوئے۔ پھر اسی سن میں چھوٹی تمثیلیں مع قصہ یوسف شاہ سراج الجائی طہران سے شائع کیا۔ اور مرزا فتح علی مصنف اصلی کے پاس اسے تفلیس بھیجا جسنے انہیں بہت پسند کیا، اور اپنے خطوط میں مترجم کے مساعی کی بہت تعریف کی۔

۱۸۸۶ء میں فرانسیسی کونسل متعینہ تبریز نے مصنف اور مترجم کے حالات پر ایک نوٹ لکھ کے پروفیسر جی باربرڈی مینارڈ کو بھیجا جس کا انگریزی ترجمہ جنرل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی لنڈن بابت ۱۸۸۶ء میں درج ہے۔ اس سے مصنف اور مترجم کے تعلقات پر کچھ روشنی پڑتی ہے۔

اقتباس از جنرل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی لنڈن

مرزا جعفر ایرانی حج کے ارادے سے تفلیس میں سے گذر رہا تھا۔ کہ وہیں مرزا فتح علی سے شناسائی ہو گئی۔ اور دونوں میں اتحاد پیدا ہو گیا۔ مرزا جعفر کی ملاقات وہاں کے چند آزاد منش ایرانیوں سے بھی ہوئی۔ جن کی صحبت کے اثر سے وہ ارادۂ حج سے دست بردار ہو کر تفلیس میں مقیم ہو گیا۔ اور سلطنت روس کی ملازمت بھی کر لی۔ اس مدت میں اپنے دوست مرزا فتح علی کی تمثیلات

کا فارسی میں ترجمہ کیا۔ اور تفلیس ہی میں ۱۸۸۳ء میں اس کا انتقال اکاون برس کی عمر میں ہوا۔ دس ہزار تومان ترکہ چھوڑا۔ جو اس کے وارثوں نے تفلیس جاکر وصول کیا۔

لیکن مرزا جعفر کو ان باتوں سے انکار ہے۔ اُس کے ذاتی بیان کا بھی خلاصہ اسی جرنل میں حسب ذیل درج ہے۔

(۱) مرزا جعفر کے پاس اتنا روپیہ کبھی نہیں ہوا۔ جسکا ذکر اُوپر درج ہے۔
(۲) مرزا جعفر کبھی تفلیس نہیں گیا۔ اور نہ مرزا فتح علی ہی سے کبھی ملاقات ہوئی۔
(۳) البتہ دونوں میں خط و کتابت کا سلسلہ جاری تھا۔ اور وہ بھی تمثیلات کے ترجمہ کے زمانہ میں۔
(۴) مرزا جعفر ۱۸۸۶ء تک زندہ تھا۔ اور ۱۸۸۴ء سے سب کچھ چھوڑ چھاڑ کے گوشہ نشین ہو گیا تھا۔ اور ناقدریٔ ابنائے زماں کا شکوہ سنج تھا۔

مترجم کو عمر بھر اس امر کی شکایت رہی، کہ ایرانیوں نے اس کی علمی قدر دانی نہ کی۔ چنانچہ یہ کتاب نہ تو ایران میں کسی درس میں داخل ہوئی، اور نہ ناٹکوں میں اِس کے تماشے کھیلنے کی نوبت آئی۔ کیونکہ ایران میں اس وقت تک کوئی تھیٹر تھا ہی نہیں۔ یورپین مستشرقین نے البتہ اِن تمثیلات کا بڑے تپاک سے خیر مقدم کیا۔ چنانچہ یورپ کی مختلف زبانوں میں ان کے تراجم اور فرہنگیں شائع ہوئیں۔

الیگزنڈر راجرس نے وکلائے مرافعہ۔ خرس قولدور لبسان۔ اور حکیم نباتات کو ایک ساتھ مع ترجمہ لفظی بزبان انگریزی و فرہنگ و مقدمہ مختصر شائع کیا۔ اور اس کا نام اے راجرس پرشین پلیز رکھا۔ یہ ترجمہ اغلاط سے پُر ہے۔ اور پنجاب یونیورسٹی کے امتحان ایم۔ اے فارسی میں داخل ہے۔ اور سرگذشت

وزیر خاں لنکران کا ترجمہ ہیگرڈ لی اریبخ نے کیا ہے۔ اس کے ساتھ ایک بسیط دیباچہ ہے۔ جس میں خصوصیات فارسی زبان حال سے بحث کی گئی ہے۔ اور فرہنگ بھی اس کے ساتھ ہے۔ کراس بائی لاک وڈ اینڈ سن نے لندن میں چھاپا۔ اسکے بعد ممبرس بورڈ آف اگزامنرس کلکتہ نے بھی اسے چھپوایا۔ (اب یہ بورڈ دہلی میں آگیا ہے) پروفیسر جی بار بر ڈی بینارڈ نے خرس قولدور بسان، وکلائے مرافعہ، ابراہیم خلیل کیمیاگر کو ترجمہ فرانسیسی مع دیباچۂ طویل اور نوٹس قومی پریس میں چھپوایا۔ مرد خسیس اور حکایت یوسف شاہ سراج مترجمہ و مطبوعہ لندن ورپریس میں نے نہیں دیکھیں۔ البتہ ساتوں مجلسیں الجائی مطبوعۂ طہران کتبخانہ ریاست رامپور میں میں نے دیکھی تھیں۔ مرزا محمد ملک الکتاب شیرازی نے سرگذشت وزیر خاں لنکران، وکلائے مرافعہ، موسی ژوردان کو ایک ساتھ بمبئی سے شائع کیا تھا۔ دوسرے اڈیشن سے ایک مجلس کم کر دی۔ لاہور میں علاوہ خلیل کیمیاگر کے چھیوں مجلسیں علیحدہ علیحدہ چھپ گئی ہیں۔ اور ان میں سے اکثر نصاب ایم اے منشی فاضل، منشی عالم اور منشی اور میٹرک میں پنجاب یونیورسٹی نے داخل کی ہیں بعض ان میں کی دوسری یونیورسٹیوں کے نصاب میں بھی داخل ہیں۔ سول اور ملٹری افسروں کے امتحان کے نصاب میں بھی ان میں سے بعض داخل ہیں۔

اِن تمثیلوں کے شائع ہوتے ہی ایرانی اہلِ قلم نے اپنے یہاں اِس فن کی ترویج و ترقی میں توجہ کی۔ اور تھوڑے ہی عرصہ میں اِس فن کے متعلق بہت سی کتابیں تصنیف ہوئیں۔ جن میں سے اکثر ترجمہ ہیں۔ منجملہ اِن کے شیکسپیئر کی کتاب ہنری چہارم کا ترجمہ انگریزی سے۔ اور مولیر کے متعدد ڈراموں کا ترجمہ جن میں سے طبیب اجباری بہت مشہور ہے۔ فرانسیسی سے، اور تیاتر ضحاک

کا جمیں ضحاک اور فریدوں کا قصہ خالص تاریخی رنگ میں بیان کیا گیا ہے۔ ترکی سے ترجمہ کیا گیا۔

ہزار و یک کابوس فرانسیسی تاریخ کا فارسی ترجمہ جمیں انقلاب عظیمہ فرانس کے نہایت دلچسپ واقعات ہیں۔ از تصانیف الیگزینڈر دوماس ۱۳۲۳ھ میں طہران میں طبع ہوئی۔

شرلوک ہومس از تصانیف کونن ڈائل مطبع خورشید طہران میں ۱۳۲۳ھ میں چھپی۔

عروسِ مجبوری از تصانیف مولیر شاعر فرانساوی ۱۳۳۱ھ میں چھپی۔

عاشق و معشوق ایک ڈراما فارسی میں فرانسیسی سے ترجمہ کر کے ۱۳۴۰ھ میں مطبع طوس میں چھپا۔

طہران مخوف یا یادگار یکشنبہ ۱۳۴۲ھ میں کاویانی پریس برلن میں چھپا۔

تیاتر مرزا ملکم خاں تین تمثیلوں کا مجموعہ کاویانی پریس برلن میں چھپا۔

بوسہ عذرا، سہ تفنگدار، جیجک علی شاہ، رستم و سہراب، دختر فرعون، وغیرہ ڈرامے ایران میں ترجمہ ہو کر چھپ چکے ہیں۔

با مذاق مستورات نے بھی ڈراموں کی طرف توجہ کی چنانچہ تاج ماہ آفاق الدولہ ہمشیر آغائے مرزا اسمٰعیل خاں اجودان باشی نے نامۂ نادری نادر شاہ کے عروج و زوال کے حالات کا ترکی سے فارسی میں ترجمہ کیا +

(شادان بلگرامی)

عرضِ شاداں

سیاحت نامہ ابراہیم بیگ کی تین جلدوں میں سے جلد اول ۱۹۳۳ء تک داخل نصاب ایم اے فارسی پنجاب یونیورسٹی تھی۔ اس لئے ۱۹۳۱ء میں مَیں نے اس جلد کی فرہنگ لکھی تھی۔ اب ۱۹۳۴ء سے اس کی جلد ثانی نصاب ایم اے اور منشی فاضل میں پنجاب یونیورسٹی نے داخل کی ہے۔ شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور نے پہلے مجھ سے اس کی شرح لکھنے کی فرمائش کی تھی۔ میرے ذمہ بہت سے کام رہتے ہیں۔ کالج میں ایم اے اور منشی فاضل کو تعلیم دینے کے علاوہ کالج کے ہاؤس اگزامینیشنس کیلئے سوالات کے پرچے بنانا۔ جوابات کی کاپیاں دیکھکر نتائج مرتب کرنا۔ مختلف یونیورسٹیوں کے مختلف امتحانات کے کوئسچن پیپرس تیار کرنا۔ جوابات کی کاپیاں دیکھکر نتائج مرتب کر کے وقت پر بھیجنا۔ اورینٹل کالج میگزین کیلئے مضامین لکھنا۔ متعدد مصنفین کی تصانیف کی اصلاح کرنا۔ بیرونی اشخاص کے سوالات ادبی و عروضی و شعری کے جوابات دینا۔ طلبہ کو بلا کسی صلہ کے گھر پر پڑھانا۔ ان امور کیوجہ سے مجھے فرصت کمتر ملتی ہے۔ اسی لئے جو کام کوئی ایک مہینہ میں کرے، مجھ سے پانچ چھ ماہ میں ہوتا ہے۔ تجار کو اپنی ضرورتِ تجارت کی وجہ سے تعجیل ہوتی ہے۔ جب مَیں ان کی فرمائش کو ان کے وقت پر پورا نہ کر سکا، تو مجھ سے اجازت لیکر کسی کا تیار کردہ ترجمہ شیخ صاحب نے لے لیا۔ جو عنقریب چھپکر شائع ہو جائیگا۔ مگر فرہنگ کی خواہش اب بھی

کرتے ہیں - لہٰذا شیخ صاحب کی خواہش پوری کر رہا ہوں، اور اِس جلد دوم کی بھی فرہنگ مع مقدمہ بسیط لکھتا ہوں -

مثل سرگذشت حاجی بابا و تماثیل مرزا جعفر قراچہ داغی یہ کتاب بھی زبان حال فارسی میں ہے - اور وسائل حل لغات فارسی جدید ہندوستان میں اِتنے قلیل ہیں - جو بمنزلہ عدم کے ہیں - گو یہ کتاب حاجی بابا اور وکلائے مرافعہ کی طرح روزمرہ کی بول چال میں نہیں - مگر تراکیب جمل اور اچھی تک الفاظ جدیدہ اور یورپین زبانوں کے مفرس کیئے ہوئے الفاظ پائے جاتے ہیں - جو الفاظ تلاش سے مل گئے - انہیں دیکھکر لکھا ہے - مجبوراً اپنے سابقہ معلومات اور قیاسات سے بھی کام لیا ہے - اِسلیئے غلطی کا اِمکان بہت کچھ ہے - جو کچھ لکھتا ہوں طلبہ کیلئے لکھتا ہوں - اساتذہ میرے لکھنے کے محتاج نہیں ایسے مختلف الاستعداد طلبہ کا خیال کر کے معمولی الفاظ کو بھی داخلِ فرہنگ کرتا ہوں کبھی معمولی الفاظ کے لکھنے سے یہ غرض ہوتی ہے - کہ اُردو میں اس کا ٹھیٹھ ترجمہ بتاؤں - بلکہ اکثر الفاظ فارسیہ و عربیہ کے تراجم میں یہی امر ملحوظ رہتا ہے - نو ایجاد چیزوں کے مترادفات اُردو بھی بول چال کے موافق بتانے کی کوشش کی ہے - محاورہ و امثال کا ترجمہ بلا لحاظ الفاظ اُردو کے مترادفات سے کرتا ہوں - صرف الفاظ پر اِکتفا نہیں کی ہے - بلکہ جن جملوں کو میں نے پیچیدہ سمجھا ہے - اُنکے بھی تراجم کر دیئے ہیں - میرے سہو الخیال و سہو القلم کے علاوہ کیا عجب ہے، کہ یہ فرہنگ طلبہ کو ترجمہ سے مستغنی کر سکے، مثال کیلئے چند الفاظ لکھتا ہوں -

الفاظ	عام ترجمہ	خاص ترجمہ
مزاجگوئی	کسی کی طبیعت کے موافق باتیں کرنا	کسی کی من بھاتی باتیں کرنا کسی کی ہاں میں ہاں ملانا

لاینقطع	مسلسل، متواتر، پیہم۔	لگاتار۔
پاک خوردن	کُل کھا جانا۔	صاف کر دینا، چٹ کر جانا، اُڑا جانا۔
بوئے بردن	بو پا جانا	سن گن پا جانا
انگلیسی بلغور کردن	تھوڑی تھوڑی انگریزی بولنا	چرکنا، ٹوٹی پھوٹی انگریزی بولنا
تفصیل	وضاحت، تشریح، تفسیر	پنواڑا
دعا خواندن	دعا پڑھنا	سوکھاڑ خانا
ادارۂ بلدیہ	محکمۂ شہر	میونسپلٹی
پہلو جو یا	جس میں دو پہلو نکلتے ہوں	محتمل الضدین
درنیفہ و گریباں مشغول قصابی اند	نیفہ اور گریباں میں قصائی کا کام کر رہے ہیں۔	نیفہ اور گریبان سے جوئیں نکال نکال کے مار رہے ہیں۔

کہیں معانی وضعی کو چھوڑ کر معانی لزومی و مناسب محل سے بھی کام لیا گیا ہے۔ اِس طرح کے مترادفات بتانے سے بامحاورہ اُردو سے فارسی ترجمہ کرنے میں سہولت ہوتی ہے۔ دس پندرہ الفاظ اِس کتاب میں ایسے بھی ہیں، جنکا کچھ پتہ نہ لگا۔ اور نہ قیاس ہی نے کچھ کام دیا۔ لہٰذا مجبوراً انہیں خالی چھوڑنا پڑا۔ کچھ ایسے بھی الفاظ ہیں۔ جن کے معانی تو قیاساً لکھے مگر اطمینان نہ حاصل ہوا۔

اِس جلد کی کُل نظموں کا ترجمہ ہیں نے نظم اُردو میں کیا ہے۔ اور زیادہ تر اصل نظم کی بحر اور قوافی کو بھی باقی رکھنے کی کوشش کی ہے۔ ایک قصیدہ مع ترجمہ اُردو برائے تفریح ناظرین ذیل میں درج کرتا ہوں۔

حل لغات قصیدہ

- معکوس - اوندھا
- ماکیان - مرغی
- بکار خوردن - کام آنا
- ماوزر - بندوق کی قسم
- ناموس - عزت
- صیحہ - چیخ، شور

- عرض - بمعنی آبرو
- خروس - مرغ
- دقیانوس - نام بادشاہ جسکے زمانے میں اصحاب کہف تھے
- کُپ - جرمن میں کارخانہ توپ
- منوال - طرز طریق
- ناقوس - سنکھ

- محروس - محفوظ
- بند - قید
- تفنگ - بندوق
- دبوس - گرز و عمود
- جہود - یہودی
- مغروس - بیٹھا ہوا نشاندہ
- معکوس - الٹی، برعکس

- کمر بستن - آمادہ و مستعد ہونا
- محبوس - مقید
- ماوزر - Mauser ??
- سالوس - مکاری
- مجوس - گبر آتش پرست
- سبحہ - تسبیح

شعر ذیل کتاب میں اس طرح لکھا ہے :-

بجائے صیحۂ بانگِ اذاں نخواہی دید + بغیر رشتۂ زنار و نغمۂ ناقوس!

مگر ہم نے اس شعر کو اس طرح پڑھا ہے - اور اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے :-

بجائے سبحہ و بانگِ اذاں نخواہی دید بغیر رشتۂ زنار و صیحۂ ناقوس!

قصیدہ وطنیہ من کلام بدیع	ترجمہ از شاد آں
الا بکوش بحفظ و دیانت ناموس	کرو حفاظت دین و دیانت و ناموس
کہ گشتہ رایتِ اسلام در جہاں معکوس	ہوا ہے رایتِ اسلام دہر میں معکوس

باتحاد بکوشید از آں کہ ہر ملت
قوی نمی شود الا باتحادِ نفوس
باتفاق گرائید اے مسلمانان!
کہ از نفاق شدہ نجم سعدتان منحوس
زاتحاد شود عرض و نام تان محفوظ
زاتفاق شود مال و جان تان محروس
بدفع دشمن بدل کمر بہ بند اے دوست
مکن ہراس از و ہمچو ماکیان ز خروس
بزن بعرشۂ ہمت قدم بصد امید
مباش از مدد کردگار خود مایوس
ز فر علم بسے بندگان شدند آزاد
تو تا بچند بہ بند جہالتی محبوس!

قطعہ

دریں زمانہ کہ تغییر یافتہ است زماں
نشانِ علم و ہنر شد ز ہر کراں محسوس
بکار کے خورد ایں کار ناپسند امروز
کہ ماندہ ارث شمارا ز عہدِ دقیانوس
تفنگ ماوزر آید بکار و توپ کروب
دریں زمانہ نہ شمشیر و نیزہ و دبوس
دریغ و حیف کہ در غفلتی و بے خبری
کہ خصم بر تو نہادہ ز ہر طرف جاسوس

تم اتحاد میں کوشش کرو کہ ہر ملت
قوی جبھی ہے جو آپس میں متحد ہوں نفوس
موافقت کی طرف میلو کرو رغبت
ہُوا ہے سعد ستارہ نفاق سے منحوس
تم اتفاق کرو حفظِ آبرو کے لئے
کہ اتفاق سے ہوتے ہیں مال و جان محروس
دفاع دشمن بدل بہ مستعد ہو جاؤ
کہ ورنہ مرغیوں کی طرح خوف و بیم خروس
بصد امید رکھو پاؤں عرشِ ہمت پر
نہ ہو خدا کی مدد سے کبھی بھی تم مایوس
ہوئے ہیں علم کی دولت سے قبیلے سب آزاد
رہو گے قید جہالت میں کب تلک محبوس

قطعہ

اب اس زمانہ میں جبکہ زمانہ پلٹا ہے
نشانِ علم و ہنر ہر طرف سے ہے محسوس
نہیں ہے کام کا فی الحال وہ تمہارا کام
تمہاری ارث میں جو ہے زعہدِ دقیانوس
تفنگ موزر و توپ کرپ ضروری ہیں
نہیں ہیں کام کے اب تیغ و نیزہ و دبوس
دریغ و حیف کہ غفلت میں جب تمہیں دیکھا
عدو نے تم پہ بٹھایا ہے ہر طرف جاسوس

یکے برسم تجارت برد منال ترا،
یکے باسم دیانت همیکند سالوس!
خیال فاسد شان ایں بود کہ ما ہا را
زبوں کنند چو قوم یہود و قوم مجوس
خلاصہ واقف خود باش چشم خود کن باز
مشو فریفتۂ ایں گروہِ بے ناموس؛
علاج واقعہ پیش از وقوع گر نہ کنی
زکار خود بشوی نادم و خوری افسوس
اگر بمانی تو چندے دِگر بدیں منوال
نہال کفر شود در دیار تو مغروس
بجائے سبحہ و بانگ اذاں نخواہی دید
بغیر رشتۂ زنار و صیحۂ ناقوس
خموش باش بک یعا کہ در جہاں ما نیز
نمودہ ایم ترقی ولے بسے معکوس

کسی نے رسمِ تجارت سے مال لوٹ لیا
کوئی باسمِ دیانت ہے کر رہا سالوس
خیال فاسدان کا یہ ہے کہ ہم کو بھی
زبوں کریں بہ مثال یہود و قوم مجوس
وقوفِ حال کے ساتھ اپنی آنکھ بھی کھولو
نہ ہو فریفتۂ قول و فعل بے ناموس
علاج حادثہ قبل از وقوع اگر نہ کیا،
تمام عمر ملوگے تمہیں کفِ افسوس
کچھ اور دیر اگر تم اسی طرح سے رہے
درخت کفر دوبارہ سے ہوگا یاں مغروس
بجائے سبحہ و بانگِ اذاں نہ دیکھو گے
سوائے رشتۂ زنار و نغمۂ ناقوس
خموش شادآں دنیا میں ہم نے بھی آخر
ترقیاں تو بہت کیں مگر ہیں سب معکوس

قصیدہ کی بحر مجتث مثمن مخبون شعث محذوف ہے۔ بروزن مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن دوبار۔ رکن آخر شعث مقصور بھی اسکے ساتھ لا سکتے ہیں۔ میرے ترجمہ میں دو مصرعوں ذیل سے خیال فاسدان کا یہ ہے کہ ہمکو بھی + دیگر سے خموش شادآں دنیا میں ہم نے بھی آخر + کا وزن بوجہ زحاف تسکین اوسط مفاعلن مفعولن مفاعلن فعلن ہے۔

مختصر حالاتِ زندگی شادؔاں

نام و نسب:۔ سید آل حسین المعروف بہ سید اولاد حسین شادؔاں بلگرامی ابن سید تفضل حسین ابن مولوی سید فدا حسین بن سید زائر حسین بن سید طالب علی بن سید شاکر علی۔ تینتیس واسطوں سے یہ نسب امام دہم حضرت علی نقی علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔ امام مذکور کے فرزند سید علی ابو موید جعفر ثانی۔ الملقب بہ جعفر تواب کی اولاد میں ہوں۔ جعفر تواب کی پانچویں پشت میں سید محمد سامرہ سے چھٹی صدی میں بخارا آئے۔ اور انکی چوتھی پشت میں سید جلال الدین المعروف بہ سید جلال بخاری ملتان تشریف لائے۔ اور شیخ بہاؤالدین ذکریا ملتانی کے خلیفہ اور جانشین ہوئے۔ انکا مزار "اوچھ" ریاست بہاولپور میں اب تک زیارت گاہِ خاص و عام ہے۔ سید جلال بخاری ساتویں صدی ہجری میں ملتان تشریف لائے۔ انکے بیٹے سید احمد کبیر ان کے خلیفہ اور جانشین ہوئے، سید احمد کبیر کے دو بیٹے سید جلال الدین مخدوم جہانیاں جہاں گشت اور دوسرے سید صدر الدین راجو قتال قطب الاقطاب۔ دونوں اپنی شہرت کی وجہ سے زائد الوصف ہیں۔ تاریخ فرشتہ اور تذکرۃ الاولیا میں دونوں کے کرامات اور حالات درج ہیں۔ میں راجو قتال کے سلسلہ میں ہوں۔ آخر صدی ہشتم یا اوائل صدی نہم میں سید جلال بخاری کی ساتویں پشت میں سید کمال الدین بلگرام تشریف لائے اور بلگرام کے مشرقی حصہ میں آباد ہوئے۔ اور اس محلہ کا نام اوچھ کی نسبت سے اوچھی منڈی رکھا جسے اب اونچی منڈی کہتے ہیں۔ مسلسہ خاندان آئے تھے۔

بگرام کے سادات واسطے زیدی حسینی ہیں۔ انکے سر قبیلہ کا نام سید صغری ہے۔ جو فاتح بگرام مانے جاتے ہیں۔ میر خاندان اور انکی اولاد کے علاوہ محلہ ملکنپورہ میں سادات رضویہ بھی رہتے ہیں۔ سید صغری، سید کبری کے بھائی تھے اور سید کبری کی اولاد میں سادات بارہہ ہیں۔ اگرچہ میرا خاندان نقوی بخاری ہے۔ مگر بلگرام کی بود و باش سے سادات واسطی زیدی سے مصاہرت قائم ہوگئی دو سو برس کا عرصہ ہوا، کہ سید قاسم اسرار میرے ایک جد اور بھی ولی گذرے ہیں۔ جنکا ذکر میر غلام علی آزاد اپنی کتاب مآثر الکرام میں بڑے شد و مد سے کرتے ہیں۔ اور یہ آزاد کے ہمعصر تھے۔ ان کا مزار قصبہ بادن ضلع ہردوئی میں ہے۔

مذہب:۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ میرے آباؤ اجداد سب کے سب سنی المذہب تھے۔ سلطنت اودھ کے اثر سے غالباً میرے جد امجد سید شاکر علی مذکور نے مذہب تشیع اختیار کیا ہے۔ انکے بعد سب شیعہ ہوتے چلے آتے ہیں۔ اور اب کوئی ولی نہیں ہوتا، کیونکہ اہل تشیع ولایت کو ائمہ اثنا عشر پر ختم کر دیتے ہیں۔ لیکن مناکحت و مصاہرت اہل تسنن سے زمانہ حال تک رہی۔ چنانچہ میری پھوپھی کے شوہر پیرزادہ محمد زاہد سجادہ نشین بلگرام تھے۔ میر غلام علی آزاد، علامہ عبد الجلیل، میر نظام الدین، المتخلص بہ مدھ نائک میرے ناخیالی رشتہ دار ہیں۔ مدھ نائک آزاد کے ہمعصر تھے۔ آزاد ان کا ذکر سرو آزاد میں کرتے ہیں، ہندی میں شعر کہا کرتے تھے۔ بنارس میں رہ کر سنسکرت پڑھی تھی۔ اور موسیقی کے بڑے ماہر تھے۔ آزاد نے زمانہ قحط میں ان کے میگھ راگ گانے سے پانی برسنے کا قصہ اپنا چشم دید سرو آزاد میں لکھا ہے۔

اہل مذاہب، مذہب کو عقلی بتاتے ہیں۔ اور میرے نزدیک مجموعہ معتقدات

کا نام ہے۔ جس پر یُؤمِنُونَ بِالغَیبِ شاہد ہے۔ چونکہ عقولِ انسانی مختلف
مراتب رکھتے ہیں۔ اِس لئے کیسے ہو سکتا ہے۔ کہ معیارِ عقول عقلا میں مذہب
ٹھیک اُترے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ کوئی مذہب کو مانتا ہے، اور کوئی اس سے
اِنکار کر دیتا ہے۔ منکرین بھی عقلا ہیں۔ فروعات اور جزئیات میں سے بعضوں
کی تاویل کرتا ہوں، اور بعضوں سے اختلاف ہے۔ اِس کے بعد اہلِ مذہب
سے میں بھی متفق ہوں۔ ایک مدت سے آبائی مذہب تشیع ہے۔ لہذا میں بھی
شیعہ ہوں۔ سبھی کا مذہب آبائی ہوا کرتا ہے۔

محلِ ولادت و تعلیم: میرے جدِ امجد مولوی فدا حسین بڑے عابد و زاہد
تھے۔ تین بجے شب سے اُٹھ کے اوراد و وظائف میں آٹھ بجے دِن تک اپنا وقت
صرف کیا کرتے تھے۔ چنانچہ بتیس مرتبہ پورے قرآن مجید کی تلاوت کر کے اپنے
والدین اور اولاد کے علاوہ بلگرام کے دیگر سادات اغیار کی رُوحوں کو اس کا ثواب
بخشا ہے۔ بعد آٹھ بجے کے محلے کے لڑکوں کو مفت تعلیم دیا کرتے تھے، اور انہیں اوقات
میں کچھ نہ کچھ لکھا بھی کرتے تھے۔

میر غلام علی آزاد نے سادات واسطی زیدی بلگرام کا ایک نسب نامہ شجرۂ طیبہ
کے نام سے اپنے زمانے تک کا لکھا تھا۔ اور میرے ایک دادا غالب علی کے بھائی
سید طالب علی نے سادات بخاری کا نسب نامہ فارسی میں مرتب کیا تھا۔ میرے
دادا فدا حسین مرحوم نے دونوں کی تکمیل اپنے زمانۂ حیات تک میں کی ہے
اکثر اہلِ شجرہ ذکور کا ذکر کیا کرتے ہیں۔ مگر اِن دونوں شجروں میں ذکور و اناث
دونوں کا ذکر ہے۔ جس سے صحیح النسب والحسب ہونے کا پتہ چلتا ہے
اب بلگرامی سادات۔ کے پاس میرے دادا ہی کے لکھے ہوئے دونوں
نسب ناموں کی نقل ہے۔

اِس نسب نامہ سادات بخاری میں میری پیدائش ۱۲۹۴ھ بمقام آرہ ضلع شاہ آباد صوبہ بہار میں لکھی ہے۔ میرے دادا وہاں مختاری کرتے تھے، اِس لئے میری پیدائش سے ایک سال قبل سے میرے والدین کا وہیں قیام تھا۔ میں اور میری چھوٹی بہن جو مجھ سے ڈھائی برس چھوٹی تھیں آرہ میں پیدا ہوئے۔ جب میں ریاست رامپور میں ملازم تھا۔ تو ان چھوٹی بہن کا انتقال میرے پاس رامپور میں ۱۹۱۷ء عمر میں ہوا۔ اور مجھ سے بڑی دو بہنوں کی پیدائش بلگرام میں ہوئی، جو ماشاء اللہ ابھی بقید حیات ہیں۔ تین برس کی جب میری عمر ہوئی، تو میری والدہ مع اولاد دادا کیساتھ بلگرام چلی آئیں۔ پانچ سال کی عمر میں دادا ہی نے بسم اللہ پڑھائی۔ اور انہیں سے ابتدائی تعلیم پاتا رہا۔ ان کے علاوہ میر بہادر علی و میر محمد تقوی و سید وارث علی بلگرامی سے بھی ابتدائی کتابیں پڑھی ہیں۔ نو برس کی عمر میں بلگرام اُردو مڈل سکول میں داخل کیا گیا۔ صبح کو دادا سے اور دس بجے سے اسکول میں۔ اور سہ پہر کو مولوی کرار علی پیش نماز بلگرامی سے عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھتا تھا۔ آج کل کے لحاظ سے اُردو مڈل کے ماتحت درجہ تک بلگرام میں تعلیم پائی۔

جب میری عمر چودہ سال کی ہوئی۔ تو میری بڑی ہمشیر کی شادی حجۃ الاسلام مجتہد العصر مولانا سید محمد حسین صاحب سے اور چھوٹی بہن کی اُن کے چھوٹے بھائی مولوی سید رضا حسین سے ہوئی، خاندان اجتہاد لکھنؤ کے یہ دونوں بزرگ تھے۔ اصلاً نصیر آباد ضلع رائے بریلی کے انکے جد قبلہ مولوی سید دلدار علی صاحب، الملقب بجناب غفران مآب سادات نقویہ میں سے تھے۔ نواب سعادت علی خاں شاہ اودھ کے زمانہ میں عراق

سے اجتہاد کی تعلیم حاصل کر کے آئے منطق کی کتاب حمد اللہ پر ان کے
حواشی چھپے ہیں۔ اور عماد الاسلام علم کلام میں پانچ ضخیم جلدوں میں انکی
تصنیف سے ہے۔ اسکی دو جلدیں چھپ چکی ہیں شاہِ اودھ نے ان کو
چار سلم گاؤں ضلع رائے بریلی میں اور تین گاؤں ضلع اناؤ میں مرحمت فرمائے
اور دو ہزار کی پنشن مقرر کی۔ اور قاضی القضاۃ بنایا۔ ان کے بعد انکے بیٹے
مولوی سید محمد صاحب مسند اجتہاد پر فائز ہوئے۔ رسم تاجپوشی شاہانِ اودھ
کی انہیں دونوں بزرگوں کے ہاتھ سے ادا ہوتی تھی۔ انکے بعد مولوی بندہ حسین
صاحب ملک العلماء مجتہد اور جانشین ہوئے۔ مولوی سید کرار علی صاحب
بلگرامی انہیں کے شاگرد تھے، اور میرے استاد۔ انکے بعد مولوی سید ابوالحسن
المعروف بجناب بچھن صاحب میرے بہنوئی مولوی سید محمد حسین المعروف
بجناب علن صاحب، کے چھوٹے بھائی مسند اجتہاد پر فائز ہوئے، انکے
انتقال پر انکے بڑے بھائی اور میرے بہنوئی جناب علن صاحب مسند
اجتہاد پر متمکن ہوئے۔ جنہوں نے اپنے والد ماجد سے تعلیم حاصل کی تھی۔
اور عراق سے بھی اجازۂ اجتہاد لائے تھے۔ میرے تین بھانجے اور تین
بھانجیاں پیدا ہوئیں۔ جناب علن صاحب کی گورنر کے دربار میں کرسی
تھی۔ اور حاضریٔ عدالت سے مستثنیٰ تھے۔ علوم عقلیہ کے بڑے استاد ماہر
تھے۔ مولوی عبد الحی صاحب فرنگی محلی مرحوم کا زمانہ تھا۔ جید طلبہ اہل تسنن
حمد اللہ، قاضی مبارک، صدرا، شمس بازغہ جناب علن صاحب سے پڑھنے
آتے تھے۔ سید محمد ہادی صاحب مجتہد برادر خورد جناب مولانا سید محمد باقر صاحب
مجتہد فقیہہ مرحوم و مولوی سید آقا حسن صاحب مجتہد مرحوم و مولوی سید
سبط حسین صاحب مجتہد جناب علن صاحب ہی کے شاگرد ہیں، اور تھے۔

نواب حیدر علی خانصاحب برادر خورد نواب کلب علی خانصاحب والی ریاست رامپور نے جناب علن صاحب اعلیٰ مقامہ کو عالیجناب نواب سید حامد علی خانصاحب بالقابہ مرحوم والی ریاست رام پور سے ملایا۔ اور نواب مرحوم نے دوسو روپیہ ماہوار ان کی تنخواہ معین کر کے انکی تقلید اختیار کی جناب علن صاحب مرحوم عیدین کی نماز پڑھانے اور ایام عزا میں رامپور تشریف لیجایا کرتے تھے جناب علن صاحب کا انتقال ۱۹۰۷ء میں لکھنؤ میں ہوا۔ تو نواب رامپور مرحوم نے اُنکے بڑے بیٹے مولوی سید محمد مرحوم میرے بھانجے کے سو روپیہ ماہوار وظیفہ معین کر کے عراق برائے تعلیم بھیجدیا۔ وہاں کے تین مجتہدین سے اجازۂ اجتہاد حاصل کر چکے تھے۔ کہ ۱۹۱۰ء میں اٹھائیس برس کی عمر میں کربلا ہی میں ہیضہ سے انتقال ہوا۔ اور روضۂ امام حسین علیہ السلام کے ایک حجرہ میں مدفون ہیں۔ مرحوم مولوی سید محمد نے اپنے کل خاندان کو کربلا بلا لیا تھا۔ مرحوم کی چھوٹی بہن یہیں سے دق کی بیمار گئی تھیں۔ اُن کا بھی کربلا ہی میں چھبیس برس کی عمر میں انتقال ہوا۔ اور وہیں مدفون ہیں۔

اب میرے دو بھانجے مولوی سید دلدار علی المعروف بہ منّے آغا راز اجتہادی زندہ ہیں۔ شعر خوب کہہ لیتے ہیں۔ اور اخباروں کے لئے سیاسی مضامین خوب لکھ لیتے ہیں۔ رائے بریلی کے اطراف کے گاؤں کا انتظام کرتے ہیں جو جناب علن صاحب کے ورثہ کو میراث میں ملے ہیں۔ اور مولوی سید اختر حسین المعروف بہ مولوی سید رضی ہدف اجتہادی پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات مولوی و منشی فاضل اور لکھنؤ یونیورسٹی کا امتحان دبیر کامل پاس ہیں۔ اور مجھ سے تعلیم پائی ہے۔ ایران میں تین برس رہنے کی وجہ سے زبان حال فارسی پر خوب عبور ہے۔ لغات جدیدہ فارسی کا ایک لغت لکھ رہے ہیں۔

بلاتکلف ایرانی لہجہ میں فارسی بولتے ہیں۔ اور فارسی و اردو میں شعر خوب کہہ لیتے ہیں۔ ایک بھانجی کی شادی مولوی سید سبط محمد ہادی المعروف بہ مولوی کلن صاحب سلمہ سے ہوئی۔ جو جناب میر آغا صاحب مجتہد مرحوم فقیہہ کے صاحبزادہ ہیں۔ اور فی الحال ریاست مرشد آباد بنگال میں پیش نماز اور واعظ ہیں۔ اُن کی دو لڑکیاں ہیں۔ اور میری چھوٹی بھانجی ابھی نا کتخدا ہیں۔ منے آغا راز سلمہ کی شادی میری منجھلی ہمشیر کی اکلوتی لڑکی سے ہوئی جنکا انتقال ہو گیا۔ ایک لڑکا مولوی سید سکندر آغا سلمہ چھوڑا، جو لکھنؤ کے شیعہ کالج کے میٹرک کلاس میں تعلیم پا رہا ہے۔ اور مجھ سے دونوں بڑی بہنیں الحمد للہ ابھی بقید حیات ہیں۔

مَیں ایک غریب خاندان کا فرد ہوں۔ جب میں تیرہ برس کا تھا، تو میرے والد ماجد کا بلگرام میں آکر کنٹھ مالے سے انتقال ہو گیا۔ دادا کے بلگرام چلے آنے پر مظفر پور بہار میں میرے والد تحصیل میں امین تھے۔ جب میری بہنوں کی شادی لکھنؤ میں ہوئی، تو میری بڑی بہن مجھ کو اپنے ساتھ لکھنؤ لے آئیں۔ اور مَیں نے چرچ مشن اسکول میں انگریزی پڑھنا شروع کی۔ اس زمانہ میں انگریزی مڈل کا امتحان ڈیپارٹمنٹل ہوا کرتا تھا۔ مَیں نے یہ امتحان سنٹی نیل، امریکن مشن ہائی سکول لکھنؤ سے پاس کیا۔ اور نواں درجہ راجہ امیر حسن خاں صاحب مرحوم والئ ریاست محمود آباد اودھ کے نئے کھولے ہوئے رفاہ عام ہائی سکول میں پڑھا۔ اور دسویں درجہ میں پھر سنٹی نیل ہائی اسکول میں چلا گیا۔ اس زمانے میں جناب علن صاحب کے چھوٹے بھائی جناب بچھن صاحب برسر اقتدار تھے۔ اور جناب علن صاحب کو صرف پچاس روپیہ ماہوار گذارہ ملا کرتا تھا۔ اِسی اثنا میں میٹرک کی فیس بارہ آنے سے تین روپے ہو گئی۔ اور جناب علن صاحب کے متعدد اولاد ہو چکی تھی۔ اِس لئے فیس کے ادا کرنے کی کوئی صورت نہ نکلی۔ مجبوراً مجھے تعلیم انگریزی ترک کرنا پڑی۔ اور مَیں

ڈپٹی سید رضا حسین صاحب بلگرامی کے پاس سہارنپور بغرض حصول ملازمت چلا گیا، انہوں نے ڈپٹی کمشنر کی کچہری میں امیدوار کرا دیا۔

جناب علن صاحب کے چھوٹے بھائی جناب کچھن صاحب راجہ محمود آباد کے مدرسہ عالیہ واقع کوٹھی رفاہِ عام کے ٹرسٹی تھے۔ اِس مدرسہ میں تعلیم انگریزی انٹرنس تک، اُردو مڈل، عربی کے تین اور فارسی کے تین درجے تھے۔ اِس اثنا میں جناب کچھن صاحب کا انتقال ہیضہ سے ہو گیا۔ اور جناب علن صاحب علاوہ مسند نشین اجتہاد ہونے کے اِس مدرسہ کے ٹرسٹی بھی اپنے بھائی کی طرح ہوئے۔ اور مجھکو سہارنپور سے بلا کے انگریزی کے چھٹے درجے کا مدرس بنایا۔ فارسی تو ایک حد تک میں اپنے دادا سے پڑھ چکا تھا۔ اُس کا آگے مطالعہ بطور خود جاری رکھا۔ اور عربی جناب علن صاحب سے پڑھتا رہا۔ بہت جلد مدرسہ عالیہ میں یہ ترمیم ہوئی، کہ انگریزی کے کُل درجے اور اُردو مڈل کو توڑ دیا گیا۔ اور مجھے درجہ منشی کی تعلیم کیلئے مقرر کیا گیا۔ اس زمانہ میں امتحانات علوم مشرقی پنجاب کا سنٹر لکھنؤ بھی تھا۔ درجہ منشی کو پڑھا کے اپنے طلبہ کے ساتھ میں نے امتحان درجہ منشی و اسپیشل ٹسٹ اِن انگلش ۱۸۹۵ء میں لکھنؤ سے پاس کیا۔ پھر ۱۸۹۶ء میں امتحان مولوی و منشی عالم دیا۔ اور ۱۸۹۷ء میں امتحان منشی فاضل پاس کیا۔

نواب میر مہدی حسین صاحب ماہرؔ جو خاندانِ اجتہاد کے ایک معزز فرد تھے۔ اور اُنکے دونوں بیٹوں سید نظیر حسین و سید عابد حسین مرحومین نے مجھ سے پڑھا تھا۔ اور نواب تاج محل صاحبہ زوجہ نصیر الدین حیدر شاہ اودھ کے داماد ہونے کی وجہ سے سات لاکھ روپیہ اُنکے ہاتھ لگا تھا، تو نواب ہو گئے تھے شاعری میں جناب امیر مرحوم لکھنوی کے شاگرد تھے۔ مرآۃ الخیال انکا دیوان چھپ چکا ہے

قوتِ تخیل اُن کی بہت بلند تھی، مرثیہ بے مثل کہتے تھے ۔میر انیس اور مرزا دبیر
اعلی اللہ مقامہما کے مقابلے میں لکھنؤ والوں کو انہیں بھی اعلیٰ مرثیہ گو ماننا پڑا، چونکہ
امیر آدمی تھے ۔ہزاروں روپے صرف کر کے مجالس کیا کرتے تھے ۔اور اپنے تصنیف
مراثی خود بڑے جوش میں پڑھا کرتے تھے۔ مَیں نے متعدد مرتبہ ان مراثی کے چھپوانے
کا مشورہ دیا۔ مگر وہ کسی مصلحت سے اس پر راضی نہ ہوئے۔ ان کے انتقال کے
بعد یہ مراثی انکے بڑے بیٹے سید نظیر حسین مرحوم کے پاس رہے۔ اور سید
بندہ کاظم صاحب جاوید کا دیوان اور مراثی بھی انہیں کے ہاتھ لگے تھے، نظیر حسین
نے کچھ مراثی جاوید کے نواب مظفر علیخاں صاحب رئیس جانسٹھ کے ہاتھ بیچ
ڈالے۔ باقی کلام ماہر و جاوید کا نظیر حسین کے انتقال کے بعد نہ معلوم کیا ہوا۔
جاوید مرحوم اور مَیں شاعری میں خورشید لکھنوی کے شاگرد ہیں۔ جاوید بہت
خوش گو شاعر تھے۔ اور انکا شمار لکھنؤ کے اساتذۂ شعرا میں ہوتا تھا۔

جناب ماہر مرحوم نے نواب خاص محل صاحبہ زوجہ واجد علی شاہ مرحوم
کے پوتے نواب ننھے مرزا صاحب مرحوم سے ان کا مقدمہ نواب پیارے صاحب
کے مقابلے میں مول لیکر ہائی کورٹ کلکتہ میں داخل کیا تھا۔ انہوں نے مجھے نوکر
رکھ کے اس مقدمہ کی پیروی میں کلکتہ بھیجدیا۔ ایک سال کلکتہ میں رہا، اور بیمار ہو کر
لکھنؤ واپس آگیا۔ اس مقدمہ میں لندن تک لڑنے میں کوئی تین لاکھ روپیہ ماہر
نے صرف کیا۔ دعویٰ تو ڈیڑھ کروڑ کا تھا۔ مگر ڈگری آٹھ لاکھ کی ہوئی چونکہ پیارے صاحب
مدعا علیہ نے جواہرات اور نقد روپیہ سب سلطنت فرانس میں رکھا تھا۔ اسلئے ضرورت
تھی، کہ ڈگری وصول کرنے کے لئے پھر از سر نو فرانس میں مقدمہ دائر کیا جائے۔
نظیر حسین کے پاس اتنا روپیہ نہ تھا۔ اور گریٹ وار بھی شروع ہو گئی۔ غرضیکہ یہ روپیہ
ماہر کے دونوں بیٹوں کو نہ ملا۔ اور ان دونوں کا انتقال ہو گیا۔

سنہ ۱۹۰۰ء میں جناب عِلّن صاحب نے مدرسہ عالیہ کی ٹرسٹی شپ سے استعفےٰ دیا۔ ان کے تتبع میں مَیں نے بھی استعفےٰ دے دیا۔ اسی سنہ ۱۹۰۰ء میں جناب ماہر کے بیٹے سید نظیر حسین اپنے ایک دوست مرزا واجد علی بنارسی سے ملنے چلے (یہ شخص ریاست رامپور میں داروغہ اسلحہ خانہ تھے۔ اور بندوق سے نشانہ خوب لگاتے تھے) مجھے بھی اپنے ساتھ لیا۔ جو مکان رامپور میں کرایہ پر لیا۔ اس سے قریب مولوی فرخی صاحب استاد حضور سید حامد علی خانصاحب بالقابہٗ والی ریاست رامپور کا مکان تھا۔ جناب فرخی اس زمانہ میں سررشتہ تعلیمات علوم مشرقی کے ڈائرکٹر تھے۔ اور رامپور کا مشہور مدرسہ عالیہ انکے تحت میں تھا۔ شعبان کا مہینہ تھا اور امتحان سالانہ کا زمانہ قریب تھا۔ مجھ سے خواہش کی، کہ مَیں سوالات بناؤں اور جوابات کی کاپیاں جانچ کے نتیجہ مرتب کردوں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ مولوی فرخی صاحب فارسی جدید کے بڑے ماہر تھے۔ سفرنامہ شاہِ ایران کی انہوں نے فرہنگ لکھی تھی۔ اور ترجمہ بھی چھپوایا تھا۔ میں تو رمضان میں لکھنؤ چلا آیا۔

مدرسہ عالیہ میں قدیم درس فارسی و عربی کی تعلیم ہوتی تھی۔ جب مجھ سے معلوم ہُوا، کہ پنجاب یونیورسٹی میں امتحانات عربی و فارسی ہوتے ہیں تو مدارالمہام عبدالغفور سے کہہ کے میرا تقرر مدرسہ عالیہ کی فارسی پروفیسری پر کرا کے مجھے لکھنؤ سے بلوا لیا۔ ۶ر فروری سنہ ۱۹۰۱ء میں مَینے اپنے عہدہ کا چارج لیا۔ اور منظوری مدارالمہام عربی و فارسی کے درجات مدرسہ عالیہ میں کھلوائے۔ طلبہ امتحانات علومِ مشرقی پنجاب دیتے رہے۔ اس سے یہ فائدہ ہُوا، کہ ریاست رامپور کے لوگ سند حاصل کرنے کے بعد اضلاع یو، پی کے ہائی اسکولوں میں مدرس فارسی ہونے لگے تیئس سال اس مدرسہ میں پڑھاتا رہا۔ محمد تقی شادماں کو مَیں اپنے ساتھ لیگیا تھا جناب فرخی سے کہکے عالم کا مدرس انکو بنوایا۔

سنہ ۱۹۱۱ء میں مئو چھاؤنی کے کالج میں ایک پروفیسری فارسی کی جگہ خالی ہوئی - اس کے لئے مَیں نے درخواست دی اور میرا تقرر ہو گیا - مگر اس زمانہ میں مدرسہ عالیہ کے ڈائرکٹر جناب مولانا نجم الحسن صاحب مجتہد لکھنوی ڈائرکٹر تھے - اُنہوں نے جنرل ڈائرکٹر صاحبزادہ مصطفٰے علیخان صاحب مرحوم سے کہکے مجھے جانے ندیا - اور میری کچھ ترقی کرادی -

سنہ ۱۹۲۳ء میں اورینٹل کالج لاہور میں درجہ منشی فاضل کیلئے ایک پروفیسر کی وانٹ اخباروں میں شائع ہوئی - مَیں نے بھی ایک درخواست بھیجدی - باوجود عدم شناسائی این این مترا ہیڈ کلارک پرنسپلس آفس اورینٹل کالج لاہور نے اے، سی، وولنر صاحب بہادر پرنسپل کے حضور میں میری سفارش کی - اور حسنِ اتفاق سے میرا تقرر ہو گیا - ۱۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء کو میں رامپور سے لاہور چلا آیا -

ضرورت

عالیجناب محمد شفیع صاحب وائس پرنسپل صاحب اورینٹل کالج لاہور نے اپنی عنایت اور ماتحت نوازی سے امتحان فارسی میٹرک کا ممتحن بنایا - اور جب ایک مدت ممتحنی ختم ہو جاتی ہے . تو کبھی اُردو کا اور کبھی عربی کا ممتحن بناتے چلے آرہے ہیں - درمیان میں ایک مدت کیلئے پروفیشنسی اِن اُردو کا پیپر سٹر اور اگزامنر بھی مقرر فرمایا - اور یونیورسٹی کا ایڈڈ ممبر بھی بنایا - انکی اِس عنایت بے غایت کا کس زبان سے شکریہ ادا کروں جناب ڈاکٹر محمد اقبال صاحب پرشین پروفیسر آف دی پنجاب یونیورسٹی کی تحریک سے ایم، اے فارسی کا لیکچرر مقرر ہوا -

جنوری سنہ ۱۹۳۲ء میں ناگپور یونیورسٹی نے مجھے ایف، اے کی اُردو کا ممتحن مقرر کیا - مَیں نے سوالات بجائے اِنشیورڈ (بیمہ) رجسٹرڈ بھیج دیئے -

میری اس فرو گذاشت کی وجہ سے میرا نام ممتحنی سے خارج کر دیا گیا۔ اس ۱۹۳۵ء سے لکھنؤ یونیورسٹی کا بھی پیپر سٹر اور ممتحن ہوں۔

ازدواج و اولاد:۔ جب میری عمر بارہ سال کی تھی، تو میرے چچا سید تجمل حسین مرحوم کے یہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی، والد کی مرضی سے میری والدہ مرحومہ نے جن کا انتقال تریسٹھ برس کی عمر میں لکھنؤ میں ہوا۔ جبکہ میں رام پور میں ملازم تھا اور جناب غفرانمآب کے امام باڑہ میں دفن ہیں، اس ولادت سے قریب منگنی کا پیغام دیدیا۔ زمانہ قیام لکھنؤ میں ۱۸۹۳ء میں جب میری عمر کوئی بیس سال کی ہوگی واجد علی شاہ مرحوم کے انتقال کے بعد انکے یہاں کی چھوٹی ہوئی ماما سے جو قوم کی کہاری تھیں اور باشندہ لکھنؤ۔ میں نے متعہ کر لیا۔ کیونکہ منگیتر زوجہ اُس وقت صرف آٹھ برس کی تھیں۔ انکا انتقال ۱۹۳۰ء میں میری بھانجی کے گھر پر لکھنؤ میں ہوا جبکہ میں لاہور میں تھا۔ اور یہ بھی امام باڑہ غفرانمآب میں دفن ہیں۔ ان سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔

جب میری عمر تیس سال کی تھی، تو چچا کی بیٹی سے عقد ہوا۔ دو حمل ساقط ہوئے۔ ایک بلگرام میں، اور ایک رامپور میں۔ تیسرے حمل میں لڑکی پیدا ہوئی، جو دو برس کی ہو کر مر گئی۔ اُس کی ولادت میں قابلہ کی ناقابلیت سے زوجہ میں کچھ ایسا نقصان پیدا ہوا۔ کہ پھر انعقاد حمل اب تک نہ ہوا۔ مجھے اولاد کی تمنا کبھی نہ تھی اسلئے اولاد کیلئے ایک جدید عقد کا ارادہ کبھی نہیں کیا۔

سفر:۔ کلکتہ اور سہارنپور جانے کا ذکر اُوپر آگیا۔ جب جناب علن صاحب کے انتقال کے بعد نواب رام پور مرحوم نے میرے بڑے بھانجے مولوی سید محمد المعروف بہ بڑے آغا مرحوم کو وظیفہ دیکر عراق بھیجدیا۔ تو انہوں نے اپنے کل خاندان کو کربلا یا ایک قافلہ لکھنؤ سے روانہ ہوا۔ اور چار لڑکیوں اور چار عورتیں

کو رام پور سے لیکر مَیں روانہ ہوا - جس دن مَیں بمبئی پہنچا، لکھنو والا قافلہ جہاز پر سوار ہو کر روانہ ہو چکا تھا۔ اب مجھے آٹھ دن جہاز کے انتظار میں ٹھہرنا پڑا - پھر مَیں نے بھی ان عورتوں اور بچوّں کے ساتھ سفر کربلا کیا - بنابر رواج کاظمین علیہما السلام میں روضۂ مبارک کے اندر گیا - روضۂ امام حسین علیہ السلام کے صحن مبارک میں روزانہ جاتا تھا - مگر روضہ مبارک کے اندر نہیں گیا - اس کے یہ معنے نہیں کہ مَیں اُن سے عقیدت نہیں رکھتا - انکی عظمت اور شخصیّت میرے ذہن میں کیا عجب ہے - کہ ایک شیعہ شخص سے زیادہ ہو - بقول خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ ؎

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ	دین است حسینؑ و دیں پناہ است حسینؑ
سر داد و ندا د دست در دستِ یزید	واللہ کہ بنائے لا الٰہ است حسینؑ ،

"جب من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا" عمارت میں کیا ہے - محبّت و عظمت ہونا چاہیئے - چونکہ میری چھٹی کربلا ہی میں قریب ختم پہنچی - کیونکہ آٹھ دن مجھے بمبئی میں بیکار ٹھہرنا پڑا تھا - اِس لئے نجف اشرف اور سامرہ نہ جا سکا -

شاعری لکھنؤ میں قیام کیوجہ سے ابتدا ء جوانی میں مجھے شاعری کا شوق چرّایا اور جناب مولوی سید محمد اصطفےٰ صاحب خورشید سے تلمّذ حاصل کیا - یہ بزرگ بھی خاندان اجتہاد کے تھے - جناب علن صاحب کے چچا زاد بھائی اور جناب ماہر کے داماد تھے - یہ جناب امید بندہ کاظم جاوید کے باپ تھے - اور امید آغا ہجو صاحب ہندی مترجم بعض اجلاد بوستان خیال و شارح درّہ نادرہ کے شاگرد تھے - تراجم بوستانِ خیال کو نولکشور نے چھاپا ہے - اور شرح درّہ نادرہ کا اصلی نسخہ کتب خانہ ریاست رام پور میں ہے - ہندی نواب عاشور علیخاں کے

شاگرد اور عزیز بھی تھے۔ عاشور علیخاں نواب سعادت علی خاں شاہِ اودھ کے بھائی تھے اور عاشور علیخاں کسی کے شاگرد نہ تھے۔

آٹھ سال تک شاعری کرتا رہا۔ پچاس ساٹھ غزلیں کہی ہونگی۔ میرے اُستاد لکھنؤ سے ایک رسالہ (انتخاب) نکالا کرتے تھے۔ اُس میں نو شعر سے زیادہ کسی شاعر کے نہ چھپتے تھے۔ اسمیں بہت سی غزلیں میری چھپی ہیں۔ معیار لکھنؤ، کمال دہلی، اور تہذیب رامپور میں بھی میری غزلیں چھپی ہیں۔ انتخاب میں نثر کلام نہیں چھپتا تھا۔ باقی تین رسالوں میں میرے نثر کے مضامین بھی چھپے ہیں۔ نثر کے مضامین زیادہ تر تہذیب رام پور میں نکلے ہیں۔ اب مضامین نثر اورینٹل کالج میگزین لاہور میں چھپا کرتے ہیں۔

۱۹۰۳ء میں جب میں رام پور میں تھا۔ اور میری کتابیں لکھنؤ میں میری ممتوعہ کے گھر پر رہا کرتی تھیں۔ تو اُن کے بھائی نے میرا جمع کیا ہوا کلام، اور کلیاتِ انوری جس کی میں نے بڑی محنت سے تصحیح اور تحشّی کی تھی۔ لکھنؤ کے نخاس میں کچھ آنوں میں بیچ ڈالا۔ کلیاتِ انوری کے ضائع ہونے کا افسوس اب تک ہے۔ دیوان گیا، تو اچھا ہی ہوا، کیونکہ میں اپنے آپ کو شاعر نہیں پاتا ہوں۔ اس کے بعد سے شاعری کا خیال ہی چھوڑ دیا۔ لیکن اب قصائد اور رباعیات اور صوری و معنوی تاریخیں وغیرہ کہہ کے دے دیتا ہوں، یا شروح کتب درسیہ میں کتاب کی تمام یا بعض نظموں کا ترجمہ نظم میں کر دیتا ہوں۔ یا کچھ لوگوں کے کلام کی اصلاح کر دیتا ہوں۔

جب ذکر شاعری آگیا، تو حسب سنت تذکرہ نویسی چند اشعار بھی جو مجھے یاد رہ گئے ہیں، سنت کے پورا کرنے کے لئے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔ مجھے کلام اُردو حضرت غالب مرحوم کا بہت پسند ہے۔ چنانچہ خلاف فیصلہ جمہور

بجائے حضرت میر تقی میر کے غالب ہی کو غزلگوئی میں فائق مانتا ہوں۔ اور خاتم الشعرا حضرت انیس مرحوم کو۔ اسی لئے اکثر انہیں کی غزلوں کو مہرِ مشق بنایا ہے۔ وھی ھذا

سب اُس کی برش تیغِ نظر کو دیکھتے ہیں — یہ لوگ کیوں نہیں میرے جگر کو دیکھتے ہیں
غلط ہے یہ مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں — سب اس بہانہ سے انکی نظر کو دیکھتے ہیں
بہت ہی تھوڑی ہے دُنیا میں عمر دونوں کی — دِل اپنا دیکھ کے شمعِ سحر کو دیکھتے ہیں
یہ جانتے تو نہ خوگر ستم کے یوں ہوتے — ہم اپنی آہ میں اب کچھ اثر کو دیکھتے ہیں

کہاں تو دامنِ سفاک اور کہاں یہ رنگ
ہم اس رسائیٔ خونِ جگر کو دیکھتے ہیں

شکوہ ظلم و ستم او ستم ایجاد نہیں — گھٹکے ارمان نکلتے ہیں یہ فریاد نہیں

سامنے جاتا ہوں کیا اُنسے شکایت میں کروں
اسقدر رنج اٹھائے کہ مجھے یاد نہیں،

پھر مجھے وعدہ خلافی کی شکایت کیا ہے — وہ تو واقف ہی نہیں ہیں شبِ فرقت کیا ہے

اِک جگہ مجمعِ عشاق کا ہو جانا ہے
حشر کہتے ہیں کسے اور قیامت کیا ہے

آپکے ظلم کی اے جان بس اب ہوگئی حد — وقت آخر بھی نہ پوچھا تری حسرت کیا ہے

قیدِ ہستی سے جو چھوٹیں تو رہائی پائیں،
قیدیٔ کنجِ قفس کے لئے مدت کیا ہے

میری اُنکی حالتیں فرقت میں یکساں ہوگئیں — یاں طبیعت بگڑی واں زلفیں پریشاں ہوگئیں
آج کس کی اُلجھنیں و رِاے مریجاں ہوگئیں — کس کے ہاتھوں سے تری زلفیں پریشاں ہوگئیں
دوست کا جو دوست ہو دشمن اسے کیونکر کہیں — الفتیں غیروں کی پھر کیوں آفتِ جاں ہوگئیں،

برہمی زلفوں کی کچھ بیجا نہیں اے جانِ جاں
آپ کی نازک مزاجی سے پریشاں ہو گئیں
پڑ گیا زلفوں پہ بھی اس کے تلوّن کا اثر
گر ابھی سنوریں ابھی دم میں پریشاں ہو گئیں
ہے تحیّر کس کے ہاتھوں میں انہیں چین آئے گا
جب ترے شانہ پہ یہ زلفیں پریشاں ہو گئیں
مجھکو کہئے یاں تو قسمت ہی گئی اپنی بگڑ
آپ کی تو صرف زلفیں ہی پریشاں ہو گئیں
میری بزمِ تعزیت میں کونسا ہو گا بناؤ
جب ابھی سے آپ کی زلفیں پریشاں ہو گئیں

مجھ پہ جو کچھ فراق میں گذری،
میں اُسے جانوں یا خدا جانے
وصل کی شب کسی کو تڑپانا،
شرم جانے تری حیا جانے،

باغباں بیکسے چھری آیا ہے فصلِ گل میں
اسطرح بخت میں لکھا تھا رہا ہو جانا

رسالہ رہنمائے تعلیم لاہور میں جو میری سوانحمری مع تصویر نکلی ہے۔ اس میں اس سے زیادہ اشعار ہیں۔ اور اس میں دو تاریخیں بھی چھپی ہیں۔ اور ذوق کی ایک غزل کی تخمیس میں نے کی تھی۔ اُس کا ایک بند بھی درج ہے۔ لیکن یہاں اسی قدر کافی ہے۔

ازالۂ اغلاط

لالہ سری رام صاحب مرحوم دہلوی نے اپنے تذکرہ خمخانۂ جاوید کی جلد چہارم میں میری لائف لکھی ہے۔ اور نمونۂ کلام بھی دیا ہے۔ مجھ سے تو اُنہوں نے مانگی نہ تھی۔ نہ معلوم کس سے کس طرح اُن کو میرے حالات معلوم ہوئے تھے۔ اُسمیں کچھ غلطیاں ہیں۔ جن کی تصحیح میں یہاں کرتا ہوں۔ اور تمنّا کرتا ہوں، کہ اگر اس جلد کے دوبارہ چھپنے کی نوبت آئے۔ تو اُن کے جانشین اس کی تصحیح فرمادیں۔ یا آئندہ کسی جلد میں ایک نوٹ کے ذریعہ سے صحیح کر دیں۔ یہ تمنّا میں اپنی کتاب

کشف المعضلات فی حل المعمیات (حدائق البلاغہ) میں بھی کرچکا ہوں۔

قولہ ان کا بیان ہے۔ کہ انکا نسب ۳۲ واسطوں سے جناب امام دہم علی نقی علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔ اور انکے اجداد میں سید جلال بخاری نظام الدین اولیا۔ مخدوم جہانیان جہان گشت بھی ہیں۔

شاداں مجھ سے میری لائف نہ انہوں نے مانگی، اور نہ میں نے بھیجی۔ پھر الفاظ "ان کا بیان" مطابق واقع نہیں۔ گو ہے تو ایسا ہی۔ اگر نسب کے بارہ میں سب شاعروں کے لئے اسی شاعر کا قول نقل کرتے ہیں، تو یہ عادت جاریہ قرار پائے گی۔ ورنہ ان الفاظ سے یہ توہم ہوتا ہے۔ کہ انکو اسمیں شک ہے۔ اور صحت کی ذمہ واری سے اپنے آپ کو بری کرنا چاہتے ہیں۔ نسب ایک ظنی چیز ہے۔ جب تک اس کا برخلاف کسی کو معلوم نہ ہو، تو سوا اس کے کہنے پر اعتبار کرنے کے اور چارۂ کار کیا ہے۔ دوسرے نظام الدین کے ساتھ لفظ اولیا بڑھا کے حقیقت کے خلاف کردیا۔ سید نظام الدین المتخلص بہ مدھ نائک المعروف بہ میر مدھ نائک میرے ایک نانا ہیں۔ جن کا ذکر میر غلام علی آزاد اپنے تذکرہ سرو آزاد میں کرتے ہیں۔ اور میں انکا ذکر اوپر کرچکا ہوں۔ نظام الدین اولیا سے میرا نسبی تعلق کوئی بھی نہیں۔

قولہ نواب سید نظیر حسین خلف ماہر لکھنوی کی سفارش سے رام پور کے مدرسہ عالیہ میں ان کا تقرر ہوا۔

شاداں میں انکے ساتھ رام پور گیا تھا۔ مگر مولوی فرخی صاحب مرحوم استاد نواب حامد علی خاں مرحوم بالقابہٗ کی تحریک و سفارش سے مدار المہام عبدالغفور نے تقرر کیا تھا۔

قولہ خمخانہ میری تصنیف شرح معمائے جام لکھی ہے۔

شاداں یہ کاتب کی غلطی ہے۔ وہ شرح معمائے جامی ہے، جو ابتک چھپی نہیں۔ اب میرے تصانیف مطبوعات کی تعداد تیئیس ہے۔

قولہ غلط ہے یہ مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں
یہ لوگ کیوں نہیں میری نظر کو دیکھتے ہیں

شاداں کو اپنے اس مطلع پر ناز ہے۔ اس میں شک نہیں، اس شعر میں ایک لطیف اور نازک خیال پیدا کیا گیا ہے۔ اور دیدار محبوب کا عجیب و غریب حیلہ نکالا گیا ہے۔ مگر اس مطلع کے دونوں مصرعوں میں "یہ۔ اور کیوں نہیں" کی تعقید نے تمام معنوی خوبیوں پر پانی پھیر دیا ہے۔ کاش اس شعر میں جیسے عمدہ معانی پیدا کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ادائے بیان میں بھی تعقید کا اُلجھاؤ نہ ہوتا تو خوبی دوبالا ہو جاتی۔

شاداں میں نہیں سمجھ سکا، کہ مؤلف کو میرے ناز کا علم کس وسیلہ سے ہوا۔ مجھے اپنی کسی بات پر ناز نہیں۔ جب کوئی بات مجھ میں ہوتی، تو بھی ناز نہ کرتا۔ علی الخصوص شاعری پر ناز۔ اس سے پیشتر لکھ چکا ہوں، کہ شاعری کیلئے اپنے آپکو موزوں نہ پایا۔ اس لئے اس سے ہاتھ اُٹھایا۔

بحالتِ موجودہ اگر یہ کہوں، کہ یہ شعر میرا نہیں، تو بے جا نہ ہوگا۔ کیونکہ میرے ان دو مطلعوں

سب اس کی پرسش تیغ نظر کو دیکھتے ہیں — یہ لوگ کیوں نہیں میرے جگر کو دیکھتے ہیں
غلط ہے یہ مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں — سب اس بہانہ سے اُنکی نظر کو دیکھتے ہیں

کی قطع و برید کر کے وہ مطلع بنا ہے۔ اس صورت میں نہ شعر کے مضمون کی تعریف کا استحقاق سب مجھے ہے۔ اور نہ تعقید کے اعتراض کا مورد الزام میں ہوں۔ اس غزل کے دونوں مطلعے جس طرح میں نے لکھے ہیں۔ رسالہ انتخاب لکھنؤ میں ۱۸۹۵ء

ہیں اور رسالہ نیرنگ رامپور میں ۱۹۱۰ء میں چھپ چکے ہیں۔

نگاہِ لطف تمہاری جدھر کو دیکھتے ہیں — تمہارے چاہنے والے اُدھر کو دیکھتے ہیں

قولہٗ تعجب ہے۔ کہ ایسے محقق کے کلام میں ایسی کمزوری کیوں موجود ہے۔ اِسلئے کہ "ایدھر اور جدھر کا قافیہ ناجائز ہے۔ شاید یہ اوائل عمری اور نومشقی کے زمانے کا کلام ہو۔"

شاداں لفظ محقق کا میں شایاں نہ تھا۔ اور نہ ہوں۔ تاویل کا ممنون ہوں کہ ابتدائے شاعری کا یہ مطلع بتا کے میری فروگذاشت کو معاف فرمایا۔ میری ابتدا انتہا اور انتہا ابتدا ہے۔ کیونکہ شاعری سے دیر تک تعلق نہیں رکھا۔ ناجائز سے مقصود جناب مرحوم ایطاء ہے۔

اساتذہ نے ایطاء کی بغرض توسیع میدان شاعری دو قسمیں کی ہیں۔ ایک جلی اور دوسری خفی۔ جلی کو ناجائز اور خفی کو جائز قرار دیتے ہیں۔ اسمیں شک نہیں، کہ ایدھر اور جدھر میں کلمہ دھر ہم معنے ہے۔ مگر اس کلمہ سے مرکب الفاظ میں ایطاء خفی مان کر متاخرین اور متقدمین میں سے کسی نے بھی اِس سے احتراز نہ کیا۔ اور بلا تامل استعمال کرتے ہیں۔ جناب ذوق اِسی طرح کے مطلع میں ارشاد فرماتے ہیں۔

سلام کرتے ہیں انکو جدھر کو دیکھتے ہیں — اور انکو دیکھو ذرا وہ کدھر کو دیکھتے ہیں

اِس مطلع میں بھی جدھر اور کدھر کی وہی حالت ہے۔ جو میرے مطلع کے قوافی کی ہے۔ اہل ایران ایسے کلموں میں جو ایک ہی لفظ سے مرکب ہوں۔ مگر معانی مختلف ہو جائیں۔ تو پھر ان کلمات میں نہ ایطاء خفی مانتے ہیں، نہ جلی۔ امثلہ ملاحظہ ہوں۔ ملک الشعراء بہار سلمہ فرماتے ہیں۔

سلطنت بہر شہاں باستم و ظلم نپاند — جان نثارے پے اصلاحِ وطن باید و شاید

تا کہ ہمت نکنی کس بر جنت در نگشاید ! مرد آنست کہ لب بندد و بازو بکشاید

شعر ثانی میں دونوں جگہ کشاید ہے صرف نفی اور اثبات کے صیغے ہونے سے ایطاً نہ ہوا - مرزا حسین دانش نے خاقانی کے ایک قصیدہ کی تضمین کی ہے - جس کا ایک بند یہ ہے -

از وادیٔ ایمن بُود وقت گذر دجلہ امروز چرا ویران شد رہگذر دجلہ
زافتادن طاق آمد آوخ خطہ دجلہ بشکست ازیں آسیب آرے کمر دجلہ

از آتش حسرت ہیں بریاں جگر دجلہ
خود آب شنیدستی کاتش کندش بریاں

ظاہر ہے - کہ گذر ہی سے ترکیب رہگذر کی ہے - حضرت امیر خسرو علیہ الرحمۃ اپنی مشہور کتاب قران السعدین میں عنوان گرما کے ماتحت ارشاد فرماتے ہیں -

باد زنہ دست بدست ہمہ وزدم او باد بدست ہمہ

ولہ

باد خزاں آمد از انجا کہ بود خشک شدہ شاخ ہمانجا کہ بود

ظاہر ہے - کہ ازاں اور ہماں دونوں آں سے مرکب ہیں - بااینہمہ ایطا نہیں مانا - خواجوئے کرمانی اپنے ساقی نامہ میں فرماتے ہیں -

بدہ ساقی آں لعل یاقوت رنگ کہ برد از رخ لعل و یاقوت رنگ

امثلہ کثیر ہیں کہاں تک لکھوں - اتنے ہی شواہد کافی ہیں -

اب رہا انتخاب کلام اسمیں کسی پر کیا الزام لگایا جائے - طبائع مختلف ہیں اسلئے ہر شخص اپنی پسند کے موافق انتخاب لکھا کرتا ہے - لہذا اس بارہ میں کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں -

نمونتہً دو تاریخیں بھی درج ذیل ہیں۔

قطعہ

بر سال وفات بشیر الدین احمد صاحب ۲۵ ماہ صفر فی سنہ یکہزار و سیصد و چہل و شش
سنہ ۱۳۴۶ھ سنہ ۱۹۲۷ء

در جناں رفتہ بشیر الدین احمد از جہاں | پیش باب خود نذیر احمد کہ بُد عالی وقار
گفت شاداں سالِ مرگش صوری و ہم معنوی | یکہزار و سہ صد و چہل بعد ازیں شش بر شمار

از لطائف تصانیف پروفیسر سید اولاد حسین شاداں سنہ ۱۹۲۷ء

ایک تاریخ سے پانچ تاریخیں نکلتی ہیں۔

یہ دوسری تاریخ آنریبل سر عبد القادر جج کی دختر نیک اختر کی وفات پر ان کے داماد کی فرمائش پر کہی تھی۔

قطعہ جامع فی وفات زوجہ جناب عبد اللطیف تپش سنہ ۱۹۲۶ء

سیوم ربیع الثانی سال یکہزار و سیصد و چہل پنج سنہ ہجری سنہ ۱۹۲۶ء

صوری جو میلادی ہو تو ہجری معنوی سے ہو عیاں | اس رنگ سے کس نے کبھی قطعہ کہا ہے یا سنا
شاداں نے جب کچھ فکر کی آیا یہ مصرع ناگہاں | ایس سو چھبیس میں ہے ارتحالِ پُر عنا

سنہ ۱۳۴۵ھ

از تصانیف لطیف پروفیسر سید اولاد حسین شاداں سنہ ۱۹۲۶ء

اس سے بھی پانچ تاریخیں نکلتی ہیں۔

تفصیل تالیفات مطبوعہ حقیر شاداں بلگرامی!

---

(۱) شرح معاون معاصر حدائق البلاغہ بار اول سنہ ۱۹۱۱ء مطبع سعیدی ریاست رامپور

بار دیگر	سنہ ۱۹۲۸ء	شیخ مبارک علی لاہور
(۲) دیباچہ درہ نادرہ مع تصحیح و تحشی	سنہ ۱۹۱۲ء	مطبع سعیدی رام پور
(۳) شرح مرد خسیس حامل المتن مع مقدمہ و ترجمہ و فرہنگ -	سنہ ۱۹۲۰ء	دیوانچند پرنٹنگ ورکس لاہور
بار دیگر	سنہ ۱۹۲۶ء	شیخ مبارک علی لاہور .
(۴) انتخاب درۂ نادرہ داخل نصاب امتحان منشی فاضل مع تصحیح و تحشی	سنہ ۱۹۲۳ء	〃 〃 〃 〃
(۵) کامل ترجمہ مقامات حمیدی	سنہ ۱۹۲۲ء	〃 〃 〃 〃
بار دیگر	سنہ ۱۹۲۹ء	〃 〃 〃 〃
بار سوم	سنہ ۱۹۳۱ء	〃 〃 〃 〃
(۶) خلاصہ درۂ نادرہ	سنہ ۱۹۲۳ء	〃 〃 〃 〃
(۷) فرہنگ حاجی بابا	سنہ ۱۹۲۴ء	〃 〃 〃 〃
بار دیگر	سنہ ۱۹۳۰ء	〃 〃 〃 〃
(۸) فرہنگ سرگذشت وزیر خاں لنکراں	سنہ ۱۹۲۵ء	〃 〃 〃 〃
(۹) تصحیح و تحشی مہر نیمروز غالب	سنہ ۱۹۲۵ء	〃 〃 〃 〃
(۱۰) تصحیح و تحشی انتقادی بحر العروض	سنہ ۱۹۲۵ء	مبارک علی و جان محمد
(۱۱) شرح قصائد خاقانی داخل نصاب دبیر کامل لکھنؤ یونیورسٹی	سنہ ۱۹۲۶ء	انوار المطابع نخاس لکھنؤ
(۱۲) شرح انٹرمیڈیئٹ کورس فارسی پنجاب	سنہ ۱۹۲۷ء	شیخ مبارک علی لاہور
(۱۳) فرہنگ قصائد قاآنی ردیف الف و با	سنہ ۱۹۲۷ء	جان محمد لاہور
(۱۴) فرہنگ تاریخ وصاف	سنہ ۱۹۲۸ء	شیخ مبارک علی لاہور
بار دیگر	سنہ ۱۹۳۰ء	〃 〃 〃 〃

(۱۵) خلاصہ تاریخ وصاف	۱۹۲۸ء	شیخ مبارک علی لاہور
بار دیگر	۱۹۲۹ء	" " "
(۱۶) شرح دفتر سوم ابوالفضل	"	" " "
(۱۷) تصحیح سرگذشت حاجی بابا	"	" " "
(۱۸) تصحیح تاریخ وصاف	"	" " "
(۱۹) فرہنگ سیاحت نامہ ابراہیم بیگ جلد اول	۱۹۳۱ء	" " "
(۲۰) فرہنگ دفتر اول ابوالفضل	۱۹۳۰ء	" " "
(۲۱) شرح وکلائے مرافعہ حال المتن مع مقدمہ وترجمہ وفرہنگ	۱۹۳۲ء	" " "
(۲۲) شرح گلشن معانی بی اے کورس پنجاب	۱۹۳۲ء	ہندی پریس لاہور
(۲۳) فرہنگ سیاحت نامہ ابراہیم بیگ جلد دوم	۱۹۳۵ء	شیخ مبارک علی لاہور

سینکڑوں شاگردوں میں سے چند کے نام ذیل میں لکھے جاتے ہیں

۱	ڈاکٹر وجاہت حسین صدیقی عندلیب شادانی پی ایچ ڈی ایم اے ایم او ایل منشی فاضل	پروفیسر ڈھاکہ یونیورسٹی بنگال
۲	میمن عبدالعزیز اسیف مولوی منشی فاضل	عربی پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڈھ
۳	مولوی سید محمد صاحب مولوی فاضل و منشی فاضل واعظ مشہور	پروفیسر اینگلو اریبک کالج دہلی

۴	محمد باقر سلمانی نبیرہ شمس العلما جناب آزاد مرحوم۔ ایم اے۔ ایم او ایل بی ٹی۔ منشی فاضل ٹرینڈ	پروفیسر اینگلو اریبک کالج دہلی
۵	فدا حسین بریلوی منشی فاضل	پروفیسر انٹر کالج مراد آباد
۶	مشتاق احمد خاں منشی فاضل	" " "
۷	سید یوسف مسیح المعروف بہ منیر آغا اشہر لکھنوی بی اے و منشی فاضل	پروفیسر انٹر کالج جھانسی
۸	ورک چند شہیر بی اے منشی فاضل شاعری میں بھی مجھ سے مشورہ لیتے ہیں۔	فی الحال طالب علم ایم اے
۹	محمد دین فاخر لدھیانوی بی اے	فی الحال طالب علم ایم اے
۱۰	سید باقر علیخاں نجفی، لندنی لکھنوی پیش نماز و واعظ مولوی فاضل و منشی فاضل۔ او ٹی	ہیڈ پرشین ٹیچر گورنمنٹ ہائی اسکول۔ باغبانپورہ۔ لاہور
۱۱	سید محمد تقی شادماں لکھنوی علاوہ تعلیم میرے تربیت یافتہ بھی ہیں	بعد میرے مدرسہ عالیہ رامپور میں میرے جانشین ہیں۔
۱۲	عبد الباقی امروہوی منشی فاضل	لیٹ پروفیسر جودھپور کالج
۱۳	سید محمد علی مراد آبادی	پروفیسر کوٹہ بونڈی کالج
۱۴	حامد حسن قادری منشی فاضل بچھراؤنی	پروفیسر مشن کالج آگرہ
۱۵	سید محمود شادانی منشی فاضل آنرز ان اُردو منشی کامل و اعلیٰ قابلیت الہ آباد	بی اے میں پڑھتے ہیں، شارح رباعیات عمر خیام و وقائع عالمگیری

۱۶	مفتی مظہر جلیل شادانی شارح وقائع عالمگیری وہمایوں نامہ۔ رباعیات عمر خیام منشی فاضل	تعلیم پا رہے ہیں۔
۱۷	مرزا محمد ہادی واثق شادانی رامپوری منشی فاضل۔ ٹرینڈ (او، ٹی)	ہیڈ پرشین ٹیچر اسلامیہ ہائی اسکول لاہور انجمن حمایت اسلام کیلئے اردو اور فارسی کے رسٹ تیار کئے ہیں۔
۱۸	مرزا محمد ہادی عزیز لکھنوی شاعر مشہور	منصرم کتب خانہ ریاست محمود آباد
۱۹	غلام ناصر خاں نگار شادانی، رام پوری بی اے۔ منشی فاضل ٹرینڈ (ایس اے وی)	ٹیچر سنٹرل ماڈل گورنمنٹ ہائی اسکول لاہور
۲۰	فضل الدین فیاض ہریانوی بی اے شاگرد بذریعہ تحریر	پروفیسر مشن کالج انبالہ
۲۱	خدا بخش منشی فاضل او ٹی	ہیڈ پرشین ٹیچر اسلامیہ ہائی اسکول لاہور
۲۲	فضل الٰہی منشی فاضل۔ صرف شاعری میں شاگرد ہیں	مدرس مڈل اسکول چوبرجی لاہور
۲۳	ابن حسن۔ منشی فاضل۔ ایم اے ایم او ایل	واعظ مشہور پروفیسر نیشنل کالج دہلی
۲۴	سید اختر حسین المدعو بہ مولوی سید رضی ہدف اجتہادی لکھنوی سلمہ منشی فاضل،، دبیر کامل، میرے حقیقی بھانجے ہیں، جدید فارسی کا لغت لکھ رہے ہیں	زمیندار موضع فراح رائے بریلی۔ واو ناؤ - یو۔پی

۲۵	سید آلِ مجتبےٰ اشادانی عرف بچے میاں بلگرامی، پیرزادہ۔ میرے رشتہ کے بھتیجے ہیں	تعلیم پا رہے ہیں۔
۲۶	محمد اقبال صافی ایم اے۔ ایم او ایل منشی فاضل۔ بی ٹی۔	ہیڈ ماسٹر سانگلا ہل۔ گورنمنٹ ہائی اسکول (پنجاب)
۲۷	خورسند بہادر سیاح۔ ایم اے۔ ایم او ایل۔ منشی فاضل	ہیڈ پرشین ٹیچر سناتن دھرم ہائی اسکول لاہور

اخلاق و عادات

اس عنوان کو پہلے قصداً چھوڑا تھا۔ کیونکہ خودستائی ہوتی ہے۔ مگر لائف ناتمام نہ رہے۔ اِسلئے یہاں مختصراً لکھے دیتا ہوں۔ نفس کے مارنے کی کوشش مدت سے جاری ہے۔ دوسروں کی سختی برداشت کر لیتا ہوں۔ اِنتقام کی کوشش کبھی نہیں کرتا۔ کوئی بھی پڑھنے آئے مصنفات کی اصلاح چاہے، اپنا ہرج کرکے دوسروں کا کام کر دیتا ہوں۔ خود سادہ زندگی بسر کرتا ہوں۔ کم یا زیادہ جو آمدنی ہوتی ہے، وہ متعلقین اور اعزہ پر صرف کر دیتا ہوں۔ قومی، مذہبی، خیراتی کاموں میں بھی پیسہ صرف ہوتا ہے۔ تعلّی و تفاخر سے بہت دُور ہوں۔ جہانتک ہوسکتا ہے احسان کر دیتا ہوں، احسان اٹھانا پسند نہیں۔ جھوٹ سے احتراز کی سعی کرتا رہتا ہوں۔ عیوب سے بری ذاتِ الٰہی ہے۔ مجھ میں بھی ہونگے۔ مگر اپنے عیوب کس کو دکھائی دیتے ہیں، جو کچھ لائف میں لکھا ہے۔ بنا بر واقعہ ہے۔

فرہنگ سیاحت نامہ ابراہیم بیگ جلد دوم!

از

مولانا شاداں بلگرامی

فرہنگ حیات نامہ ابراہیم بیگ

جلد دوم

صفحہ ۲

بنام ایزد بسیار بخشائندہ مہربان - اہل ایران نے یہ ترجمہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا کیا ہے - (مہربان ، محافظ مہر و محبت ،)

حمد - ثنا بر جمیل از روئے تعظیم - کسی کی ثنا بلحاظ اس کی خوبی کے - حمد صرف ذی حیات کیلئے ہے - اور بعد احسان اسکا اطلاق نہیں ہوتا ہے - برخلاف مدح کہ یہ قبل احسان کیجاتی ہے - اور ذی حیات اور غیر ذوی العقول دونوں کے لیئے ہوتی ہے - (فرائد اللغة)

سپاس - سہ پاس سے مرکب ہے - یعنی لسان وارکان وجنان سے شکر منعم کرتے رہنا - معنی ترکیبی تین چیزوں کی حفاظت -

وہم - حواس خمسہ باطنی میں سے ایک حاسہ کا نام -

قیاس - بحجر اندازہ کردن -

الملک - مراد اللہ تعالیٰ -

اذعان - الاسراع فی الطاعة (طاعت میں سرعت) تذلیل و تحقیر کو اس میں دخل نہیں (طاعة) موافقت امر اور یہ اعم ہے - عبادة سے کیونکر (عبادة) کا استعمال تعظیم آلہی کے ساتھ ہوتا ہے اور طاعة خدا اور غیر خدا کی موافقت حکم کا نام ہے (عبادة) وہ تعظیم جس کا نفع بعد موت مقصود ہو - اور (خدمت) وہ تعظیم جس کا نفع قبل از موت مقصود ہو - (عبودیة) اظہار تذلل برخلاف عبادة کہ یہ زیادہ بلیغ ہے - کیونکہ اسمیں

غایۃ تذلل پایا جاتا ہے۔ اور طاعۃ عمل
بر ماموربہ ہے۔ چاہے مستحب ہو۔ اور ترک
منہیات چاہے مکروہ ہو۔ پس دیون کا
ادا کرنا اور زوجہ و اولاد کو نفقہ دینا اور
مثل اس کے طاعۃ خدا ہے۔ نہ عبادۃ
اور طاعۃ غیر خدا کی لیئے بھی جائز ہے،
جبکہ معصیت نہ ہو۔ اور عبادت سوا
خدا کے اور کسی کیلئے جائز نہیں۔

احسان۔ نکوئی۔ بھلائی۔ وہ فعل
جس کا نفع دوسرے کو پہونچے۔ یہ اعم
ہے انعام سے اور **افضال** اعم ہے
انعام و جود سے۔ اور بعض کہتے ہیں،
کہ افضال اخص ہے احسان و انعام
سے۔ کیونکہ افضال اعطاء بالعوض کا
نام ہے اور یہ دونوں مطلق اعطاء ہیں،

عدل۔ برابر کرنا۔ انصاف۔ انصاف
دو برابر کے ٹکڑے کرنا۔ کیونکہ نصف
سے بنا ہے۔ برابری۔ مساوات،
در حقوق۔

يَأْمُرُكُمْ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ
(اللہ) تم کو عدل اور احسان کا حکم
دیتا ہے۔

اَمر۔ وہ حکم جس میں عمل کی ترغیب
اور اس کے ترک پر زجر ہو۔

مفاد۔ فحوا۔ مضمون (افادہ)
فائدہ پہنچانا۔

فحشاء۔ وہ فعل جس سے طبع سلیم
نفرت کرے۔ اقبح ذنب۔

منکر۔ وہ امر جسمیں عقل حسن کو نہ تجویز
کرے۔ وہ قول یا فعل جس میں رضائے
الٰہی نہ ہو۔ ضد معروف ہے۔ منکرات
و مناکر اس کی جمع ہے۔ (اللہ کا برا اور
ناشائستہ سے منع کرتا ہے) الفاظ کے
معانی جو میں لکھ رہا ہوں۔ یہ لغات متداولہ
سے نہیں۔ بلکہ ان کے ماخذ اور ہیں،
مثل فقہ اللغۃ سیوطی۔ فرائد اللغۃ فی
الفروق۔ و اضداد۔ و شرح مقامات
حریری، وغیرہ۔

بے اعتدالی۔ انحراف از قدر واجب۔

صراط۔ وہ راہ جسمیں نہ موڑ ہو، اور
نہ کجی۔ راہ راست۔

طریق۔ وہ راستہ جس پر لوگ چلتے

ہوں، یا نہ چلتے ہوں۔ سبیل۔ وہی
راہ جس پر چلتے ہوں۔ سِکّہ۔ وہ راستہ،
جس میں نشیب و فراز ہو۔ راہ مستوی
مرصاد۔ نجد۔ طریق واضح۔ محجّۃ۔
وسط الطریق و معظم آن۔ سبیل کا استعمال
اکثر راہِ خیر میں ہوتا ہے۔ صراط کیلئے
یہ امر ضروری نہیں۔ اِسی لیے اس کو
صفت کے ساتھ موصوف کرتے
ہیں، یا مضاف۔ جیسے صراط المستقیم۔
پیوستہ۔ پوستن بمعنے اِتّصال سے
مفعول کا صیغہ ہے۔ ملا ہُوا، متصل۔
لگاتار۔ اسی سے لازمی معنے ہمیشہ اور
دائم کے ہوئے۔

تزکیہ۔ تطہیر۔ اصلاح۔ پاک کردن
خلق۔ بضم نفس کی وہ ہیئت راسخہ
کہ جس کی وجہ سے اس سے افعال
بلا فکر و رویّۃ بآسانی صادر ہوں۔
جمعش اخلاق۔

تکبّر۔ بروزن تفعّل اپنی ذات کو دوسرے
سے بڑا سمجھنا۔ کبھی یہ استحقاق کیساتھ
ہوتا ہے۔ اِسی لئے خدا کی صفت میں
متکبر لاتے ہیں نہ مستکبر کیونکہ استکبار
اپنے آپ کو بغیر استحقاق بڑا سمجھنے
کو کہتے ہیں۔

مَنِیّت۔ من جو ضمیر متکلم واحد ہے۔
اُس میں یائے مصدری فارسی کی ملائی
پھر بلا لحاظ یائے مصدری اس میں تائے
مصدری عربی کی لگا دی۔ یا یوں کہو،
کہ من میں یت مصدری لگائی ہے،
جیسے کیفیت۔ مقبولیت وغیرہ میں
بمعنی انانیت، غرور، تکبر۔ پندار،
عجب۔

اِجتناب۔ جنب سے نکلا ہے۔
کنارہ کشی۔ پہلو تہی۔ کیونکہ جنب کے
معنی پہلو، طرف اور کنارہ کے ہیں۔
پھر۔ احتراز کرنا۔ بچنا۔ پرہیز کرنا اسکے
لازمی معنے ہیں۔

اگرچہ اِس طرح لکھنا ایک ادب آموز
کے لیے بہت مفید ہے۔ مگر طول بیحد
ہو جائیگا۔ جو کتاب کے حل کے لیے
زیادہ مفید بھی نہیں۔ اور امیدواران
امتحان کے لئے بار ہو جائے گا۔

اُن کا نصاب یوں ہی کیا کم ہے۔ اِسلئے
اب یہاں سے اتنا ہی لکھونگا جو حل
مطلب کیلئے کافی ہو۔
اَمّا بعد۔ (۱) بعد حمد و نعت و منقبت۔ اگرچہ
اس کتاب میں صرف مختصر حمد ہے۔ یہ
کلمہ اختصار کلام کے لئے لایا
جاتا ہے۔
خاموشیِ آتش۔ آگ کا بجھنا۔
الحاق۔ صحیح اطاق۔ کمرہ پد ستش
صحیح و دستش۔ دست بدامن
رسیدن۔ چومنے کیلئے کسی بزرگ
ہستی کے دامن کیطرف ہاتھ بڑھانا۔
ایران میں ازروئے تعظیم دامن بوسی
اور قدم بوسی دونوں رواج ہے حاجی بابا
گفتار سوم۔ جبکہ ارسلان سلطان کی حجامت
حاجی بابا بنا چکا۔ "در ظاہر از روئے
سپاس گذاری خم گردیدہ دامنش بوسیدم"
یا اینکہ صحیح با اینکہ ابائے ابجد نہ بیائے
حطی؛ باوجودیکہ
ضبط کردن۔ نوشتن
تعصّب۔ حمایت کردن۔ یاری دادن

طرفداری نمودن (منتخب)
بکلیہ۔ سختی و رنج۔

صفحہ ۴۲

مآل۔ مرجع و نتیجہ و انجام و مفاد (منجد)
طبع و نشر۔ چھاپنا اور شائع کرنا۔
To Print and Publish
جد صحیح جِدّ۔ کوشش و سعی (انجیم نرجار)
التماس۔ درخواست کردن خواہش
نمودن۔ ایسے الفاظ صرف اس لئے لکھے گئے
ہوں تاکہ معنی و نفی حقیقی طلبہ کو معلوم
ہوجائیں۔ ایسے الفاظ کے اکثر معانی
مجازی یا لازمی بتائے جاتے ہیں۔ کیونکہ
اِلتماس کی تعبیر علی العموم عرض سے
کرتے ہیں۔
مُبلَغ۔ اظہارِ تعداد رقم کے لیے لاتے
ہیں۔ اِس لفظ کو محض اعراب بتانے کے
لیے لکھا۔ کیونکہ بضم اول و کسر ثالث
زبان زد ہے۔
تومان۔ بہت عام سکہ ایران میں
قران ہے جو چاندی کا ہوتا ہے۔ اسکی
تعبیر (Franc) فرانک فرانسیسی

سکہ سے کی جا سکتی ہے۔ ایک فرانک ساڑھے نو پنس کا ہوتا ہے۔ اور 25.22 فرانک کا ایک پونڈ اسٹرلنگ۔ ایک قران بیس شاہی کا دس شاہی برابر ایک ہزار دینار کے۔ اور دینار ایک خیالی سکہ ہے۔ دس قران کا ایک تومان ہوتا ہے۔ جو سونے کا سکہ ہے اس حساب سے تومان کوئی چھ روپیہ کا ہوا۔

مصری سکے۔ سو پیاستر کا ایک پونڈ ہزار غروش یا قروش کا ایک پاونڈ۔ اور مصر کا پاونڈ۔ ایک اسٹرلنگ پاونڈ اور ساڑھے چھ پنس کے برابر ہوتا ہے چالیس پارہ کا ایک پیاستر ہوتا ہے۔ ترکی پاونڈ سو پیاستر کا۔ اور ایک پیاستر اٹھارہ شلنگ کے برابر ہوتا ہے چوتھائی لیرہ سے لیکر اوپر کے سب سکے سونے کے ہیں۔ بیس پیاستر سے نیچے کے سکے چاندی کے ہیں۔

(سکونکا ذکر انگریزی ڈکشنری کنسائز مرتبہ انڈیل سے کیا گیا ہے)

پول سیاہ۔ ایک ایرانی سکہ جو پیسہ کے برابر ہے۔ تانبے کا ہوتا ہے۔ اور **پول سپید** نکل کا ایرانی سکہ ہے۔

بشلغ۔ ترکی سکہ۔ جب ترکوں کی حکومت عرب پر تھی، تو عراق میں اس کی قیمت سوا روپیہ تھی۔ اور چاندی کا سکہ تھا۔ یا دس آنے کا تھا، اب مجھے یاد نہیں۔

مجیدی۔ ترکوں کا چاندی کا سکہ اسکی قیمت اسوقت ڈھائی روپیہ تھی۔ درہم چاندی کا سکہ۔ وزنی پونے چار ماشہ۔

(از فرائد الدریہ)

نوٹ۔ کیا کروں عادت سے مجبور ہوں کچھ نہ کچھ قلم سے زائد نکل ہی جاتا ہے۔

مباشرت۔ بخود کارے کردن۔ ارتکاب یہاں مراد قرب و آغاز۔

طبع سنگی۔ لیتھو۔ پتھر کا چھاپہ۔

طبع حرفی۔ ٹائپ کا چھاپہ۔

باصمہ۔ ٹائپ (ترکی)

باصمہ خانہ۔ ٹائپ کا پریس۔ ٹائپ کا چھاپہ خانہ۔

چاپ خانہ۔ لیتھو پریس۔ مطبع۔

بدیساں صحیح - بدبنیاں - عیب جو -
نوٹ - پانچ الفاظ زیادہ لکھ دیئے -
در بادہ - در بارہ - در حق -
حمیت - غیرت و ننگ و عار
تکذب - ربودن - چھین لینا -
نکل جانا -
ابنائے وطن ہم چیاں کہ بدبنیاں.....
نمی باشند - وطنی (ایرانی) لوگ جیسا
کہ عیب جویوں نے ان کی نسبت خیال
کیا ہے - کہ غیرت و شرم اُن سے جاتی
رہی ہے - یہ ویسے نہیں ہیں (اصلی جملہ
ابناء وطن ہمچناں نمی باشند -
در مادہ - در خلقت - در فطرت -
افترا - جھوٹا الزام - مایہ - باعث
سبب - سرمایہ -
ایں ہمہ مرد - جس نے دو سو تومان
بھیجے تھے -
ثروت - تونگری، مالداری، کثرت الناس
والمال (ترتیب مالداری) الغنیٰ
الیسار ضد العسار (الاحراف) یہ ہے،
کہ مال بڑھتا رہے - (ثروہ) لوگوں اور

مال کی زیادتی - (اثراب) اتنی کثرت
مال کی، کہ ذرات خاک کی طرح ہو -
تعریف غنا میں اختلاف ہے - کیونکہ
کوئی تھوڑے اور کوئی بہت مال سے
مستغنی ہوتا ہے - اسی امیر المومنین
علی علیہ السلام غنیٰ کی یوں تعریف
فرماتے ہیں - الغنی ترک المنیٰ -
تمناؤں کے چھوڑنے کا نام غنا ہے -
قوت - استطاعت -
معارف - جمع مَعرِف - محاسن - تعلیمات
مشاہیر - (منجد)
ارواح العالمین فداہ لوگوں کی جانیں
اسپر فدا ہوں -
اعادہ نمودن - واپس کرنا -
To Give back
ابرام - استوار کردن - مضبوط کرنا -
بٹنا - عاجز کرنا - ملول کرنا - اسی سے
ہے - قضائے مبرم فیصلہ قطعی جس سے
مفر نہو - Strengthen To
Manage with annoy,
لازمی معنی - اصرار - لجاج (ہٹ ضد)

پیچھے پڑنا۔ مجبور کرنا۔

وجہ۔ رقم۔

اِبار۔ بجبر انکار کرنا۔

اِمتناع۔ منع کرنا۔ روکنا۔

بقلم آوردن۔ تحریر میں لانا۔ لکھنا۔

بقلم دادن۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔

مطلبے مسموع شدن۔ سننے میں آنا۔

وادار نمودن۔ زور ڈالنا۔ مجبور کرنا (لابد ساختن۔ زور آوردن۔ کے معنے بھی یہی ہیں۔)

"من اورا بر آن داشتم کہ پول بدہد

To compel.

صفحہ ۸

قارئین۔ خوانندگان۔

قرائت۔ پڑھنا۔ بروزن کتابت ہے نہ بروزن رحلت۔

کرام۔ جمع کریم، دوسری جمع کریم کرما ہے بمعنی شریف و بخشندہ و سخی و جوانمرد (ضد لئیم) Noble Generous

اسلامبول۔ قسطنطنیہ۔ کانسٹنٹی نوپل

استنبول۔

عودت کردن۔ واپس ہونا۔ پلٹنا۔

سراغ داشتن۔ کسی چیز کا پتہ ہونا۔

نشان دادن۔ پتہ دینا۔ بتلانا۔

منزل۔ قیام۔ مقام۔

حلیلہ۔ زوجہ۔

بیرونی۔ مردانہ بیٹھک۔

اندرون۔ زنانخانہ۔ خصوصاً محلات شاہی۔

گوش دادن۔ سننا۔ To give ear
to hear

ہوش از سر رفتن۔ حواس جاتے رہنا۔ ہوش اڑ جانا۔

مومی الیہ۔ مشار الیہ۔

ساعت چہار و پنج۔ مراد دس گیارہ بجے۔ کیونکہ ایران و عرب میں صبح اور شام کو چھ بجے بارہ کا وقت ہوتا ہے ابتداء روز و شب ایک سے کرتے ہیں۔

حین۔ وقت۔

اکید۔ سخت۔ شدید۔

بنا کردن - گذاشتن - اُردو میں جس
جگہ لگا بولتے ہیں - مثلاً بنائے
خواندن گذاشت یعنی پڑھنے لگا
بحدِ رشد و تمیز رسیدن - بالغ و عاقل
ہونا -
اُمرا - اراکین - سردار - اعیان
دعوت کردن - بلانا Invitation
مغرب - یورپ، اروپا - فرنگستان،
مغرب زمین Occident
مشرق - مشرق زمین - آسیا -
Orient
نوامیس - جمع ناموس - عزت - آبرو،
قانون - Honour Dignity
Confidance
خائن - دغل، نارارت Treacherous
تعقیب شدن - کام کا آگے کو جاری
رہنا، اجرار - اِتباع - بعد تک ہوتے
رہنا - پیروی کرنا -
ازاں جائیکہ - چونکہ - اِسلئے کہ -
بدیں وجہ کہ - بایں حیثیت کہ - ازیں رو کہ
اس لحاظ سے کہ -

مُخدّرہ - پردہ نشین - چہ خدر بمعنے
پردہ آمدہ -
سُوءِ رفتار - بدسلوکی -
مُنفعِل - شرمندہ - خجل -
شگفت - تعجب - حیرت -

صفحہ ۵

اِستنکاف - ننگ و عار داشتن -
بے اعتنائی کردن - اِبا کردن - رد کردن
قبول نہ کردن - انکار کردن -
Refuse, scorn, loathe.
خودداری - اپنے آپ کو روکے رکھنا
Self restraint
جلوگیری - نگہداری - ضبط کرنا -
دامن بر کمر زدن - مستعد و آمادہ
ہو جانا - جب کوئی کام کرنا ہوتا ہے
تو دامنوں کو اُٹھا کر کمر پر باندھ لیتے ہیں
اسلئے بمعنی تیاری و آمادگی ہے -
مُتوکلاً علی اللہ - خدا پر بھروسا
کرکے -
متعسِّر - از عسر - دشوار -
مبادرت - سبقت - کسی چیز کے

کرنے میں جلدی کرنا۔
To run up to to hasten
اغراق۔ (مبالغہ کی تین قسمیں ہیں۔
تبلیغ۔ اغراق۔ غلو) ایسی افراط مدح
یا ذم۔ جو عقلاً و عادتاً ممکن ہو تبلیغ ہے۔
جو عقلاً ممکن اور عادتاً محال ہو۔ اغراق
ہے۔ جو عقلاً و عادتاً کسی طرح ممکن
نہ ہو، وہ غلو ہے۔
مُبالغہ۔ اِنتہا کو پہنچا دینا۔ بڑھا کے
بتانا۔ Exaggeration.
Hyperbole
اغراق۔ مبالغہ و اطناب To exceed
To exaggerate
غدغن۔ قدغن۔ ممانعت۔ روک
ٹوک۔ (ترکی)
جریمہ۔ جرمانہ۔
یمکن۔ ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے۔
خوردہ گرفتن۔ اعتراض کرنا۔
عیب لگانا۔
اربابِ حل و عقد۔ اہلِ بند و بست
صاحبان رتق و فتق امور۔ جن کے ہاتھ
میں بست و کشاد امور سلطنت ہو۔
Supreme rulers
مُنافی۔ برخلاف۔ مغایر۔ متباین۔
Inconsistent
خیر۔ نفع۔ سود۔ صرفہ۔ فائدہ خیر شخصی
ذاتی فائدہ
ابداً۔ ہرگز۔ Never
حِسّ۔ ادراک۔ Feeling
موہومی۔ وہمی۔ خیالی۔ فرضی۔
در بند۔ در قید۔ پروا۔ توجہ۔ اعتنا
خیال۔
ابن الوقتی۔ زمانہ سازی۔
پیش نہاد۔ مد نظر۔ نصب العین۔
مُتوحِّش۔ نفور۔ بھڑکنے والا۔
صلاح۔ بہبودی۔
مسلّم بدانید یا بدارید۔ متحقق اور
ثابت جان لو۔ مان لو۔
بقائے شما دریں مقامات بہ اصول
...... نخواہد شد۔ ان عہدوں کے
لئے جو اصول تم نے اپنے افعال و اعمال
کے قرار دیئے ہیں۔ ان اصولوں کے

ہوتے ہوئے تمہارا ان عہدوں پر باقی رہنا ممکن نہیں۔
وَلَو۔ اگرچہ
ہر قدر۔ کتنا ہی۔ جتنا بھی۔
روش۔ رفتار۔ سلوک۔ ڈھنگ۔
عُلُوِّ مدارج۔ بلند مرتبگی۔

صفحہ ۶

معزولیت۔ عہدہ و منصب سے ہٹ جانا۔
امروزی۔ موجودہ۔
سائر۔ تمام۔ کل۔
بکجا انجامید۔ کس حد کو پہنچا۔ کہاں سے کہاں کو پہنچا۔ کیا ہوا۔
باقبح وجہ۔ بری طرح سے۔
سر درباختن۔ جان گنوانا۔
عثمانی۔ سلطنت ترک قسطنطنیہ والی کیونکہ اِس سلطنت کے بانیٔ اوّل کا نام عثمان تھا۔
پیشہ نمودن۔ اختیار کرنا۔ درستی کے بعد "نمودہ اند" محذوف سمجھنا چاہئے
اس کو اکتفا بالاقرب کہتے ہیں۔
ماموریت۔ کسی عہدہ پر قائم ہونا۔
مواجب۔ تنخواہ۔ شہریہ۔ ماہانہ۔ اِن معنوں میں بصورتِ جمع ہی مستعمل ہے۔
مواجب مقرری۔ تنخواہ معین۔
دنائت۔ فرومائیگی۔ کمینگی۔ پستی۔
منہدم ساختن۔ ڈھا دینا۔
خطراتِ جوانب اربعہ۔ چاروں طرف کے خطرے۔ شمال و مغرب سے رُوس کا۔ اور مشرق و جنوب سے انگریزوں کا خطرہ۔
کرُور۔ فارسی میں پانچ لاکھ کو کہتے ہیں۔ اِس حساب سے ہمی ذرد بلحاظ ہندوستان ڈیڑھ کرور آبادی ایرانی سلطنت کی ہوتی ہے۔
بازیچہائے پست۔ افعالِ ناشائستہ دوں۔ (کن کن افعالِ کمینہ سے عمرِ سلطنت ختم کردی ہے)
ژاپون۔ جاپان۔
نجابت اجدادی۔ شرافت نسلی۔

امپراطور۔ زبان اطالیہ کا لفظ ہے۔
جس کے ہجے یہ ہیں۔ Imperator
(im اور em کے معنی in اور
Peratum کے معنی To order
To Commands to Prepare
فرنچ میں Empereur لکھتے ہیں۔
شہنشاہ۔
آسیا۔ ایشیا۔ دنیائے عتیق۔
بے روح و بے معنی۔ پوچ اور
لچر۔ مردہ۔ بیجان۔
نجابت۔ شرافت۔
پوچ۔ مجوف۔ اندر سے خالی۔
لچر۔
معوّج۔ ٹیڑھا۔ اعوجاج بمعنی
کجی۔
مذموم و منفور۔ قابل مذمت و
نفرت۔
لوث۔ آلودگی۔ پلیدی۔ نجاست۔
مداخل ناپاک۔ آمدنی ناجائز۔ مراد
رشوت وغیرہ۔
رشوۃ۔ بضم و بکسر اول جو رقم ابطال حق
اور احقاق باطل کیلئے دیجائے۔ انگریزی
میں Bribe (برائب) اور اردو
میں گھونس کہتے ہیں۔ زبان حال فارسی
میں اسکے معنے کھاد اور پانس کے
ہیں۔ عربی زبل اور انگریزی میں
Manure اس کا مترادف
ہے۔ صحیح از "مداخل ناپاک پاک
نمائید"
مُکنت۔ بضم قوت وقدرت۔
کثیف۔ گندہ و ناپاک۔
وِزر۔ گناہ، گرانی، بار، پشتارہ
وبال۔ ناگوار و دشوار۔ عذاب۔
باتجربہ۔ از روئے آزمائش و تحقیق۔
جانچ کے طور پر۔
ملیون۔ ایرانی دو کروڑ۔ اُردو میں
دس لاکھ۔ زبان فرانسیسی اور انگریزی
میں Million ہے۔ اور لاطینی میں
Mille ہزار کو کہتے ہیں۔
مِلیارد۔ دس ملیون۔ یعنی ایک
کروڑ۔
دم زدن۔ دعوی کرنا۔ مدعی ہونا۔

باتیں کرنا۔

بربری گری۔ وحشت۔ وحشی گری

توحش۔ عدم تمدن۔ بربریّت۔

(بربر سلطنت افغانستان میں ایک

شہر ہے۔ جہاں کے لوگ نپرٹ

جاہل اور اجڈ ہوتے ہیں۔)

عیب اینجا رست۔ عیب تو یہ ہے

عیب تو اسمیں ہے۔

عُمّال۔ جمع عامل۔ کارفرما۔ حاکم۔

عربی میں گورنر کو عامل اور ترکی

میں پاشا کہتے ہیں۔

معارف۔ تعلیمات کے علاوہ

مطبوعات و اخبارات کے معنی

بھی ہیں۔

صفحہ ۷

پودشکن۔ روس کا۔ وولٹر (والٹر)

فرانس کا۔ جان استوارٹ انگریزوں کا

اہلِ قلم ہے۔

حُرِّیت۔ آزادی۔ Political Liberty۔

آزادیٔ قلم۔ آزادیٔ مطبوعات

Liberty of Press۔

بگذارید بگوید۔ کہنے دو۔

وَالّا۔ ورنہ۔

کَاَنْ لَمْ یَکُنْ۔ گویا کہ تھا ہی نہیں

باربری۔ وحشی۔ وہی لفظ بربر ہے

جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ وحشی اور

سائر کے درمیان لفظ مِلل جمع مِلّت

بمعنی قوم چھپنے سے رہ گیا۔ بڑھا لو۔

دریغ کردن۔ پروا کرنا۔

ابداً۔ ہرگز۔ کلیتہً۔ ہیچ۔ حاشا۔

[illegible] 92

بو دند۔ میدیدند۔ میگردیدند۔ صحیح

بود ید۔ میدیدید۔ میگردید۔

ساعتِ اول۔ پہلی فرصت میں۔ سب سے

پہلے۔ فوراً ہی۔

فرّاش۔ خدمتگار۔

آردالی۔ اَرْدَلی۔ غلام۔

Orderly لفظ فرنگی سے بنا

ہے۔ (از فلٹ ڈکشنری)

فرّاش آردالی کشیکچی۔ پہرہ دار۔

سنتری۔

جنیبت - کوتل گھوڑا -
صرف نظر نمودن - اعراض کردن
کسی بات سے ہٹ جانا -
مکاتب عالیہ - کالج - کالجز
Colleges
عُرضہ دادن - پیش کرنا (بضم اول)
اور اگر بالفتح ہو - تو عرض کرنا، اور
آشکارا کرنا - سامنے لانا معانی ہونگے
(یہاں) اگر کوئی تم سے پوچھے -
کوریا - منچوریا - جاپان کے مغرب
میں دو ملک ہیں -
قیافہ - کسی کی صورت دیکھکر اس کے
عادات و خصائل بتانا - یہ لفظ اِن
معنوں میں مشہور ہے - چنانچہ
اس علم کے جاننے والے کو قیافہ
شناس بولتے ہیں - مگر لغاتِ
عربیہ میں یہ مجھے نہ ملا - البتہ قوف،
اقتاف - اور تقوّف لغت منجد میں
موجود ہیں - جس کے معانی پیروی کے
لکھے ہیں - اور قائف کے معنی اعضائے
مولود کو دیکھ کر از روئے فراست
اس کے نسب اور نژاد کو بتانے والا
لکھے ہیں - اور قوّاف - قوافہ -
اُقُوف کے معانی لکھے ہیں - وہ شخص
جو نشانِ قدم کو دیکھ کر صاحبِ نشان
کی حالت بتلائے یعنی کھوجیا - اس محل
پر - کسی کے نشانِ قدم پر چلنا - تتبع کرنا
کسی کی روش اختیار کرنا معانی
ہو سکتے ہیں -
تَقَوُّف - ای اَثَرُ فلانِ و
تتبّعہ (منجد)
نکبت - بفتح خواری - خستگی -
دردمندی (منتخب)
مَدارِج - جمع مَدرَجہ وہ شے جو افضل و
اعلیٰ کے وصول میں معین و مساعد ہو -
درجہ - سیڑھی اُس حالت میں جبب
اُس پر چڑھیں - اسیوجہ سے طبقات
جنت کو درجات کہتے ہیں - کیونکہ
جتنے اونچے ہوتے جاتے ہیں - اُتنے ہی
اعلیٰ ہوتے جاتے ہیں -
مَدارِک - جمع مَدرَکہ - سیڑھی بایں
حیثیت کہ اس سے اُتریں - وہ شے

جو پستی کی طرف لیجاتے ہیں واسطہ ہو
اسی وجہ سے درکات جہنم کے
طبقات کو کہتے ہیں۔ کیونکہ جتنا نیچے
اُترتے جائیں۔ اُتنا ہی مرتبہ جہنم کا
بڑھتا جاتا ہے۔ چنانچہ ساتوں دوزخوں
میں سب سے سخت اور پست طبقہ
ہاویہ ہے۔ اور بعضے ساتویں طبقہ کا
نام جہنم لکھتے ہیں۔

(الجنۃ درجاتٍ۔ والنار درکاتٍ)

درکات نار۔ (۱) جحیم (۲) لظی (۳)
سقر (۴) حطمہ (۵) ہاویہ (۶) سعیر
(۷) جہنم۔

درجات جنت۔ (۱) خلد۔ (۲)
دارالسلام (۳) دارالقرار (۴)
جنت عدن (۵) جنت الماوی
(۶) جنت النعیم (۷) اعلی علیین (۸)
فردوس۔

تابع۔ خادم۔

متبوع۔ مخدوم۔

پاریس۔ دارالسلطنت فرانس۔

خیابان۔ وہ سڑک جس کے دونوں
جانب درخت ہوں۔

بلوار۔ پیرس کی ایک سڑک
کا نام۔

نمبرو۔ شمارہ Fr. Numbere
L. Numeraus Eng. Number

فرانک Franc فرانس کا سکہ قیمتی
ساڑھے نو پنس (25.22 فرانک)
برابر ایک اسٹرلنگ پونڈ۔

ہیکل۔ مجسمہ۔ اسٹیچو۔ مورت۔

ینگ چری۔ ترکی میں Yeni
(ینی)، ینگی۔ ینگ کے معنی نئے کے
ہیں۔ اور Tcheri (چری) کے معنے
Militia Soldiers
(کے ہیں یعنی نئی بھرتی۔ اور سپاہی)
ترکی پیدل فوج جو عیسائی غلاموں
سے بنائی جاتی تھی۔ سنہ ۱۸۲۶ء میں
ایک بڑی لڑائی کے بعد یورپین
عیسائیوں نے اسے موقوف کرایا۔
اسی ینگ چری سے انگریزی
Janezary بنا ہے۔ مانگی
پکار۔ نئی بھرتی۔ ملیشیا فوج۔

پنگھڑیوں کے مولوی کو اور نہ -
اور ملا کہتے تھے -
قضاوت - کار قاضی کردن - یعنی
فیصلہ کرنا - ممکن ہے - کہ یہاں قساوت
یعنی سخت دلی ہو -
اسپانیا یا ہسپانیا - اسپین کا
پرانا نام ہے - عربی میں اس کو
اندلس کہتے ہیں -
بہ بیگانہ نشاں دادن - غیر کو
بتاتے ہیں -
مدنیت دعوت نکرد - تمدن و تہذیب
نہیں بلاتی ہے -

صفحہ ۸

اَظْہَرُ مِنَ الشَّمْسِ - آفتاب سے بھی
زیادہ واضح اور نمایاں -
نقطہ نقطہ مید انند - سوائے تمہارے
تمہاری ہر چھوٹی سی چھوٹی بات کو
تمام دنیا والے جانتے ہیں -
پردہ بروئے کار کشیدن - کسی بات
کو چھپانا -

جلد آ - از سر نو - کوشش کے ساتھ
اساس - بنیاد -
از میان برداشتن - نیست و نابود
کر دینا -

شرح حال یوسف عمو

عمو - ایرانی بجائے عم استعمال
کرتے ہیں - (چچا)
مسقط الراس - سر گرنے کی جگہ -
چونکہ علی العموم بچے ماں کے پیٹ
سے سر کے بل پیدا ہوتے ہیں - اسلئے
جائے پیدائش (جنم بھوم) اور زاد بوم
کو مسقط الراس کہتے ہیں - کبھی کبھی
کوئی بچہ پاؤں کے بل بھی پیدا ہوتا ہے
اسلئے اُس کی جائے پیدائش کو
مسقط الاقدام کہتے ہیں - اور ایسا بچہ
اُردو میں پائل کہلاتا ہے -
خارقان - تبریز کے علاقہ میں ایک
گاؤں کا نام ہے -
سُکنیٰ - سکونت - بود و باش
قیام -

ابوی - یہ بھی عمو کی طرح اسمائے
ستہ مکبرہ میں سے ہے - حالت
رفع میں اس کا اعراب واو سے ہوتا
ہے - اس واو اعرابی کا ایرانی لحاظ
نہ کر کے بجائے ابو استعمال کرتے
ہیں - اور اسی ابو میں یائے متکلم
ملا دیتے ہیں - ورنہ عربی قاعدہ سے
ابی ہونا چاہیئے -

بمکتب گذاشتن - مدرسہ میں
داخل یا بھرتی کرنا -

نہ سالگی - نہ سالہ کی (ہ) کو حسب
قاعدہ گاف سے بدل کے یائے
مصدری کا اضافہ کیا ہے - نو سال
والا ہونا -

استطاعت - قدرت - قوت -

تحصیل - کسب علم -

تفلیس - صوبہ قفقاز (کاکیشیا)
میں ایک شہر جو پہلے ایرانیوں کا
تھا - اور اب روسیوں کا ہے -

استدعا نمودن - کھلتا نہیں -
کہ کس سے - کیونکہ باپ مر چکا ہے
اور یوسف تفلیس میں - اور اس کا چچا
تبریز میں ہے - بعد مرگ پدر - یوسف
کا چچا کے پاس جانا بیان نہیں کیا
مگر خواہ مخواہ ماننا پڑے گا - کہ چچا ہی
سے استدعا کی -

بے سرمایہ - مفلس - کنگال -
قلاش -

نویسندہ - محرر - کلرک -
منشی -

داداش دادر - ترکی میں بھائی کو
کہتے ہیں - اور کاکا - بڑا بھائی -
یہ بھی ترکی ہے - فارسی میں بڑے
بھائی کو برادرِ ارشد کہتے ہیں -
ایران میں دادا - اور کاکا - بھی بازاری
زبان میں ہے -

برادرِ خواندہ - منہ بولا بھائی -
adapted - B

foster - B برادرِ رضاعی -
ہمشیر کو کا (اردو میں)

برادرِ صلبی - اخیافی half - B
سوتیلا بھائی -

برادرِ بطنی یا برادرِ اُمّی Uterine B.

برادر علاتی -

برادرِ زن - سالا - Wife's — B

برادرِ توام - جڑواں بھائی - Twin — B

برادری - اخوّت Brotherhood

ہمریش - ہمزلف - ساڑھو -

Brothers in law:
- برادر شوہر - دیور -
- شوہر خواہر - نند
- برادر زن - سالا
- زن خواہر - سالی

در عہدہ نمودن - اپنے ذمہ لینا -

صفحہ ۹

تاہّل ورزیدن - شادی کرنا -

کسے بامن رجوع نداشت - کسی کو مجھ سے کچھ مطلب نہ تھا -

تربیت کردن - تعلیم دینا - پڑھانا - پالنا -

ملاحت - نمکینی -

صباحت - گوراپا -

ابیات

وہ ہے ماہرو اور ہے سرو قد!
فراست کی اسکی نہیں کوئی حد
نجابت میں اور اصل میں بےنظیر
صفات اسکے ہیں سب کے سب دلپذیر

ارادہ ہے - کہ اس کتاب کی کل نظموں کا ترجمہ اردو نظم میں لکھوں - چنانچہ آدھی نظموں کا ترجمہ کر بھی چکا ہوں طول سے بچنے کے لئے اس فرہنگ میں ترجمہ منظوم داخل نہ کرونگا - ۱۲

شاداں بلگرامی

فراست - بکسر نشان و علامات و نظر سے پہچان لینا -

اصل - نژاد -

فرّخ - مبارک -

زناں - بیاہیاں -

دختراں - کنواریاں -

در کمیں نشستن - گھات میں لگے رہنا -

عصمت - پاکدامنی - عفت

پاکدامن - عفیف -

غوامض - امور - باتیں -

مفتوں - فریفتہ - شیدا -

ذکر حالات ابراہیم بیگ

چرکس - وہ لونڈی یا غلام جس کو بچپنے
میں خریدا گیا ہو - اور مثل اولاد تربیت
اور تعلیم کیجائے - اس کے بعد اپنے
گھر میں یا کہیں اور باضابطہ شادی
کردی جائے - فلٹ صاحب لکھتے
ہیں - کہ ملک سرکیشیا کے دامن کوہ قاف
میں جو مسلمان رہتے ہیں - ان کو
چرکس کہتے ہیں -

تربیت شدہ - تعلیم یافتہ -
پرورش یافتہ -

آزاد کردن - اعتاق و تعتیق -
To free a slave

عنوان - خطاب - لقب -

صفحہ ۱۰۱

خانم برنگ صحیح خانم بزرگ والدہ
ابراہیم بیگ -

ازیں ترتیبات - اس قسم کی باتوں سے

تزویج - زوجہ بنانا - شادی کرنا -

وجیہہ - حسین

ہمسری - زوجیت -

جفت - زوجہ - بیوی - ہمسر -

بغیر - علاوہ

وجاہت و معرفت - حسن و کمال

ممتازی - تشخص -

در زدن - دروازہ کھٹکھٹانا -

بفرمائید - بیٹھئے - تشریف رکھئے -

اطاق بیرونی - مردانہ کمرہ -

پاشا - گورنر - قائم مقام -

گورنر جنرل - فرمانفرما -

وضع - طرز - ڈھنگ -

رفتار نمودن - سلوک کرنا - برتاو کرنا -

ایران خواہی - دوستداری
ایران -

خواستگاری - خواستاری
منگنی -

فقرہ - بات -

مقدمات - باتیں -

غلام سیاہ - حبشی غلام -

عائلہ - لازم النفقہ -
مواجب خوار - تنخواہ دار
مکافات - بدلہ - صلہ - جزا -

صفحہ ۱۱

سرانجام کار ابراہیم بیگ و نتیجہ تعصب او

مُباحثہ - ابی البقا اور جزائری فرماتے
ہیں - بصیرت کیساتھ نظر کرنا جانبین
کا دو چیزوں ہیں اظہار صواب وحق
کیلئے - (مناظرہ) ہے - کبھی اپنی ذات
سے بھی ہوتا ہے - جس امر میں خلاف
واقع ہو - اسمیں مخاصمہ دو شخصوں کی
(مجادلہ) ہے - بعض کا قول مجادلہ
کی نسبت یہ ہے - کہ منازعت کسی
مسئلہ علمیہ میں الزام خصم کے لئے
چاہے فی نفسہ اس کا کلام فاسد ہو یا
ہو - اور جب اپنی غلطی مقابل کی
صحت معلوم ہو جائے - پھر بھی منازعت
کرتا رہے - تو یہ (مکابرہ) ہے -
اور جب اپنے اور مقابل کے کلام
کی صحت و سقم نہ معلوم ہو - اور جھگڑا
کیا جائے - تو یہ (معاندہ) ہے -

بہ لامپہ برخوردہ - لمپ سے جا کر لگی -

لامپہ - لمپ - Lamp -
Fr. Lampe L & Gr. Lampas
From Greek Lampo, to
Shine, akin Lantern

اطفاء نائرہ - آگ بجھانا -

دست دادن - حاصل ہونا -

آسیب - صدمہ - گزند -

ہیاہو - شور - ہنگامہ - ہلڑ -

ہمسائیگاں سرایت کردہ -
پڑوسیوں تک پہنچ گیا -

پولیس - نظمیہ - گزمہ - جندارمہ -
Fr. Police L. Politia Gr.
Politeia ماخوذ از Polis بمعنی
city

کمیساریا - (تھانہ) Police Station
ادارۂ نظمیہ - Police office
محکمہ خلاف - Police Court

رئیس محکمہ خلاف Police Magistrate
طولونبہ جیبان آگ بجھانیوالے۔
یانقون (ترکی) آگ۔
حریق۔ آگ۔
خیلے تعلق دارد۔ بہت لطف کی
اور مزیدار بات ہے۔
منارہ۔ ستون۔ مینار۔
قلۂ یانقون۔ مینار آتش۔
Fire Tower
دیدہ بان۔ دیدبان۔ محافظ۔ مراقب
کشیک۔ مخبر۔ نگہباں۔ Look out
Spy Informer
موکل۔ معین۔
میکشدر۔ بلند کرتا ہے۔
قراول۔ سنتری۔
نشان۔ جھنڈی
تیر توپ انداختن۔ توپ کا فیر کرنا۔
یانقون دار۔ (ترکی) آگ لگی ہے۔
بگجی۔ افسر۔ ہیڈ (قپاسنا) یا بگچی
دہانۂ بحر سیاہ دہانہ بحر اسود۔
مرکز۔ مقام Station

اُلائے۔ (ترکی) دستۂ فوج۔
(عربی) فیلق۔
علم و مشق art & Practice
حاضر۔ آمادہ۔ مہیا۔ طیار۔ موجود
Provided
شیپور۔ بگل، قرنار Bugle
حاضر باش۔ آمادہ۔ تیار Ready
عرادہ۔ ارادہ۔ گاڑی۔
بانظام مخصوص۔ قاعدہ اور قواعد
کے ساتھ۔
باب۔ اظہار عدد مکان کیلئے
آتا ہے۔

صفحہ ۱۲

طولونبہ۔ تلمبہ Fire-hose (hoz)
(لولۂ آب۔ لولۂ اطفائیہ۔
لولۂ لاستیکی) نل کرمچ یا ربڑ کا
آگ بجھانے کے لئے۔
تولونبۂ اطفائی Fire engine
نردبان مخصوص۔ برائے فرار از حریق۔

Fire escape

لیرہ - عثمانی اشرفی -

جور - قسم - نوع - طور -

الائے نظامی - دستۂ فوجی -

جمعیت اطفائیہ ہیئت اطفائیہ

آگ بجھانیوالے - Fire Campany

Fire Brigade

خانہ بر انداز - ستیاناس کرنیوالا -

برباد کن - تباہ کن -

مداخل - آمدنی -

داروغہ - کوتوال انسپکٹر -

فراشباشی - خدمتگاروں کا جمعدار -

نقی راہگیر - نقی راہگیر - اسکو پکڑو اسکو باندھو -

مصئون (بغیر ہمزہ) محفوظ - مامون -

الکلام یجر الکلام - بات سے بات نکل آتی ہے -

دہند صحیح دیدند - سقیاج صحیح احتیاج -

دراز کشیدہ بود - لمبا لمبا چت پڑا

تھا -

الحاق صحیح اُطاق

صورت - چہرہ

بیمارخانہ - بیمارستان - اسپتال

شفاخانہ - مریض خانہ -

خودبان - صرف گھروالے -

دہن قفل و بند شدن - جبڑے بیٹھ جانا

صفحہ ۱۳

دکتر - دُکتور - ڈاکٹر -

تلگراف کردن - تار دینا - تار بھیجنا -

مصمم شدن - آمادہ ہو جانا - قطعی ارادہ کر لینا -

استصواب - مشورہ -

تشریف فرمائی - آنا -

تلگراف رازدہ - تار دیکر -

میزبان - نگہدارندۂ میز - دعوت دہندہ - اِس لفظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران میں میز پر کھانا پُرانا دستور ہے - مگر محض لفظ میز اِس معنے کے

لئے نہ لغت میں ملتا ہے - اور نہ
استعمال میں کہیں دیکھا -
حاذق - باکمال - ماہر - طبیب کی صفت
میں لاتے ہیں - ورنہ خاص صفت
طبیب کی نظارسی ہے -
آلمانیا - آلماں جرمنی - فلٹ صاحب
دوسرا نام جرمنی کا نمسہ بھی لکھتے
ہیں - اور آسٹریا کا نام اطریش
بتاتے ہیں -
معرفی کردن - پہچنوانا - بتانا -
تعرفہ فرستادن - دعوت نامہ
بھیجنا - بلوانا -
حمائے خفا - بھیتری بخار -
مکروب - کیڑے - جراثیم Germs
(فارسی) ذرۂ وبائیہ - Mickalue
رحیتہ - خود کتاب میں اس لفظ کی
تعبیر و تفسیر نسخہ سے کی گئی ہے -
مگر مجھے معلوم نہ ہوا - کہ یہ کس زبان
کا لفظ ہے -
حق القدم - آنے کی فیس -
ہمگر شدن - مختلف الرائے ہونا

بالمرہ - بالکل -
از حال رفتن - کمزور ہو جانا -
بیہوش ہو جانا - غش کھانا - حالت
خراب ہو جانا -
آلۂ مخصوص - اسپتال میں
ایک آلہ ہوتا ہے - جس کو منہ میں
لگانے سے منہ کھلا رہتا ہے -
فنجان - چائے کی پیالی - اور طشتری
کو (نلبکی - یا نعلبکی کہتے ہیں -) فنجان
پنگان کا معرب ہے - جسکے معنی پیالی
اور کٹوری کے ہیں - استیکان
شیشہ کا بیچ سے تنگ چھوٹا گلاس
جس میں چائے کا رنگ پیتے ہیں

صفحہ ۱۴

بسر زدہ - سر پیٹ پیٹ کے -
حیران و پریشان ہو کر -
سبزی - ترکاری -
ترشی آلات - کھٹی چیزیں چٹنیاں -
(عربی) کوامخ

دو دستی بسر زدہ - دونوں ہاتھوں سے سر پیٹ کر -

الحاق کو کاتب بار بار الحاق ہی لکھتا ہے -

گرد آوردن - جمع کرنا -

بحال آوردن - ہوش میں لانا -

(بحال آمدن کا ضد از حال رفتن ہے)

مطلب وحشت آمیز - خبر بد -

جزع و فزع - ہر دو بفتحتین ناشکیبائی و ترس -

ہوا خوردگی - زکام -

مایحتاج - ضروریات - لوازم -

سبانہ صبح شبانہ - راتوں رات،

اختر شماری - تارے گنتا - راتوں کو جاگتے رہنا -

خود را ..... بمژدگانی بخشید - پہلے تار پر اپنی ذات کو مژدگانی کے حوالے کر دیا - یا مژدگانی میں دیدیا -

چشم براہ دوختن - منتظر رہنا - راستہ تکتے رہنا - دروازہ پر نگاہ لگی رہنا -

حالش معلوم صحیح حالش مغموم - یا محزوں - (ناسخ)

دیوانہ بنا دے عشق افلاطون کو
آتشکدہ کر دے جگرِ جیحون کو !
گر لفظِ عشق سے تر لب کو کرے
ٹکڑے کر دے وہ جامۂ مضمون کو

بازکردن - کھولنا - آشکارا کرنا -

سوختن و ساختن - جلنا اور بھرنا

طاقت طاق شدن - تحمل نہ کر سکنا -

دعوت کردن - صدا کردن - بلانا -

صفحہ ۱۰۵

عقدہ - گرہ - کار دشوار -

درگرفتن - اثر کرنا - مان لینا -

عوض کمینہ بوسہ - میری طرف سے چوم -

نیت ایں زیارت - اس ارادہ دست بوسی کو

ہے مرا ایک عقدۂ لاحل * ہو رہا ہے جو سخت دامنگیر
گر مرا التماس ہو مقبول * کروں اس معما کی پھر تقریر

نائب الزیارت - امراء اہلِ تشیع جب مرجاتے ہیں - اور اپنی زندگی میں حج یا زیارت کو نہیں جا سکتے، تو مرتے وقت ایک رقم کی وصیت اسکے لئے کرجاتے ہیں - ورثۂ متوفی اس رقم کو کسی مجتہد کے پاس بھیجدیتے ہیں، وہ مجتہد کسی معتبر آدمی کو یہ رقم دیتا ہے - اور یہ شخص اُس متوفی کی طرف سے حج یا زیارت کرتا ہے - اُس شخص کا نام نائب الزیارت یا نائب الحج رکھتے ہیں - اور ایسی زیارت و حج کا نام زیارۂ اجورہ یا حج اجورہ ہے - محبوبہ اُس دست بوسی کو اتنی اہمیت دیتی ہے کہ حاجی مسعود کو نائب الزیارت سے تعبیر کرتی ہے -

لیرہ - عثمانی اشرفی - کاتب نے اِس لفظ کو بھی متعدد جگہ بیرہ لکھکر پڑھنے والوں کو مصیبت میں ڈالدیا -

عکس انداختن - تصویر کھچوانا -

خفیۃً - چھپا کے - یوں ہی اسکا املا ہونا چاہیے - نہ یوں خفیتاً اس کے بجائے کتاب میں حقیقتاً غلط چھپا ہے -

سِرّ فاش کردن یا بروز دادن بھید ظاہر کردینا - بھانڈا پھوڑ دینا -

اکنوں ترا بخدا سپردم - اب میں تمکو خدا کے حوالے کرتا ہوں -

امان - الامان - خدا کی پناہ - اگر بعد کے جملہ سے اس کا تعلق ہو - اور پہلے سے ہو، تو یہ معنے ہونگے - تم کو خدا کی پناہ میں دیتی ہوں - صورتِ اوّل انسب ہے - اظہار راز سے احتراز کیلئے بولا گیا ہے -

پے بردن - تاڑ جانا - پتہ لگا لینا - سمجھ جانا - از قرائن خارجہ اِدھر اُدھر کی باتوں سے - ظاہری علامتوں سے -

ظن - تردد - ذہن میں امرین اگر دونوں جانب میں برابر ہو، تو (شک) ہے - اور جانب راجح کا نام (ظن) ہے اور جانب مرجوع (وہم) ہے - اور شک سبب ریب ہوتا ہے - گویا

کہ شک مبدا ر ریب ہے۔ جس طرح علم
مبدا ر یقین۔
یقین۔ جو علم کہ بعد شک حاصل ہو،
پس ہر یقین علم ہے۔ مگر ہر علم یقین
نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے اللہ کی
صفت میں متیقن نہیں لاتے۔

صفحہ ۱۶

آبگوشت۔ یخنی۔
اِسکلہ۔ (Scale) اطالیہ زبان
کا لفظ ہے۔ ساحلِ بحر۔ جہاں جہاز آکر
ٹھیرتے ہیں۔ اردو گودی۔ (تتمہ لغت
فرائد الدریہ دیکھو)
مومیا۔ دوائے معروف ملعام یہ ہوتا
کہتے ہیں۔ اسکے گھولکر پلانے سے ٹوٹی
ہڈی جُڑ جاتی ہے۔
قمرہ۔ اطاق کشتی۔ دَبوسہ۔
Cabin کمرہ فلٹ صاحب
لفظ "کمرہ" کو اردو پائی بتاتے ہیں۔
مگر یہ نہیں بتاتے، کہ کس زبان کا

ہے۔ نواب کلب علی خاں والیٔ ریاست
رامپور کے زمانہ میں پُرتگالی قرار
پایا تھا۔
آرام باشید مطمئن رہو۔
پلّہ۔ زینہ۔ سیڑھی۔
مرگِ خودم۔ اپنی جان کی قسم۔
یمین۔ قسم۔
دمِ در۔ دروازہ کے پاس۔
صَیحہ۔ فریاد۔ بانگ۔
این ولدی۔ این قُرّۃ عینی۔
کہاں ہے میرا بیٹا۔ کہاں ہے میری
آنکھوں کی ٹھنڈک۔ (دل کا سرور)
جیسا کہ مشہور ہے۔ صاحب منتخب
نے بھی "نور چشم" معنے لکھے ہیں۔ مگر
دوسرے لغات میں قُرّۃ کے معنی نور
کے نہیں ملتے۔ لازمی معنے ہو سکتے
ہیں نہ وضعی۔
بفرمائید۔ تشریف رکھئے۔
در تخت راحت است۔ سریر
پر لیٹا سو رہا ہے۔
واولدا۔ ہائے بیٹے۔

نرگس چشم۔ مشبہ بہ ہے مشبہ
مراد ہے۔
یا ولدی۔ اے میرے فرزند۔
این توئی۔ یہ تو ہی ہے۔
چرا مادر را در آغوش نمیکشی۔ پھر کیوں
ماں کو گلے نہیں لگاتے۔
بادِ سموم۔ ہوائے گرم۔ لُو۔

ہُوا ویران کیوں باغِ جوانی
اُڑا کیسے وہ رنگِ ارغوانی
جھکا کیوں اِسطرح سے قدِ رعنا
ہُوا کیوں بید مجنوں سروِ بالا
ترے غنچے میں پہلی سی نہیں آب
تری زلفوں سے کیوں جاتی رہی تاب

سلام دادن۔ سلام کرنا۔
ارغوان۔ ایک قسم کا سرخ
رنگ پھول۔
نہال سرفراز۔ شجر بلند۔ مراد قد۔
بید مجنوں۔ ایک قسم بید کی جس کی
شاخیں خمیدہ ہوتی ہیں۔
سروِ ناز۔ ایک قسم سرو۔ باقی دو قسمیں
سروِ سہی، اور سروِ آزاد ہیں۔

صفحہ ۱۷

غنچہ۔ مراد دہن۔
سنبل۔ مراد زلف۔
ہے گفت وہ ہے طپانچہ بر سر و صورت
میزد۔ کہتی جاتی تھی۔ اور سر پر تماچے
لگائے جاتی تھی۔ کلمہ (ہے) استمرار
فعل کیلئے لاتے ہیں۔
دست در بغل۔ بغلوں میں ہاتھ دیئے۔
صُمٌّ بُکمٌ۔ بہرا۔ گونگا۔
خیرہ خیرہ۔ بھونچکا ہو کر۔
دستگیر۔ معین و مددگار۔
فرو ماندہ۔ عاجز و لاچار۔
غرقہ۔ ڈوبا ہُوا۔
لُجّہ۔ سمندر کا گہرا مقام۔ گنڈا۔
وَرطہ۔ محلِ ہلاکت۔
نوحہ۔ گریہ۔
خارا۔ سنگ سخت۔
گفت و گفت۔ اتنا کہا۔ اتنا کہا۔
دست نزدیم تا خود بخود آید۔ میں نے
اُسے چھوا نہیں۔ (ہاتھ نہ لگایا) یہانتک

کہ اپنے آپ ہوش میں آئے۔
نگاہ دوختہ۔ ٹکٹکی لگائے (یا باندھے)
دلِ مارا کباب میکرد۔ میرا دِل بھونے ڈالتی تھی۔
نگاہِ مظلوماں۔ بے بسی اور حسرت کی نگاہ۔
مادر جان۔ جانِ مادر۔ ماں کے دلارے ماں کے لاڈلے۔ ماں کے پیارے۔
نوٹ:۔ سبحان اللہ کیا خوب جذباتِ مادری کی تصویر کھینچ رہا ہے۔
عقب کشیدن۔ پیچھے ہٹ جانا۔
بیمار بستری۔ وہ بیمار جو پلنگ سے اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔
من البدو الی الختم۔ ابتدا سے آخر تک۔

صفحہ ۱۸

اصغاء۔ سننا۔
لابدًا۔ مجبوراً۔ خواہ مخواہ۔
زورکی۔ بجبر۔

قدرے۔ تھوڑی دیر کیلئے۔
خوش آمدید۔ اہلاً وسہلاً و مرحباً۔
صحبت کردن۔ باتیں کرنا۔
ہماں آش است وہمہ کاسہ۔ کسی بات میں کچھ تغیر نہ ہونے کے وقت اِس مثل کو بولتے ہیں ؎
وہی لہنگا وہی پھاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے
وہی محبوب بھٹیاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے
قاشوق۔ (ترکی) چمچہ۔
تذکرہ جات۔ پاسپورٹ۔ پروانہ راہداری۔
بلیت۔ بلیط۔ ٹکٹ (ع. F) Billet
کشتی خدیوی۔ ایک جہاز کا نام خدیو مصر کے بادشاہ کو کہتے ہیں۔

صفحہ ۱۹

قحبتہ۔ ہرزگی و بیعاری Profligacy یہ معنی فرائد الدریہ میں ہیں۔ منجد وغیرہ میں نہیں ملے۔

شقاوت - وشقوہ - بدبختی -

یوم الاحد - یکشنبہ - اتوار

سپارش - سفارش، خواہش، حکم -

افکارِ سوداوی - خیالاتِ مجنونانہ -

ہمسالاں - ہمجولیاں - گوئیاں - ہم سن -

پیانو - انگریزی باجا -

ہمداستان - ہم کلام - یا - ہمدست - معین و مددگار -

علیٰ ہذا - اسی بنا پر -

صفحہ ۲۰

ازدواج - زوجہ ہونا - بیوی ہونا -

باختن - کھو بیٹھنا -

سرزنش - ملامت -

اگر گلِ چنیں بدنامی شگفتہ گردد - افسوس کے لائق بات ہو گی - اگر اس قسم کی بدنامی کا پھول کھلے -

درایت - دانائی -

صفحہ ۲۱

دررفتن - چھپ جانا - بھاگ جانا - نکل جانا - اُٹھ کے چلے جانا -

بعد از ابراہیم - ابراہیم کے سفر سے پلٹ آنے کے بعد -

مصافحہ - ہاتھ ملانا -

معانقہ - گلے ملنا -

شمندِفر - فرنچ کا لفظ ہے - اصلی معنے راہِ آہن (ریلوے) کے ہیں - مگر بہ معنیٰ "ریلگاڑی" مستعمل - اب ایران میں ریل کو علی العموم (ماشین) Machine کہتے ہیں -

Chemin - de - fer

حرکت کردن - چھوٹنا -

براہ انداختن - چھوڑنا -

سردستی بردن - ہاتھوں پر اُٹھا کے لے جانا -

ایستگاہ - گار - استاسیون - اسٹیشن

پیشوازیان - استقبال کرنیوالے

قائد - کسی شخص کا نام معلوم

ہوتا ہے -

صفحہ ۲۲

ما ھذا - یہ کیا ہو گیا ہے - یہ کیا حالت ہے -

زمزمہ کردن - چپکے چپکے کہنا -

ھذا ابراھیم - ابراہیم بیگ یہی ہے -

لا واللہ ماتشبہ بہ ابدا - نہیں خدا کی قسم اِس میں تو اُس کی چھینٹ بھی نہیں ہے -

رُوح - ہیرے جوہر ستھ - اِن دونوں جملوں میں صنعت طرد و عکس ہے -

فلکہ - فینس یا کسی قسم کی گاڑی -

لوندی - کوئی گاڑی شاید (لینڈو) ہو

دو راس گوسفند - کسی مہمان عزیز یا مسافر کے آنے پر دو بھیڑیں ذبح کرتے ہیں -

مغربی - ٹیونس اور الجزائر کے رہنے والیکو کہتے ہیں - کیونکہ یہ مقامات کنارۂ مغرب پر واقع ہیں -

صحن - حیاط - آنگن -

چادر - ایک قسم کا برقع -

معجر - اوڑھنی - دوپٹہ -

* مماطلہ - ڈھیل دینا - ٹالنا - تاخیر کرنا -

به { حِدت - تیزی و تندی } ڈانٹ کر
به { سَوْرت بفتح تیزی غضب } خفا ہو کر

سر پا ایستادن - کھڑے ہونا -

وساطت - بیچ میں پڑنا - دخل دینا -

صفحہ ۲۳

دو تا شدن - دو چند ہو جانا -

لطف اینجا بود - مزہ تو یہ تھا -

گم کردن - کھو بیٹھنا -

* مماطلہ معنی مذکور سے یہ لفظ اس محل پر اچھا نہیں معلوم ہوتا اور کوئی معنی مناسب محل لغات میں ملتے نہیں اسلئے میں مقابلہ - مدافعہ تجویز کرتا ہوں -

سید اولاد حسین شاداں بلگرامی

فوراً فرستادیم - اسی وقت کسی
آدمی کو بھیجا -
طبیب دائمی Family Doctor
تالار - بڑا کمرہ - ہال - Hall
کما حقہ - جیسا کہ ہونا چاہیے -
تنِ مسکیں مرا ایسا ہوا ہے غم سے فرسودہ
اگر میں سانس لوں اعضا مرے سارے بکھر جائیں،
دوشش بالا کشیدہ - شانے بلند کر کے
کندھے اٹھا کر، مراد منہ اٹھا کر - گردن
اٹھا کر -
نبضش گرفت - اسکی نبض دیکھی -
درجہ امتحان حرارت گذاشت
تھرمامیٹر لگایا Thermometer
کے نام فارسی میں چار ہیں (۱) گرما سنج
(۲) گرما نما (۳) میزان الحرارۃ -
نیز مقیاس الحرارۃ (۴) درجہ
پراکٹک مشق - (Fr) Practique
(Old Eng) Practicke or Practike
(New) Practice

مقدمہ - پہلے کے حالات -
ماوقع - سرگذشت، آپ بیتی - ماجرا -

اسلامبول - استنبول کا نام
قسطنطینیہ یونانی زبان کا لفظ
ہے -
ہر وقت - ہمیشہ -
موفق بشوی - بہ آرزو - برسئی -
پائیے -

صفحہ ۲۴

درد - بیماری -
تمہید کردن - قرار دادن - بنائے
کار گذاشتن - تجویز کردن -
آغاز یدن -
خواست کہ برود - جانا چاہتا تھا -
کجا - کہاں جاتے ہو -
مات - حیران، متعجب
اوح کردہ - ہائے کر کے -
ارے کر کے -
یگانہ - اپنے - خویش - شناسا -
ملاقاتی -

صفحہ ۲۵

ببیں چہ ہست - دیکھو کیا ہو رہا ہے دیکھو کیا تیار ہے -

طعام صرف شد - کھانا کھایا گیا -

اینہا سابقہ داشتہ اند - ابراہیم و محبوبہ میں پہلے سے آشنائی ہے -

خلوت کردہ - سب کو ہٹا کے - پردہ کرا کے -

چشماں دریدہ - آنکھیں پھٹی ہوئیں -

واداشتن - لگانا - مجبور کرنا - زور ڈالنا -

صفحہ ۲۶

یک روز پیشتر - ابراہیم بیگ کے مرنے سے ایک دن پہلے خدا میری جان لے لے -

غصہ - غم -

کما جری - جیسا کہ گذرا -

عصمت مجسّم - ذاتِ عصمت - ہمہ تن عصمت - تصویرِ عصمت -

آسودہ - مطمئن -

صغیراً و کبیراً - چھوٹے سے لیکر بڑے تک -

مشغول نمایند - مصروف رکھیں - لگائے رکھیں -

مناجات - خدا سے دعا مانگنا - نجویٰ سے بنا ہے - جسکے معنے چپکے چپکے باتیں کرنا - کانا پھوسی کرنا - ہیں -

برائے چنیں روزے - اسی دن کے لئے -

صفحہ ۲۷

لخت لخت - پارہ پارہ -

جامہ دان - سوٹ کیس - دوسرا نام جالباسی - Suit - Case, portmanteau

عوض نمودن یا۔ کردن۔ آتش کردن
کپڑے بدلنا۔
عزیمت۔ ارادۂ سفر۔ قصد سفر۔
روانگی۔
احوالش بہم خورد۔ طبیعت بگڑ
گئی۔
اظہار از برادرش کردہ۔ اپنے
بھائی کا حال دریافت کرنے لگا۔
پوچھنے لگا۔ یوں پڑھنا بہتر ہوگا۔
قدرے اظہار ممنونیت از برادرش
کردہ۔ اُس کے بھائی کا تھوڑا سا
شکریہ ادا کر کے۔
حرم۔ زنانہ۔
وادار نمودن۔ مجبور کرنا۔
وظیفہ۔ فرض۔ خدمت۔ Duty

صفحہ ۲۸

مالیات (ریوینیو) آمدنی مالی۔
خراج و باج۔
استبداد۔ حکومت مطلقہ سلطنت
بالاستقلال حکومت شخصی
Absolute Monarchy
حکومت مشروطہ۔ سلطنت جمہوری
Limited or constitutional
MONARCHY
اجحاف۔ بکسر الف و سکون جیم و فتح
حائے حطی بر کسے تنگ گرفتن۔
زیادہ بار کردن۔ ۔ ۔ ۔
to destroy to over
burden
لم یزرع۔ بے کاشت۔
قابان قاپانست۔ جاپان
جاپانست۔ چکہ چک۔ سوختا
سورخ است۔ یہ الفاظ حل نہ
ہوئے۔ بظاہر ترکی معلوم ہوتے ہیں
(قپان۔ ترازو۔ تک) (چپن۔ ایک
قسم کا کرتا) (چک = برات و قبالہ)
(سوغ = پیاز) یہ معانی برمحل نہیں۔
برائی العین دیدہ۔ اپنی آنکھوں
سے دیکھ لیا۔
روز خوش ما با شما بود۔ جب تک ہم تم میں تھے

مزہ میں تھے۔
باطوم۔ دریائے خزر (کیسپین سی) کے کنارے ایک بندر جو روس کا ہے اور مٹی کے تیل کے لئے مشہور ہے۔
کونک خوبے خوردہ۔ خوب ڈنڈے کھائے۔ خوب پٹا۔
سَقَط۔ سب وشتم چنانچہ گویند اسقط لہ فی الکلام (ای) سبّہ۔ و بمعنی متاع زبون و فضیحت۔ و ہر آں شئے کہ دراں خیر نباشد (منجد)
فُحش۔ القبیح من القول والفعل۔ سخن درشت گفتن۔ بُرا بھلا کہنا۔
بَشّاش۔ خوش خوش۔
مشعُوف۔ دیوانۂ محبّت۔ یہاں مراد بہت خوش۔

صفحہ ۲۹

صعُود۔ چڑھنا۔
بدیہہ۔ سبحان اللہ
کارخانہ آدم سازی۔ اسکول، کالج یونیورسٹی۔
شخصِ اوّل۔ بڑے مرتبہ والا۔
سررا بدستِ تکیہ دادہ۔ سر کو ہاتھ پر ٹیکے ہوئے۔ جیسا کہ حالتِ غم و فکر میں ہُوا کرتا ہے۔
سُوراخ۔ جھنجری۔ موکھلا۔

صفحہ ۳۰

لکۂ۔ بفتح داغ۔
لکۂ عذر۔ کلنگ کا ٹیکا۔
عُذر۔ عیب و گناہ (از منتخب اللغات) صاحب منجد کہتے ہیں۔ کہ جب اس کا تعدیہ (ب) سے ہوتا ہے۔ تو کثرتِ ذنوب اور عیوب کے معنے ہوتے ہیں۔
رومان۔ افسانہ یا ناول۔ (فرنچ کا لفظ ہے)
وخیم۔ بد
فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ

اِلَیۡھِنَّ وَاَعۡتَدَتۡ لَھُنَّ مُتَّکَاءً
وَّاٰتَتۡ کُلَّ وَاحِدَۃٍ مِّنۡھُنَّ سِکِّیۡنًا
وَّقَالَتِ اخۡرُجۡ عَلَیۡھِنَّ فَلَمَّا
رَاَیۡنَہٗۤ اَکۡبَرۡنَہٗ وَقَطَّعۡنَ اَیۡدِیَھُنَّ

جسوقت زلیخا نے اُن عورتوں کا طعنہ سنا انکو بلوا بھیجا - اور اُنکے لئے گاؤ تکیہ مہیا کیا - اور ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک چھری منگائی - یا - ہر ایک کو ایک چھری دیدے - اور یوسف سے کہا - انکے سامنے آجاؤ - جب ان عورتوں نے یوسف کو دیکھا - تو انکو بڑا مان لیا - اور اپنے ہاتھ کاٹ لیے - کہا جاتا ہے - کہ مصری عورتیں گاؤ تکیہ لگا کر ٹھٹے کیساتھ بیٹھا کرتی تھیں -

ایک قرأت مُتَّکًا کی مُتْکًا بھی ہے جس کے معنی اُترج یعنی نارنج کے ہیں - اِسی وجہ سے شعرا اِس واقعہ میں نارنج یا لیموں اور کارد کا ذکر کیا کرتے ہیں -

(از تفسیر حقانی)

مُتْک - مُتُک - مُتْکُ الاُترُج
(از لغت منجد) لیموے ترش Citron
اُترج Cedrat

جلسان صحیح چناں -

مرثیہ - مردہ پر رونا -

انشاد - گا کے پڑھنا -

مربّعات - علمِ عروض میں مربّع اُس شعر کو کہتے ہیں - جس کے دونوں مصرعوں کے وزن میں چار رُکن ہوں - اور فنِ شعر میں وہ نظم جسکے ہر بند میں چار مصرع ہم قافیہ ہوں یہاں پر چار چار مصرعوں کے دو بند زبان ترکی کے تھے - انکو مصحح نے حذف کر دیا - اِس لحاظ سے اچھا ہوا - کہ ہمیں زحمت سے بچ گیا - اور اِس لحاظ سے بُرا ہوا - کہ کتاب ناقص ہو گئی -

از مکتب الی الحال - مکتب سے لیکر اب تک -

مسلوب الاختیار - جس کا اختیار چھین لیا گیا ہو -

ایں سر و رخاک - اپنے آپ کو
زمین میں توپ دوں -

صفحہ ۳۱

سر آمدن - ختم ہو جانا -
مشروط بریں - مگر اس شرط
کے ساتھ -
کہ او خود را نمیداند - کہ جس کو خود
اپنی بھی خبر نہیں -
گرمابہ - حمام -
آذر - آتش -
چہ نشانہ از و باقی ست - اسمیں
رہا ہی کیا ہے -

صفحہ ۳۲

سر لفٹینانہ انگلیس - انگریزی
اسپتال کا افسر -
موعود - مقررہ -
صرف چائے - چائے پینا -

ایضاحات - ہسٹری - گذشتہ
واقعات مفصل -
لباس بیرون آوردن - کپڑے
اُتارنا -
زیر جامہ - پائجامہ -
لباس کندن - کپڑے اُتارنا -
گوش نہادن - کان لگا کر سننا
سینہ محل جگر و طحال و قلب پر ہاتھ
ہاتھ کی اُنگلیوں کو کسی قدر اونچا کرکے
ڈاکٹر رکھتے ہیں - اور داہنے ہاتھ کی
انگلیوں سے بجا کر دیکھتے ہیں - جو
آواز اسمیں سے نکلے اُس سے صحت و
سقم احشار کو معلوم کرتے ہیں -
ذرہ بین - خوردبین -
اِستنطاق - جرح و تحقیق کرنا -
سلسلہ - نسل - خاندان -
بون موت - گٹ پٹ (حکایت الصوت
گفتگوئے زبان فرنگی)
مُوسیو - جناب - مسٹر - آقا -
Monsieur, sir, mister,
و Master مسٹر بغیر اسم کے نہیں

بولتے - مگر مسیو - موسیو - Sir کی
طرح بغیر نام لئے بولتے ہیں -
تلفظ اس کا فرینچ میں Masye
ہے - اور بحالت جمع یوں Messieurs
ہے - جس کا تلفظ Masye ہوتا ہے
اصل میں یہ لفظ Monseigneur
تھا - Mon کے معنے My اور
Seigneur کے معنے Lord
Senior ہیں -

دردرا ما پیدا انکروبم - ہماری ہم
تشخیص نہ کر سکے -

احشاء - جمع حشو معنی بھرتی - وہ
اعضا جو کوٹھے Body کے اندر ہوتے
ہیں - جیسے دل، پھیپھڑا - جگر - تلی
گردہ - آنتیں وغیرہ - چونکہ ان چیزوں کو
ایکسرے سے دیکھتے ہیں - اس لئے
ممکن ہے - ذرۂ بین مخصوص سے
مراد X-rays ہو - جسے اہل طہران
اشعۂ مجہولہ کہتے ہیں - اور میں نے
ایکسرے کا ترجمہ عکس ریز کیا ہے
اور Cafe کا ترجمہ میں نے کیفے خانہ
کیا ہے - وہ ہوٹل جس میں چائے کافی
پیتے اور کھیل کھیلتے ہیں - گاتے بجاتے
ہیں - اور عیاشی بھی کرتے ہیں -
Cafe کا تلفظ کفے ہے -

دوائے مشروبی - پینے کی دوا -

مشمع - موم جامہ - پھایا Oil Cloth
شمع عربی میں موم کو کہتے ہیں Plaster

بہر حیلہ و التماس - ہر تدبیر اور
خوشامد سے -

سوپ (فرنگی یخنی) -

نان پختہ - روٹی جو کچی نہ رہے -

نان فطیر - توے کی روٹی -
Unleavened Bread

نان خمیر - تندوری (تنوری)
Leavened Bread

نان سنگک - نان ساجی - گرم
کئے ہوئے - پتھر پر پکائی ہوئی روٹی
Long flaps of Bread Cake
baked on stones

نان خانگی - گھر کی پکی روٹی - Round
Home-made bread

نان بیات۔ شب ماندہ۔ باسی روٹی
Stale bread
نان دو آتشہ۔ ایک مرتبہ پکانے
کے بعد دوبارہ سینکے ہوئی روٹی
جیسے توس یا رسک ہوتے ہیں۔
Rusk
کماچ۔ شیریں یا شکری۔ Bun
کلوچہ یا کلیچہ۔ کلچہ۔ Cake
قرص نان۔ Loaf Bread
گردہ نان۔ ڈبل روٹی۔
خبز۔ روٹی (عربی)
بقساط۔ بسکٹ Biscuit
قسمے از کلوچہ یا کماچ۔
کلوچہ۔ Pastry
عیب ندارد۔ کچھ ہرج نہیں۔

صفحہ ۳۳

حاضر باشد۔ تیار رہے۔
روزہ گرفتن۔ فاقہ کرنا۔
دخیلم۔ خدا کی پناہ۔ دہائی ہے۔

عتیق و جدید۔ پرانی اور نئی۔
ادارۂ صحیہ۔ محکمہ صحت۔
Medical Department
استناد۔ سند حاصل کرنا۔
فن۔ شعبہ
ہر دو۔ مراد مجوبہ و ابراہیم۔ یا۔
دونوں تدبیریں۔ ایک تو حکمت عملی
دوسرے معالجہ۔
پرستار۔ خدمتگار۔ غلام۔ تیماردار۔
ورد زبان۔ زبان پر چڑھا ہوا۔

صفحہ ۳۴

ساطور۔ چھرا۔ بغدا۔
کارد با ساطور کشیدن۔ چھری
کو چھرے پر رگڑنا۔ جیسا کہ قصابوں کا
دستور ہے۔
تہیگاہ۔ سرین۔ چوتڑ
کفل۔ پٹھا۔
علف۔ گھاس۔ چارہ۔
بجور شاید بجو ہے بمعنی تلاش کر۔

یا مطلوب بنایا جائے۔
سروکار۔ لگاؤ لگا۔ تعلق آنکھ لگانا۔
ایاب و ذہاب۔ آمد و رفت۔
اکل و شرب۔ کھانا پینا۔
حاشا ثم حاشا۔ حاشا و کلا۔ کبھی بھی نہیں۔ ہرگز نہیں۔
ادعا۔ دعوی کرنا۔

صفحہ ۳۵

استنباط۔ کسی چیز سے کچھ اخذ کرنا و استخراج۔
یگان یگان۔ ایک ایک کرکے۔
ارس۔ نام دریا جو سلطنت ایران و روس میں بجانب شمال و مغرب حد فاصل ہے۔

صفحہ ۳۶

قانونے درکار نیست۔ کسی قانون پر عمل نہیں۔ کوئی قانون جاری نہیں۔

از جہت ہمیں فقرہ۔ ایک بات کیلئے۔ اسی بات پر۔
حدت و غیظ۔ تیزی و غضب
بلیہ۔ مصیبت و بلا۔
عشق او ہام۔ جسم دار چیز ہو، یا صرف نام والی وجود رکھتی ہو، یا نہ رکھتی ہو۔ ان سب کے ساتھ عشق میں کوئی فرق نہیں ہے۔
تفصیل وارد۔ تفصیل چاہتا ہے
عشق۔ افراطِ محبت کا نام ہے
عشق بیوقوف ہی کو لاحق ہوتا ہے کیونکہ افراط و تفریط میں وہی مبتلا ہوگا۔ جس کا دماغ صحیح نہ ہو۔ عشقہ سے مشتق ہے۔ ایک گھاس ہے جو سوت کی طرح ہوتی ہے اس کی جڑ نہیں ہوتی۔ جس درخت پر پھیلتی ہے اسے خشک کردیتی ہے۔ یہی حال عشق کا ہے۔
شیخ عزالدین بن جماعہ کہتے ہیں۔ کہ عشق اور شوق اکثر مہلک ہوتے ہیں۔ مگر جب نہیں۔ علاقہ

